تصدیق شدہ اشاعت
گجرات، گوجرانوالہ، لاہور، اسلام آباد، خیبر پختونخوا کا واحد ترجمان منفرد روزنامہ اخبار
DAILY POWER OF PAKISTAN ISLAMABAD
★★★ ہر خبر آپ تک ★★★
روزنامہ پاور آف پاکستان اسلام آباد
Power of Pakistan News Agency
چیف ایڈیٹر: مرزا حماد علی
powerofpakistannewsagency.online
جلد نمبر 02 | پیر 15 دسمبر 2025، 23 جمادی الثانی 1447ھ | صفحات 08 قیمت 20 روپے | شمارہ نمبر 121

وزیراعلیٰ مریم نواز شریف سے نیدرلینڈز کے سفیر رابرٹ جان سیگرٹ کی ملاقات، سرمایہ کاری اور موسمیاتی تبدیلی پر تبادلہ خیال

پاکستان اور نیدرلینڈ کے درمیان تعاون کو مزید آگے بڑھانے کے خواہاں ہیں: مریم نواز

براہ راست فضائی رابطے کی بحالی کی خواہش کا اظہار، اعلیٰ تعلیمی اداروں، ٹیکنیکل ٹریننگ، واٹر مینجمنٹ تعلیم اور تحقیق میں ڈچ تعاون بڑھانے پر اتفاق

لاہور (این این آئی) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف سے نیدرلینڈز کے سفیر رابرٹ جان سیگرٹ نے ملاقات کی۔ اس موقع پر تجارت، سرمایہ کاری، زراعت، پانی کے (بقیہ نمبر 1)

لاہور: چیئرمین سینیٹ سید یوسف رضا گیلانی پاکستان نیوی وار کالج لاہور میں پاکستان نیوی کی سکیورٹی ورکشاپ کی اختتامی تقریب سے خطاب کر رہے ہیں۔

ہمارا مشن نئی کوششوں کو مربوط کرنا اور ٹیکنالوجیز کو بہتر بنانا ہے، وفاقی وزیر صحت

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر صحت سید مصطفیٰ کمال نے پاکستان کیلئے تازہ ترین یونیورسل ہیلتھ (بقیہ نمبر 2)

جنرل فیض حمید کی سزا کسی حکومت یا جماعت کی فتح نہیں، طارق فضل چوہدری

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر پارلیمانی امور ڈاکٹر طارق فضل چوہدری نے کہا ہے کہ جنرل فیض (بقیہ نمبر 3)

اشک آباد: وزیراعظم محمد شہباز شریف امن اور اعتماد کے عالمی سال 2025، غیر جانبداری کے عالمی دن اور مستقل غیر جانبداری کی 30 ویں سالگرہ کے موقع پر بین الاقوامی فورم سے خطاب کر رہے ہیں۔

وزیراعظم کی ترکمانستان میں عالمی رہنماؤں کے ہمراہ یادگار غیر جانبداری پر حاضری

شہباز شریف کا روس اور ترک اور ترکمانستان کے صدور سے خوشگوار جملوں کا تبادلہ بھی ہوا

اشک آباد (این این آئی) وزیراعظم محمد شہباز شریف نے جمعہ کی صبح عالمی رہنماؤں کے ہمراہ ترکمانستان کی مستقل غیر جانبداری کی پالیسی کی علامت "یادگار غیر جانبداری" کا دورہ کیا۔ وزیراعظم شہباز شریف نے ترکمانستان کے دارالحکومت اشک آباد میں یادگار (بقیہ نمبر 4)

ترک صدر کی روسی ہم منصب سے ملاقات، یوکرین جنگ پر گفتگو

اشک آباد (این این آئی) ترک صدر رجب طیب اردوان کی ترکمانستان میں (بقیہ نمبر 5)

این ایف سی ایوارڈ تمام اکائیوں کا حق، گلگت و آزاد کشمیر کو بھی حصہ ملنا چاہئے: نواز شریف

پارٹی کے اندر لڑائی برداشت نہیں کی جائے گی، اگر کوئی ملوث ہے تو اس کو باہر رکھا جائے، صدر مسلم لیگ (ن) و سابق وزیراعظم

لاہور (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے صدر و سابق وزیراعظم نواز شریف نے کہا ہے کہ وفاقی حکومت کو گلگت بلتستان اور آزاد کشمیر کے مطالبے سے پہلے ہی نیشنل فنانس کمیشن (این ایف سی) میں حصہ دینا چاہیے، میں خود اس بارے وزیراعظم سے بات کروں گا، آزاد کشمیر اور گلگت بلتستان میں رائے عامہ بہتر لگتی ہے، فضاء اچھی ہے اس لیے انتخابات میں نتیجہ بھی اچھا آنا چاہیے، پارٹی کے اندر لڑائی برداشت نہیں کی جائے گی، (بقیہ نمبر 6)

پاکستان نے کرپٹو کرنسی کی تیاری کیلئے بائنانس اور ایچ ٹی ایکس کو اجازت نامہ جاری کر دیا

بائنانس، ایچ ٹی ایکس کو پاکستان میں کرپٹو اور ڈیجیٹل کرنسی کی ابتدائی تیاری، مشاورتی سرگرمیاں کی اجازت ہوگی، این او سی

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان نے کرپٹو اور ڈیجیٹل کرنسی کی تیاری اور سرگرمیوں کیلئے بائنانس اور ایچ ٹی ایکس کا اجازت نامہ دے دیا۔ نجی ٹی وی کے مطابق پاکستان ورچوئل ایسٹس ریگولیٹری اتھارٹی (پی وی آر اے) کی جانب سے بائنانس اور ایچ ٹی ایکس کو این او سی جاری (بقیہ نمبر 7)

بلاول بھٹو پنجاب میں خوش آمدید پر وزیراعلیٰ مریم نواز کے مشکور

لاہور (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری نے (بقیہ نمبر 8)

جدید ٹیکنالوجی تک منصفانہ رسائی کیلئے اور امتیاز برتنا ناگزیر ہے: شہباز شریف

سماجی و اقتصادی ترقی اور عوام کی فلاح و بہبود پاکستان کی حکومت کی اولین ترجیح ہے، موسمیاتی تبدیلیوں کی وجہ سے ہونے والے نقصانات سے ترقی پذیر ممالک کو مشکلات کا سامنا ہے، تنازعات کا پرامن حل پاکستان کی خارجہ پالیسی کا بنیادی ستون ہے

پاکستان عالمی امن و سلامتی کے فروغ کیلئے بھرپور کردار ادا کر رہا ہے، دہشت گردی کے خاتمے کیلئے پرعزم ہیں، عالمی برادری افغان طالبان رجیم پر زور دے کہ وہ اپنی سرزمین سے دہشت گرد کارروائیاں بند کرائے

اشک آباد (این این آئی) وزیراعظم محمد شہباز شریف نے کہا ہے کہ دہشتگردی کا نیا خطرہ افغانستان سے اٹھ رہا ہے، عالمی برادری افغان حکومت پر ذمہ داریوں کی ادائیگی کیلئے زور ڈالے، موسمیاتی تبدیلی اور عدم مساوات ترقی پذیر ممالک کے بڑے چیلنجز ہیں، دنیا کو صفر جمع سوچ سے نکل کر مشترکہ تعاون اپنانا ہوگا۔ جمعہ کو ترکمانستان کے شہر اشک آباد میں عالمی امن فورم سے خطاب کرتے ہوئے شہباز شریف نے کہا کہ 2025 کو بین الاقوامی سال برائے امن قرار دینا خوش آئند ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان عالمی امن کے لیے بھرپور کردار ادا کر رہا ہے، تنازعات کا پر (بقیہ نمبر 10)

لاہور: وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف سے نیدرلینڈز کے سفیر رابرٹ جان سیگرٹ ملاقات کر رہے ہیں۔

محسن نقوی کی عراقی ہم منصب سے ملاقات، زائرین کی سہولت کے نئے اقدامات پر اتفاق کیا

عراقی وزیر داخلہ عبدالامیر الشمری کا جلد پاکستان کا دورہ کرنے کا اعلان

برسلز (این این آئی) وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی اور عراقی وزیر داخلہ جنرل عبدالامیر الشمری کے درمیان برسلز میں اہم ملاقات ہوئی جس میں پاک عراق دوطرفہ تعلقات، سیکیورٹی تعاون اور زائرین کی سہولت کیلئے کیے جانے والے اقدامات پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ ملاقات (بقیہ نمبر 9)

پی ٹی آئی کی سیاسی کمیٹی کی دوبارہ تشکیل، علی امین گنڈاپور شامل نہیں، نوٹیفکیشن جاری

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف (پی ٹی آئی) نے سیاسی کمیٹی کی ازسرنو تشکیل (بقیہ نمبر 11)

وزیر خارجہ اسحاق ڈار 16 ویں سر بنی یاس فورم میں شرکت کریں گے

اسلام آباد (این این آئی) نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ سینیٹر محمد اسحاق ڈار متحدہ عرب امارات کے (بقیہ نمبر 12)

جنرل فیض حمید کو سزا آئین سے انحراف کرنے والوں کیلئے عبرت ہے، لیاقت بلوچ

لاہور (این این آئی) نائب امیر جماعت اسلامی پاکستان لیاقت بلوچ نے کہا ہے کہ جنرل فیض حمید کو (بقیہ نمبر 13)

پنجاب میں پاکستان کی پہلی ای رجسٹریشن سہولت کا آغاز

یہ سسٹم پنجاب بھر میں یونین کونسل کی سطح تک منسلک ہوگا، اکیسویں صدی آئی ٹی کی صدی ہے، ہر شعبہ ڈیجیٹائز ہو رہا ہے

لاہور (بیورو رپورٹ) محکمہ بلدیات پنجاب نے نادرا کے اشتراک سے سی آر ایم ایس ایپ لانچ کر دی، ایپ کے ذریعے پیدائش، اموات، شادی اور طلاق کا گھر بیٹھے آن لائن اندراج ہو سکے گا۔ وزیر بلدیات ذیشان رفیق نے ای رجسٹریشن ایپ کا باضابطہ افتتاح کیا، تقریب میں (بقیہ نمبر 14)

ورلڈ بینک کے بعد ایشیائی ترقیاتی بینک کی پاکستان کیلئے قرض کی منظوری

پاکستان کیلئے 54 کروڑ ڈالر کے دو منصوبوں اور ورلڈ بینک نے پاکستان کیلئے 40 کروڑ ڈالر فنانسنگ کی منظوری دی

اسلام آباد (این این آئی) عالمی بینک کے بعد ایشیائی ترقیاتی بینک (اے ڈی بی) نے پاکستان کیلئے قرض کی منظوری دے دی جبکہ پاکستان کیلئے 54 کروڑ ڈالر کے دو منصوبوں اور ورلڈ بینک نے پاکستان کے لیے 40 کروڑ ڈالر فنانسنگ کی منظوری دی۔ جمعے کو اے ڈی بی نے پاکستان کے لیے مجموعی طور پر 54 کروڑ ڈالر کے دو منصوبوں کی منظوری دے دی ہے، جن میں ایک رزلٹ بیسڈ لون پروگرام اور سندھ میں ماحولیاتی (بقیہ نمبر 28)

مریم اورنگزیب کی برطانیہ کی وزیر مملکت برائے عالمی ترقی اور برطانوی ہائی کمشنر سے ملاقات

دوطرفہ تجارت، سرمایہ کاری، ترقیاتی تعاون اور یو کے پاکستان گرین کمپیکٹ کے تحت مشترکہ ماحولیاتی اہداف پر بات چیت کی گئی

لاہور (این این آئی) سینئر صوبائی وزیر پنجاب مریم اورنگزیب نے برطانیہ کی وزیر مملکت برائے عالمی ترقی بیرونس جینیفر چیپ مین اور برطانوی ہائی کمشنر جین میریٹ کے ساتھ اہم ملاقات کی۔ ملاقات میں دوطرفہ تجارت، سرمایہ کاری، ترقیاتی تعاون اور یو کے پاکستان گرین کمپیکٹ کے تحت مشترکہ ماحولیاتی اہداف پر تفصیلی بات چیت کی گئی۔ دونوں وزرا نے موسمیاتی تبدیلی کے چیلنجز سے نمٹنے، گرین ٹیکنالوجی کے فروغ اور ماحولیاتی استحکام کے لیے تعاون کو (بقیہ نمبر 16)

وزیراعلیٰ مریم نواز کی پنجاب اسمبلی پارلیمنٹری رپورٹر پریس گیلری کے نومنتخب عہدیداروں کو مبارکباد

لاہور (این این آئی) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے پنجاب اسمبلی پارلیمنٹری رپورٹر پریس گیلری کے نومنتخب عہدیداروں کو مبارکباد دی ہے۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے نومنتخب صدر خواجہ نصیر، سیکرٹری عباس حیدر نقوی، جائنٹ سیکرٹری فرزند علی اور اسسٹنٹ (بقیہ نمبر 15)

پنجاب، نومبر میں 4 ماحولیاتی نمونوں میں پولیو وائرس رپورٹ

نئی قومی انسداد پولیو مہم کا آغاز پیر 15 دسمبر سے ہوگا، انچارج پروگرام عدیل تصور

لاہور (این این آئی) پنجاب میں گزشتہ ماہ نومبر میں 4 ماحولیاتی نمونوں میں پولیو وائرس رپورٹ ہوا ہے۔ انچارج انسداد پولیو پروگرام عدیل تصور کے مطابق صوبے میں جنوری میں 14 اور اکتوبر میں 12 مثبت نمونے پائے گئے تھے، جو اب صرف 4 رہ گئے ہیں۔ انہوں نے بتایا کہ نئی قومی انسداد پولیو مہم کا آغاز پیر 15 دسمبر سے ہو رہا ہے۔ انچارج پروگرام عدیل تصور نے کہا کہ 2 لاکھ سے زائد پولیو ورکرز 1.7 کروڑ بچوں کو ویکسین پلائیں گے۔



لاہور: وزیر توانائی پنجاب ملک فیصل ایوب کھوکھر کو الیکٹرک پاور ریگولیٹری اتھارٹی پنجاب کے قیام بارے بریفنگ دی جا رہی ہے۔

لاہور: پاکستان مسلم لیگ (ن) کے صدر و سابق وزیراعظم نواز شریف گلگت بلتستان اور آزاد کشمیر کے پارٹی رہنماؤں سے گفتگو کر رہے ہیں۔

کرسمس کی تیاریاں عروج پر، بازاروں میں رش، یوحنا آباد کو دلہن کی طرح سجا دیا گیا

خالق نگر (این این آئی) دنیا بھر کی طرح پاکستان میں بھی مسیحی برادری کی جانب سے کرسمس کی تیاریاں عروج پر پہنچ گئی ہیں، گرجا گھروں میں عبادت اور رنگا رنگ تقریبات کا سلسلہ جاری ہے، تحصیل نشتر پریس کلب کی رپورٹ کے مطابق پاکستان میں مسیحیوں کی سب سے بڑی بستی یوحنا آباد کو دلہن کی طرح سجا (بقیہ نمبر 29)

ہارون اختر خان سے ترک وفد کی ملاقات

سرمایہ کاری، جوائنٹ وینچرز اور کاروباری سہولتوں کے فروغ پر تبادلہ خیال

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم کے معاون خصوصی برائے صنعت و پیداوار ہارون اختر خان سے ترکی کے بزنس وفد نے ملاقات کی، جس میں پاکستان اور ترکی کے درمیان سرمایہ کاری، جوائنٹ وینچرز اور کاروباری سہولتوں کے فروغ پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ اجلاس میں پی آئی ڈی سی، سمیڈا اور انجینئرنگ ڈویلپمنٹ بورڈ کے چیف ایگزیکٹوز سمیت سرکاری و نجی شعبے کے نمائندے شریک ہوئے۔ ہارون اختر خان نے کہا کہ وزیراعظم شہباز شریف کا وژن برادر ممالک (بقیہ نمبر 17)

ملکی سالمیت کے خلاف چلنے والوں سے آہنی ہاتھوں سے نمٹا جائے گا: بلاول

تمام سیاسی جماعتیں اپنے دائرہ کار میں رہ کر سیاست کریں، خود پنجاب کی گلی گلی محلے محلے جاؤں گا

لاہور (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری نے کہا ہے کہ تمام سیاسی جماعتیں اپنے دائرہ کار میں رہ کر سیاست کریں، ملکی سالمیت کے خلاف چلنے والوں کے ساتھ آہنی ہاتھوں سے نمٹا جائے گا، میں خود پنجاب کی گلی گلی محلے محلے جاؤں گا اور لوگوں کے مسائل حل کرنے کی کوشش کروں گا، پیپلز پارٹی کے کارکن اپنے آپ کو تنہا نہ سمجھیں، اب پنجاب کے عوام سے ملاقاتوں کا سلسلہ رکنے والا نہیں۔ (بقیہ نمبر 19)

گورنر خیبر پختونخوا کا وزیراعظم سے صوبے میں چار دانش اسکول بنانے کا مطالبہ

پشاور (این این آئی) گورنر خیبر پختونخوا نے وزیراعظم شہباز شریف سے صوبے میں چار دانش اسکول بنانے کا مطالبہ کر دیا ہے۔ تفصیلات کے مطابق دانش اسکول چترال، پشاور، ڈی آئی خان اور ملاکنڈ میں بنانے کا مطالبہ کیا گیا ہے جبکہ وزیراعظم نے چترال میں دانش سکول کا اعلان کر دیا ہے۔ گورنر خیبر پختونخوا فیصل کریم کنڈی نے صحافیوں کو ایک ملاقات کے دوران (بقیہ نمبر 30)



لاہور وزیر بلدیات پنجاب ذیشان رفیق پاکستان کی پہلی آن لائن رجسٹریشن ایپ کی لانچنگ تقریب سے خطاب کر رہے ہیں۔

پنجاب حکومت، ٹرانسپورٹرز کے درمیان مذاکرات کامیاب، ٹرانسپورٹرز کا ہڑتال ختم کرنے کا اعلان

سینئر صوبائی وزیر مریم اورنگزیب کی سربراہی میں ہونے والی بات چیت میں ٹرانسپورٹرز کے تحفظات دور کرنے پر اتفاق

لاہور (این این آئی) پنجاب حکومت اور ٹرانسپورٹرز کے درمیان مذاکرات کامیاب ہو گئے اور ٹرانسپورٹرز نے ہڑتال فوری طور پر ختم کرنے کا اعلان کر دیا۔ پنجاب کی سینئر صوبائی وزیر مریم اورنگزیب کی سربراہی میں ہونے والی بات چیت میں ٹرانسپورٹرز کے تحفظات دور کرنے پر اتفاق کیا گیا۔ وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی ہدایت پر ٹرانسپورٹرز کے مسائل کے حل کے لیے ایک اعلیٰ سطح کی کمیٹی تشکیل دے دی گئی ہے۔ کمیٹی کی سربراہی سینئر صوبائی وزیر مریم اورنگزیب (بقیہ نمبر 31)

پاکستان اور یمن کا تجارتی و اقتصادی تعاون مزید مضبوط بنانے پر اتفاق

وزیر تجارت جام کمال خان سے یمن کے سفیر محمد مطہر الاشبعی کی ملاقات

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان اور یمن نے تجارتی و اقتصادی تعاون مزید مضبوط بنانے پر اتفاق کر لیا۔ وفاقی وزیر تجارت جام کمال خان سے یمن کے سفیر محمد مطہر الاشبعی نے ملاقات کی۔ دونوں رہنماؤں نے دوطرفہ تجارت اور اقتصادی تعاون مضبوط بنانے کے عزم کا اظہار کیا۔ ملاقات میں ادارہ جاتی تعاون کے فروغ اور رابطہ سازی بڑھانے پر مکمل اتفاق کیا گیا۔ یمنی سفیر نے پاکستان اور یمن کے درمیان تعلقات اور تجارتی روابط کو مزید آگے بڑھانے (بقیہ نمبر 18)

ملک میں دوسرے ہفتے بھی ہفتہ وار مہنگائی میں کمی

اسلام آباد (این این آئی) ملک میں دوسرے ہفتے بھی ہفتہ وار مہنگائی میں 0.03 فیصد کمی واقع ہوگئی ہے۔ وفاقی ادارہ شماریات نے مہنگائی سے متعلق ہفتہ وار رپورٹ جاری کر دی جس کے مطابق سالانہ بنیاد پر بھی مہنگائی 3.90 فیصد پر آ گئی، حالیہ ہفتے 12 اشیائے ضروریہ مہنگی، (بقیہ نمبر 21)

نئے صوبوں کا معاملہ، ایم کیو ایم نے بھی عبدالعلیم خان کی تجویز کی حمایت کر دی

نئے صوبے ملک اور عوامی مسائل کے حل کیلئے ناگزیر، کم از کم بارہ بننے چاہئیں، امین الحق

اسلام آباد (این این آئی) ملک میں نئے صوبوں کے قیام کا مطالبہ زور پکڑ گیا، ایم کیو ایم پاکستان بھی استحکام پاکستان پارٹی کی ہم آواز بن کر عبدالعلیم خان کی تجویز کی حمایت میں سامنے آ گئی۔ ایم کیو ایم کے سینئر رہنما اور رکن قومی اسمبلی امین الحق نے نجی ٹی وی سے گفتگو میں کہا کہ نئے صوبے ملک اور عوامی مسائل کے حل کیلئے ناگزیر ہو چکے ہیں، ملک میں کم از کم بارہ صوبے بننے چاہئیں، (بقیہ نمبر 20)

9 مئی سے تعلق ثابت ہوا تو فیض حمید سمیت تمام ذمہ داران کے خلاف کارروائی ہوگی: رانا ثنا اللہ

پریس ریلیز میں جس سیاسی انتشار کا حوالہ دیا گیا وہ براہ راست 9 مئی کے واقعات کی طرف اشارہ کرتا ہے، انٹرویو

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم کے مشیر برائے سیاسی امور رانا ثناء اللہ نے کہا ہے کہ اگر شواہد ثابت ہو جائیں تو بانی پی ٹی آئی سمیت 9 مئی کے واقعات میں ملوث ہر شخص کا ٹرائل اور قانونی احتساب ہو سکتا ہے۔ نجی ٹی وی چینل کو دیئے گئے ایک انٹرویو میں رانا ثناء اللہ نے کہا کہ سیاسی مداخلت کے تانے بانے اگر 9 مئی کے واقعات سے ملتے ہیں تو قانون کے مطابق کارروائی ہو گی، اگر یہ ثابت ہوا تو پھر فیض حمید (بقیہ نمبر 32)

لاہور: آئی جی پنجاب ڈاکٹر عثمان انور لیگل انسپکٹرز کی پروموشن اور سروس سٹرکچر کے بارے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں۔

آر ٹی او ایبٹ آباد کی کارروائی، غیر قانونی سگریٹ بنانے کا بڑا کارخانہ پکڑا گیا

ایبٹ آباد (این این آئی) آر ٹی او ایبٹ آباد نے غیر قانونی سگریٹ بنانے کا بڑا کارخانہ پکڑ لیا، MK-8 مشینیں، پیکنگ یونٹس اور بڑی مقدار میں تمباکو کی ناجائز مصنوعات ضبط کر لیا گیا۔ تفصیلات کے مطابق ریجنل ٹیکس آفس ایبٹ آباد نے تمباکو کی غیر قانونی تجارت کے خلاف بڑی کارروائی کرتے ہوئے ایک آپریشنل غیر قانونی سگریٹ کارخانہ کو سیل کر دیا ہے، جس میں (بقیہ نمبر 22)

لاہور: وزیر ہاؤسنگ پنجاب بلال یاسین اور عالمی میڈیا کے نمائندگان "اپنی چھت اپنا گھر" پروگرام سے مستفید فرد سے گفتگو کر رہے ہیں۔

شعبہ لائیو سٹاک کی ترقی اور درپیش چیلنجز کے حل کیلئے ہر ممکن کوشش کی جائے گی: سیکرٹری لائیو سٹاک

محکمہ لائیو سٹاک میں ترقیاتی منصوبہ جات، اصلاحات اور مستقبل کی حکمت عملی کے حوالے سے اہم اجلاس

لاہور (این این آئی) شعبہ لائیو سٹاک کو درپیش چیلنجز اور فیلڈ سروسز کی بہترین فراہمی کے لیے قابل عمل منصوبہ بندی انتہائی اہم ہے جس سے اس شعبہ کو جدید خطوط پر استوار کیا جا سکے گا۔ ان خیالات کا اظہار سیکرٹری لائیو سٹاک احمد عزیز تارڑ نے ایک محکمانہ اجلاس کی صدارت کے دوران کیا۔ تفصیلات کے مطابق محکمہ لائیو سٹاک کی مستقبل حکمت عملی، شعبہ جاتی اصلاحات اور (بقیہ نمبر 26)

یقین ہے سابق آرمی چیف جنرل (ر) قمر جاوید باجوہ کا بھی ہوگا، سینیٹر ناصر بٹ

اسلام آباد (این این آئی) مسلم لیگ (ن) کے سینیٹر ناصر بٹ نے کہا ہے کہ قمر باجوہ اور تین ججوں کا احتساب ہونا چاہیے اور ان کے نام ای سی ایل میں شامل کرنے چاہیے۔ نجی ٹی وی چینل کو دیئے گئے ایک انٹرویو میں سینیٹر ناصر بٹ (بقیہ نمبر 27)

اسلام آباد میں بلدیات کے متبادل نظام لانے کی تیاریاں، وفاقی کونسل کی تشکیل زیر غور

وفاقی کونسل 15 سے 20 ارکان پر مشتمل ہوگی، کونسل میئر کا انتخاب کرے گی، ذرائع

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی دارالحکومت میں بلدیات کے متبادل نظام لانے کی تیاریاں، اسلام آباد میں وفاقی کونسل کی تشکیل زیر غور ہے۔ وفاقی کونسل 15 سے 20 ارکان پر مشتمل ہو گی، کونسل کی الگ اسمبلی اور ارکان کا انتخاب الیکشن سے ہوگا، کونسل میئر کا انتخاب کرے گی۔ ذرائع کے مطابق چیف کمشنر وفاقی کونسل میں چیف سیکرٹری کے فرائض انجام دیں گے، وفاقی کونسل بلدیاتی نظام کی جگہ لے گی۔ احسن اقبال کی صدارت میں کمیٹی نے مجوزہ نظام پر کام شروع کر دیا، (بقیہ نمبر 23)

رنگ روڈ پیدل عبور کرنے والے شہری پر مقدمہ درج

لاہور (این این آئی) رنگ روڈ کو پیدل عبور کرنے والے شہری کے خلاف مقدمہ درج کر لیا گیا۔ مقدمہ ڈیفنس سی پولیس اسٹیشن میں رنگ روڈ پولیس کے سینئر پیٹرولنگ آفیسر عامر محمود کی مدعیت میں درج کیا گیا۔ ایف آئی آر کے متن کے مطابق ارسلان نامی شہری نے نواز شریف (بقیہ نمبر 24)

کسٹمز کی رواں سال ایئرپورٹس پر کارروائیاں، کروڑوں روپے مالیت کا سونا، چاندی ضبط

قیمت میں تیزی سے اضافے کی وجہ سے ملک میں چاندی سمگلنگ کا رجحان بڑھا ہے، ایف بی آر

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان کسٹمز نے رواں مالی سال کے ابتدائی 5 ماہ کے دوران ایئرپورٹس پر کارروائیاں کرتے ہوئے 30 کروڑ 60 لاکھ روپے سے زائد مالیت کا سونا اور چاندی ضبط کر لیا۔ ایف بی آر کے مطابق رواں سال کے 5 ماہ کے دوران پاکستان کسٹمز نے ملک بھر کے بین الاقوامی ایئرپورٹس پر 2.73 کلوگرام سونا اور 359 کلوگرام چاندی ضبط (بقیہ نمبر 33)

لاہور کے داخلی راستوں پر چہرہ شناسائی کیمرے نصب

لاہور (این این آئی) صوبائی دارالحکومت لاہور میں جرائم پیشہ افراد کی آمد و رفت کی نگرانی سخت کرنے کیلئے لاہور پولیس اور سیف سٹی اتھارٹی نے جدید ٹیکنالوجی کا استعمال شروع کر دیا۔ اس مقصد کیلئے لاہور کے 6 بڑے داخلی راستوں پر فیشل ریکگنیشن کیمرے نصب کئے (بقیہ نمبر 34)

وفاقی وزیر برائے موسمیاتی تبدیلی اور ماحولیاتی رابطہ ڈاکٹر مصدق ملک نیروبی، کینیا میں منعقدہ اقوام متحدہ کی ماحولیاتی اسمبلی (UNEA-7) کے ساتویں اجلاس سے خطاب کر رہے ہیں۔

وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا کا یہی رویہ رہا تو گورنر راج کی ضرورت پڑ سکتی: رانا تنویر حسین

بانی پی ٹی آئی کو اڈیالہ سے کسی دوسری جیل منتقل کر دینا چاہیے تاکہ امن و امان کی صورتحال متاثر نہ ہو، وفاقی وزیر کی گفتگو

شرقپور شریف (این این آئی) وفاقی وزیر غذائی تحفظ اور ریسرچ رانا تنویر حسین نے کہا ہے کہ وزیر اعلیٰ خیبر پختونخوا آئے روز اڈیالہ جیل کے باہر تماشا لگا دیتے ہیں، جو مناسب طرز عمل نہیں، یہی رویہ برقرار رہا تو گورنر راج نافذ کرنے کی ضرورت پڑ سکتی ہے۔ وفاقی وزیر رانا تنویر حسین نے شرقپور شریف میں چیئرپرسن پنجاب سہولت بازار اتھارٹی افضل کھوکھر کے ہمراہ نئے سہولت بازار کا افتتاح کیا۔ اس موقع پر ڈپٹی کمشنر شیخوپورہ (بقیہ نمبر 25)

وفاقی دارالحکومت میں 4 روزہ انسداد پولیو مہم کا آغاز

مہم کا افتتاح ڈی سی اسلام آباد کی جانب سے فیض آباد بس اڈے پر مسافر بچے کو قطرے پلا کر کیا گیا

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی دارالحکومت میں چار روزہ انسداد پولیو مہم کا باقاعدہ آغاز ہو گیا۔ مہم کا افتتاح ڈپٹی کمشنر اسلام آباد نے فیض آباد بس اڈے پر ایک مسافر بچے کو پولیو سے بچاؤ کے قطرے پلا کر کیا۔ اس موقع پر اے ڈی سی ایسٹ، اے سی سٹی، انسداد پولیو پروگرام (بقیہ نمبر 36)

صحرائے تھر کی خوبصورتی کو دیکھنے کیلئے سیاحتی ٹرین سروس کا اعلان

کراچی (این این آئی) صحرائے تھر کی خوبصورتی کو دیکھنے کیلئے سیاحتی ٹرین سروس چلانے کا اعلان کر دیا گیا۔ کراچی (بقیہ نمبر 35)

رانا سکندر حیات کا کاؤنٹر نارکوٹکس فورس پنجاب کے ہیڈ آفس لاہور کا دورہ

منشیات کے پھیلاؤ کی روک تھام، تعلیمی اداروں کے گرد کڑی نگرانی سمیت دیگر امور پر تفصیلی بریفنگ

لاہور (این این آئی) وزیر تعلیم پنجاب رانا سکندر حیات نے کاؤنٹر نارکوٹکس فورس پنجاب کے ہیڈ آفس لاہور کا دورہ کیا، جہاں انہیں صوبے بھر میں منشیات کے پھیلاؤ کی روک تھام، تعلیمی اداروں کے گرد کڑی نگرانی، منشیات فروشوں اور اسمگلرز کی حوصلہ شکنی کے لیے جدید میکانزم پر تفصیلی بریفنگ دی گئی۔ مظہر اقبال نے وزیر تعلیم کو فورس کے موجودہ آپریشنل ماڈل، حساس مقامات کی نشاندہی، ریڈ زونز کی تشکیل اور ٹیکنالوجی بیسڈ سرویلنس سسٹم سے متعلق آگاہ کیا۔

نشتر بازار الیکشن، امیدواروں میں کانٹے کا مقابلہ، زید سلطان کا پلڑا بھاری

الیکشن میں صدر کے امیدوار ملک زید سلطان، ملک شہزاد اور طارق گجر جیتنے کے لئے ایڑی چوٹی کا زور لگا رہے ہیں

خالق نگر (این این آئی) نشتر بازار کے الیکشن میں امیدواروں کے درمیان کانٹے کا مقابلہ دیکھنے کو ملے گا، 14 دسمبر بروز اتوار کو نشتر بازار کے الیکشن ہو رہے ہیں، جسکے لئے دکانداروں نے نشتر بازار کو امیدواروں کی بڑی بڑی فلیکسوں سے سجا رکھا ہے اس الیکشن میں سابق صدور طارق گجر اور زید سلطان کے ساتھ ساتھ نوجوان ملک شہزاد پہلی بار صدر کے امیدوار کے طور پر سامنے آیا ہے، سینئر صحافی و کالم نگار ایم اے تبسم کی رپورٹ کے مطابق نشتر بازار کے الیکشن کے حوالے سے دکانداروں نے ملے جلے تاثرات کا اظہار کیا، دکانداروں کے مطابق گزشتہ صدور نے نشتر بازار کے مسائل حل نہیں کروائے، نشتر بازار میں نہ تو سیکیورٹی کے انتظامات کئے گئے اور نہ ہی سی سی ٹی وی کیمرے لگوائے گئے دکاندار اپنی مدد آپ کے تحت تمام مسائل حل کروا رہے ہیں۔

برائلر گوشت کی قیمت میں مزید 7 روپے کلو کمی

لاہور (این این آئی) شہر میں پرچون سطح پر فی کلو برائلر گوشت کی قیمت 7 روپے کمی سے 475 روپے، زندہ برائلر مرغی کی قیمت 5 روپے کمی سے 328 روپے کلو جبکہ فارمی انڈوں کی قیمت ایک روپے اضافے سے 354 روپے فی درجن کی سطح پر رہی۔ اوپن مارکیٹوں میں بعض مقامات پر دکاندار برائلر گوشت سرکاری نرخ کی بجائے 30 روپے زائد پر فروخت کرتے رہے۔

پشاور: وزیر صحت خلیق الرحمان انسداد پولیو مہم کے افتتاح کے موقع پر میڈیا سے گفتگو کر رہے ہیں۔

پی جے ایس اے نے جاپانی زبان کے تقریری مقابلے منعقد کیے

پاکستانی طلبا میں جاپانی زبان سیکھنے کا شوق بڑھنا خوش آئند ہے: سید ندیم عالم شاہ کا تقریب سے خطاب

کراچی (این این آئی) پاکستانی معاشرے میں جاپانی زبان کو فروغ دینے کیلئے (پی جے ایس اے) کے زیر اہتمام جاپانی زبان کے تقریری مقابلے منعقد ہوئے، جس میں طلبا کی بڑی تعداد نے حصہ لیا۔ مقامی ہوٹل میں منعقد ہونے والی اس شاندار تقریب کے مہمان خصوصی جاپان کے اعزازی قونصل جنرل سید ندیم عالم شاہ تھے دیگر مہمانوں میں جائیکا کے پراجیکٹ فارمولیشن ایڈوائزر ہیدی کازو تانی مورا، پاکستان جاپان کلچرل ایسوسی ایشن لاہور کی صدر پروفیسر غزالہ، بریگیڈیئر ریٹائرڈ حزب اللہ خان، سید حارث شاہ، ایتھوپین ایئر لائن کے کنٹری ہیڈ ارسلان علی سمیت طلبا کے لواحقین نے شرکت کی۔ (پی جے ایس اے) کی صدر ستارہ عارف نے تقریب کے شرکا کو گرم جوشی سے خوش آمدید کہا۔ تقریری مقابلے میں شریک طلبا نے اپنی اپنی تقاریر میں نہایت جوش و خروش سے جاپانی زبان سے متعلق اپنی صلاحیتوں کا اظہار کیا۔ طلبا کی دلچسپ تقاریر کو حاظرین نے نہایت انہماک اور دلچسپی سے سماعت کیا۔

قسطوں پر موٹر سائیکلیں شہری کے نام پر 23 لاکھ 88 ہزار 700 کے چالان نکل آئے

کیمپس پل پر روکی گئی موٹر سائیکل کے 12 ہزار روپے کے ای چالان نکلے، مزید تحقیق پر پتہ صادق خان کے نام پر 500 موٹر سائیکلز رجسٹرڈ ہیں

لاہور (این این آئی) قسطوں پر موٹر سائیکلیں دینا شہری کے گلے پڑ گیا، شہری صادق خان کے نام پر 23 لاکھ 88 ہزار 700 کے چالان نکل آئے۔ شہری صادق کے نام پر 500 موٹر سائیکلز رجسٹرڈ ہیں، 500 موٹر سائیکلز کو سیف سٹی کی جانب سے 2 ہزار 71 چالان بھجوائے جا چکے ہیں، شہری صادق خان گڑھی شاہو لاہور کا رہائشی ہے، کیمپس پل پر وارڈن نے موٹر سائیکل کو روکا جو صادق کے نام پر رجسٹرڈ تھی۔

لاہور میں منکی پاکس کے تین نئے کیسز رپورٹ

لاہور (این این آئی) لاہور کے سرکاری ہسپتال میں منکی پاکس کے تین نئے کیسز رپورٹ ہونے کے باعث شہر میں صحت سے متعلق الرٹ جاری کر دیا گیا۔ رپورٹ کے مطابق دو مریضوں میں وائرس کی تصدیق ہو چکی ہے جبکہ تیسری خاتون میں منکی پاکس جیسی علامات پائی گئیں ہیں اور ان کے ٹیسٹ جاری ہی۔ طبی حکام کے مطابق تصدیق شدہ دو مریض صفدر اور ابوسفیان کو آئیسولیشن وارڈ منتقل کر دیا گیا

وطن کی سرحدوں کی حفاظت سپہ سالار کی ذمہ داری ہے، حافظ طاہر محمود اشرفی

قومی علماء و مشائخ کانفرنس، علماء کرام کا پاک فوج سے اظہار یکجہتی اور عسکری قیادت کو خراج تحسین

اسلام آباد (این این آئی) قومی علماء و مشائخ کانفرنس میں علماء کرام نے پاک فوج سے اظہار یکجہتی اور عسکری قیادت کو خراج تحسین کیا ہے۔ تفصیلات کے مطابق کنونشن سینٹر اسلام آباد میں قومی علماء و مشائخ کانفرنس کا انعقاد کیا گیا جس میں مختلف مکاتب فکر کے علماء نے اپنے خیالات کا اظہار کیا، شرکاء نے ملکی صورتحال، عسکری اقدامات اور مذہبی ہم آہنگی کے حوالے سے اہم نکات پیش کئے۔ جامعہ رشید کے سربراہ مفتی عبدالرحیم نے کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے پاک فوج سے مکمل اظہار یکجہتی کیا اور عسکری قیادت کو زبردست خراج تحسین پیش کیا۔ انہوں نے کہا کہ ملک جن حالات سے گزر رہا ہے، اس میں سب سے بڑی ضرورت سیاسی اور عسکری قیادت کے مضبوط تعلق اور باہمی اتفاق کی ہے، قیادت کا یکجا ہونا آئین، دین اور شریعت کے مطابق ہے

لاہور: پنجاب اسمبلی پارلیمانی رپورٹرز پریس گیلری کے سالانہ انتخابات 26-2025 کے موقع پر صحافیوں کا گروپ فوٹو۔

لاہور: چیئرمین پیپلز پارٹی بلاول بھٹو زرداری کا دورہ پنجاب کے دوران گورنر ہاؤس لاہور میں ضلع اٹک کے سینئر سیاستدانوں کا پیپلز پارٹی میں شمولیت کے موقع پر گروپ فوٹو، گورنر پنجاب سردار سلیم حیدر خان بھی موجود ہیں۔

قیمتی پتھروں، دیگر مصنوعات کی اربوں ڈالر کی مارکیٹ میں پاکستان کا حصہ نہ ہونے کے برابر ہے، خادم حسین

پاکستان کو جغرافیائی مارکیٹ کی حکمت عملی، خام ایکسپورٹ، ویلیو ایڈڈ کی بنیاد پر مخصوص ریسرچ کی ضرورت ہے

لاہور (این این آئی) فاؤنڈرز گروپ کے سرگرم رکن، پاکستان سٹون ڈویلپمنٹ کمپنی کے بورڈ آف ڈائریکٹر کے رکن، سینئر نائب صدر فیروز پور روڈ بورڈ اور سابق ممبر لاہور چیمبر آف کامرس خادم حسین نے کہا ہے کہ گزشتہ سال قیمتی اور نیم قیمتی پتھروں اور اس طرز کی دیگر مصنوعات کی عالمی مارکیٹ کا حجم تقریباً 1040 ارب ڈالر رہا لیکن اس میں پاکستان کا حصہ نہ ہونے کے برابر ہے، جدید مشینری کی عدم دستیابی، درکار ہنر مندوں کی قلت اور برآمدات میں رکاوٹوں کی وجہ سے پاکستان کو عالمی منڈیوں تک پہنچنے اور وہاں سے اپنا حصہ وصول کرنے میں شدید مشکلات کا سامنا ہے۔ اپنے بیان میں انہوں نے کہا کہ جیم سٹون مارکیٹ کا 2024-25 میں حجم 3136 ارب ڈالر رہا اور اگلے دس سالوں میں اس کی مثبت گروتھ کی پیشگوئی ہے۔

پاکستانی ویٹرنری سکالرز نے چین میں اعلیٰ تربیت مکمل کر لی

لاہور (این این آئی) پاکستانی ویٹرنری سکالرز نے چین میں اعلیٰ تربیت مکمل کر لی، زرعی یونیورسٹی فیصل آباد کے سات پوسٹ گریجویٹ اور ڈاکٹریٹ محققین نے سنکیانگ ایگری کلچرل یونیورسٹی میں 15 روزہ سلک روڈ فیلوشپ، شیئرڈ تیان شان جرنی ایلیٹ اکیڈمک پروگرام مکمل کیا، اس پروگرام کے ذریعے پاکستانی اسکالرز کو جانوروں کی جدید طبی سائنس اور لائیو اسٹاک مینجمنٹ کے شعبوں میں لیکچرز، لیبارٹری پریکٹس اور فیلڈ وزٹس پر مشتمل جامع تربیت فراہم کی گئی۔

بریگیڈیئر (ر) بابر علاؤالدین کی زیر صدارت سوہدرہ کی ترقیاتی اسکیموں سے متعلق اہم اجلاس

اجلاس میں ہائی ویز اور پبلک ہیلتھ کے جاری اور مجوزہ ترقیاتی منصوبوں کا تفصیلی جائزہ لیا گیا

لاہور (این این آئی) چیئرپرسن وزیر اعلیٰ پنجاب انسپکشن، سرویلنس اور مانیٹرنگ ڈائریکٹوریٹ بریگیڈیئر (ر) بابر علاؤالدین کی زیر صدارت سوہدرہ کی ترقیاتی اسکیموں سے متعلق اہم اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں ایم ڈی واسا وزیر آباد علی حسنین، ایس ڈی او ہائی ویز جواد احمد، سب انجینئر ہائی ویز عامر چیمہ، ایس ڈی او پبلک ہیلتھ احسان الحق اور سب انجینئر فرمان علی نے شرکت کی۔ اجلاس میں ہائی ویز اور پبلک ہیلتھ کے جاری اور مجوزہ ترقیاتی منصوبوں کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ چیئرپرسن بریگیڈیئر بابر علاؤالدین نے افسران کو ہدایت کی کہ تمام اسکیموں کو مقررہ معیار اور مقررہ وقت کے اندر مکمل کیا جائے تاکہ عوام کو جلد از جلد بہتر سہولیات فراہم کی جا سکیں۔ انہوں نے سڑکوں کی مرمت، نکاسی آب کے نظام کی بہتری، پینے کے صاف پانی کی فراہمی اور ڈرینیج لائنز کی اپ گریڈیشن پر خصوصی توجہ دینے کی ہدایت کی۔ چیئرپرسن نے ایم ڈی واسا وزیر آباد علی حسنین کو ان کے عہدے کا چارج سنبھالنے پر مبارکباد دی۔

پھولنگر: ریسکیو اہلکار ٹریکٹر ٹرالی الٹنے سے زخمی ہونے والے موٹر سائیکل سوار کو طبی امداد فراہم کر رہے ہیں۔

جرنیل کے کورٹ مارشل سے فوجی اور سول افسران محتاط ہوں گے، نیئر بخاری

عارضی ریلیف ڈائیلاگ کی کوئی اہمیت ہے نہ ہی ایسے ڈائیلاگ ہونے چاہئیں، سیکرٹری جنرل پیپلز پارٹی

لاہور (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی کے سیکرٹری جنرل نیئر حسین بخاری نے کہا ہے کہ 3 سٹار جنرل کے کورٹ مارشل اور سزا سے آئندہ فوجی اور سول افسران محتاط ہوں گے، ماضی میں عام شہریوں کے بھی ملٹری ٹرائل ہوئے ہیں، ملکی مفاد کے خلاف اقدامات، سازش اور اداروں میں تقسیم پر سویلین کا کورٹ مارشل ہو سکتا ہے۔ اپنے بیان میں انہوں نے کہا کہ جمہوری سیاسی قیادت کسی پارٹی پر پابندی کی حمایت نہیں کر سکتی لیکن آئین کی خلاف ورزی پر پابندی لگ سکتی ہے، پیپلز پارٹی ڈائیلاگ پر یقین رکھتی ہے، بدترین حالات میں نصرت بھٹو اور شہید بینظیر نے جمہوریت کی خاطر مخالفین کو بھی یکجا کیا۔ انہوں نے کہا کہ عارضی ریلیف ڈائیلاگ کی کوئی اہمیت ہے اور نہ ہی ایسے ڈائیلاگ ہونے چاہئیں، پی ٹی آئی والے یوٹرن کے ذریعے بداعتمادی کی فضا پیدا کرتے ہیں۔

لاہور سمیت صوبہ بھر میں الیکٹرک بس ڈپو اور بس سٹاپس کی تعمیر نو کیلئے گرانٹ منظور

لاہور (این این آئی) لاہور سمیت شہری علاقوں میں ماحول دوست ٹرانسپورٹ کے فروغ کے لئے حکومت نے اقدامات شروع کر دیئے۔ اس سلسلے میں لاہور سمیت صوبہ بھر میں الیکٹرک بس ڈپو اور بس سٹاپس کی تعمیر نو کے لئے پنجاب ٹرانسپورٹ کمپنی کو ایک ارب روپے سے زائد کی گرانٹ کی منظوری دی گئی۔ الیکٹرک بسوں کیلئے بس سٹاپس اور ای ڈپوٹس کی اسٹیبلشمنٹ کیلئے 1 ارب روپے کا فنڈ ریلیز کیا گیا۔

معیاری اور قابل رسائی صحت ہر انسان کا بنیادی حق ہے، وزیر اعلیٰ بلوچستان

صحت کے شعبے میں جاری اصلاحات آئندہ برسوں میں بلوچستان کے عوام کے لیے ایک مضبوط، محفوظ، منصفانہ اور صحت مند مستقبل کی بنیاد ثابت ہوں گی، میر سرفراز بگٹی

کوئٹہ (این این آئی) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے عالمی یوم یونیورسل ہیلتھ کوریج کے موقع پر اپنے خصوصی پیغام میں کہا ہے کہ معیاری اور قابل رسائی صحت ہر انسان کا نہ صرف بنیادی حق ہے بلکہ ریاست کی اولین ذمہ داری بھی ہے حکومت بلوچستان اس ذمہ داری کی ادائیگی کے لیے عملی، پائیدار اور مؤثر اقدامات کر رہی ہے وزیر اعلیٰ نے کہا کہ صوبے میں صحت کے شعبے کو مضبوط بنانے کیلئے مربوط اصلاحات تیزی سے جاری ہیں۔

سموگ تدارک کیس، واضح پالیسی بنانے، تمام شوگر ملز میں واٹر ٹریٹمنٹ پلانٹس نصب کرنے کا حکم

لاہور ہائیکورٹ کا ناصر باغ سمیت لاہور کے دیگر تاریخی مقامات پر نئے ترقیاتی منصوبوں کے حوالے سے شدید تشویش کا اظہار

لاہور (این این آئی) لاہور ہائیکورٹ نے سموگ تدارک کیس کی سماعت کے دوران لاہور کے 804 پارکوں کے حوالے سے واضح پالیسی بنانے اور تمام شوگر ملز میں واٹر ٹریٹمنٹ پلانٹس نصب کرنے کا حکم دیدیا، عدالت ناصر باغ سمیت لاہور کے دیگر تاریخی مقامات پر نئے ترقیاتی منصوبوں کے حوالے سے شدید تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ ایسے منصوبے بغیر مناسب منصوبہ بندی کے شروع نہیں کیے جا سکتے۔

حکومت بسنت منانے کا فیصلہ واپس لے، انسانی جان کا تحفظ اولین ذمہ داری ہونی چاہیے، جاوید قصوری

یہ معصوم جانیں نگلنے والا ایک خونی کھیل، جسے دوبارہ منانے فیصلہ سمجھ سے بالاتر ہے، امیر جماعت اسلامی پنجاب

لاہور (این این آئی) امیر جماعت اسلامی پنجاب محمد جاوید قصوری نے حکومتِ پنجاب کی جانب سے لاہور میں بسنت منانے کے فیصلے کو شدید ترین الفاظ میں مسترد کرتے ہوئے اسے عوام دشمن، غیر ذمہ دارانہ اور انسانی جانوں سے کھیلنے کے مترادف قرار دیا ہے، بسنت کے نام پر پتنگ بازی محض ایک تفریح نہیں بلکہ ماضی میں درجنوں معصوم جانیں نگلنے والا ایک خونی کھیل ہے، جسے دوبارہ زندہ کرنے کا فیصلہ سمجھ سے بالاتر ہے، حکومت نے اس فیصلے سے ثابت کر دیا ہے کہ اسے عوام کی جان و مال کے تحفظ سے زیادہ میلوں ٹھیلوں اور نمائشی فیصلوں کی فکر ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے حکومت پنجاب کی جانب سے لاہور میں تین روزہ بسنت فیسٹیول منانے کے فیصلے پر اپنا ردعمل دیتے ہوئے کیا۔ محمد جاوید قصوری نے کہا کہ گزشتہ برسوں میں لاہور اور پنجاب بھر میں دھاتی ڈور کے استعمال سے بے شمار شہری جاں بحق اور سینکڑوں زخمی ہوئے۔

این ڈی ایم اے کی تیسری امدادی کھیپ لنکن سیلاب متاثرین کیلئے کولمبو پہنچ گئی

امدادی سامان میں ببل میٹ، مچھر دانیاں، گدے، بیڈ شیٹس، ٹینٹ اور ترپالیں شامل

کولمبو (این این آئی) سری لنکن سیلاب متاثرین کیلئے این ڈی ایم اے کی تیسری امدادی کھیپ کولمبو پہنچ گئی۔ حکومت پاکستان کی جانب سے سری لنکن سیلاب متاثرین کیلئے امدادی کارروائیاں مسلسل جاری ہیں، این ڈی ایم اے کی جانب سے 12 ٹن امدادی سامان پر مشتمل تیسری کھیپ کولمبو پہنچا دی گئی۔ کولمبو ایئرپورٹ پر سری لنکن حکام نے پاکستان کی جانب سے بھیجی جانے والی اس امدادی کھیپ کو باضابطہ طور پر وصول کیا، امدادی سامان میں ببل میٹ، مچھر دانیاں، گدے، بیڈ شیٹس، ٹینٹ اور ترپالیں شامل ہیں جنہیں متاثرہ علاقوں میں فوری ریلیف کے طور پر تقسیم کیا جائے گا۔ حکومت پاکستان این ڈی ایم اے کے تعاون سے اپنے برادر ملک سری لنکا میں امدادی سرگرمیاں جاری رکھے ہوئے ہے۔ پاکستانی حکام نے کہا کہ مشکل کی اس گھڑی میں پاکستان اور پوری قوم اپنے سری لنکن بھائیوں کے ساتھ کھڑی ہے اور ہر ممکن مدد فراہم کرتی رہے گی۔

ملک میں خام تیل اور گیس کی پیداوار میں ہفتہ وار بنیادوں پر اضافہ

لاہور (این این آئی) ملک میں خام تیل اور گیس کی پیداوار میں ہفتہ وار بنیادوں پر اضافہ ریکارڈ کیا گیا ہے۔ اعداد و شمار کے مطابق 8 دسمبر کو ختم ہونے والے ہفتے میں ملک میں خام تیل کی اوسط یومیہ پیداوار 66014 بیرل ریکارڈ کی گئی جو پیوستہ ہفتے کے مقابلے میں 0.05 فیصد زیادہ ہے۔ پیوستہ ہفتے میں ملک میں خام تیل کی اوسط یومیہ پیداوار 65975 بیرل ریکارڈ کی گئی تھی۔

موثر ابلاغ کے بغیر معیاری طب کا تصور ناممکن ہے، پرنسپل امیر الدین میڈیکل کالج

طب صرف سائنس نہیں، انسانی ہمدردی اور اخلاقیات بھی لازم ہیں، پروفیسر فاروق افضل

لاہور (این این آئی) پرنسپل امیر الدین میڈیکل کالج، پروفیسر ڈاکٹر فاروق افضل نے طب کے شعبے میں معالج اور مریض کے درمیان مؤثر ابلاغ کو بنیادی ستون قرار دیتے ہوئے کہا ہے کہ موثر کونسلنگ کی مہارت کے بغیر جدید اور معیاری طبی خدمات کا تصور ممکن نہیں، ترقی یافتہ ملکوں میں ہیلتھ پروفیشنلز ہسپتالوں میں مریضوں کے لواحقین کو مریض کی صحت اور بیماری بارے آگاہی کیلئے بریفنگ / کونسلنگ سیشنز باقاعدگی سے کرتے ہیں جس سے مریض اور معالج کے درمیان بہتر کمیونیکیشن بیماروں کے علاج میں بہت مدد و معاون ثابت ہوتی ہے۔ انہوں نے یہ بات جنرل ہسپتال سرجیکل یونٹ ون کے زیر اہتمام منعقدہ "کمیونیکیشن سکلز ورکشاپ" سے خطاب کرتے ہوئے کہی۔ ورکشاپ میں ایم ایس پروفیسر ڈاکٹر فریاد حسین، پروفیسر آف سرجری جناح ہسپتال ڈاکٹر توصیف فاطمہ سمیت نوجوان ڈاکٹرز، سینئر ٹرینی ڈاکٹرز اور میڈیکل طلبہ نے شرکت کی۔

ٹریفک پولیس کا غیر قانونی پارکنگ کے خلاف کریک ڈاؤن، کاروباری مراکز کو لیگل نوٹسز جاری

لاہور (این این آئی) ٹریفک پولیس نے شہر بھر میں غیر قانونی پارکنگ کے خلاف کریک ڈاؤن شروع کرتے ہوئے متعدد مقامات پر 3 دن کے لیگل نوٹسز بھجوانا شروع کر دیئے۔ تفصیلات کے مطابق میرج ہالز، مارکیز، اسٹورز، کمرشل مارکیٹس اور دیگر کاروباری مراکز کو نوٹسز جاری کیے گئے ہیں۔ نوٹس میں واضح ہدایت کی گئی ہے کہ مین روڈز اور سروس روڈز پر کسی قسم کی غیر قانونی پارکنگ نہ کی جائے۔

پھولنگر: پولیس حکام گورنمنٹ ہائی سکول پھولنگر میں طلباء و طالبات کو ہنگامی حالات میں اپنی اور دوسروں کی حفاظت کرنے سے متعلق آگاہی فراہم کر رہے ہیں۔

دہشتگردی کے ممکنہ خطرات سے نمٹنے، شہریوں کے تحفظ کو یقینی بنانے کیلئے پھولنگر میں موک ایکسرسائز کا انعقاد

حساس اداروں، پولیس اور ریسکیو سمیت دیگر اداروں نے حصہ لیا طلباء و طالبات کو خصوصی تربیت دی گئی

پھولنگر (این این آئی) دہشت گردی کے ممکنہ خطرات سے نمٹنے اور شہریوں کے تحفظ کو یقینی بنانے کے لیے پھولنگر میں موک ایکسرسائز کا انعقاد کیا گیا۔ جس میں حساس اداروں پولیس اور ریسکیو سمیت دیگر اداروں نے حصہ لیا۔ اس تربیتی مشق میں گورنمنٹ ہائی سکول پھولنگر کے بچوں اور بچیوں کو خصوصی تربیت دی گئی، جس کا مقصد انہیں ہنگامی حالات میں اپنی اور دوسروں کی حفاظت کرنے سے متعلق آگاہی فراہم کرنا تھا۔ طلبا و طالبات کو بتایا گیا کہ کسی بھی مشکوک سرگرمی یا دہشت گردی کے واقعہ کی صورت میں انہیں کیا اقدامات کرنے چاہئیں۔ اس تربیت میں چھپنے، بھاگنے اور اطلاع دینے کے بنیادی اصولوں پر زور دیا گیا تاکہ وہ خطرے سے دوچار ہونے پر درست ردعمل دے سکیں۔ سکیورٹی اداروں نے سکول میں موک ایکسرسائز کا عملی مظاہرہ کیا۔

سی سی ڈی کا مبینہ پولیس مقابلہ، 2 زیر حراست ملزمان ہلاک

لاہور (این این آئی) صوبائی دارالحکومت کے سرحدی علاقہ برکی میں سی سی ڈی کے مبینہ مقابلے میں 2 زیر حراست ملزمان مارے گئے۔ پولیس کے مطابق احمد اور ندیم کو ریکوری کے لیے برکی لے جایا گیا تھا جہاں ان کے ساتھیوں نے اچانک فائرنگ کر کے انہیں چھڑانے کی کوشش کی، کراس فائرنگ کے دوران دونوں گرفتار ملزمان مارے گئے۔ پولیس نے دونوں لاشوں کو ضروری قانونی کارروائی کے بعد مردہ خانے منتقل کر دیا۔

پنجاب فوڈ اتھارٹی کا ٹولنٹن مارکیٹ میں کریک ڈاؤن

4 ہزار 150 کلو لاغر بیمار مرغیاں، گوشت تلف

لاہور (این این آئی) پنجاب فوڈ اتھارٹی نے ٹولنٹن مارکیٹ میں کریک ڈاؤن کے دوران 80 ہزار کلو گوشت کی چیکنگ کر کے 4 ہزار 150 کلو لاغر بیمار مرغیاں اور گوشت تلف کر دیا۔ ڈی جی فوڈ اتھارٹی نے میٹ سیفٹی ٹیموں کے ہمراہ علی الصبح ٹولنٹن مارکیٹ میں کریک ڈاؤن کیا، 36 میٹ شاپس اور سپلائرز کی چیکنگ، خلاف ورزی پر بھاری جرمانے عائد کیے گئے۔ ڈی جی فوڈ اتھارٹی عاصم جاوید نے بتایا کہ 4150 کلو تلف کردہ مرغیاں نزلہ، کم وزن اور مختلف امراض میں مبتلا پائی گئیں، ویٹرنری سپیشلسٹ نے برآمد شدہ بیمار مرغیوں کا تفصیلی معائنہ کیا، بیمار اور کم وزن مرغیاں برآمد ہونے پر بھاری جرمانہ عائد، مرغیاں تلف کر دی گئیں۔ انہوں نے کہا کہ گوشت کے معیار کو یقینی بنانے کے لیے بین الاقوامی سٹینڈرز کے مطابق جدید ایس او پیز وضع کیے گئے ہیں

پنجاب حکومت نے 6 افسران کے تقرر و تبادلے کر دیئے

لاہور (این این آئی) پنجاب حکومت نے 6 افسران کے تقرر و تبادلوں کے احکامات جاری کر دیئے۔ نوٹیفکیشن کے مطابق ڈپٹی کمشنر ریونیو خوشاب عبدالستار خان کو تبدیل کر کے ایڈیشنل سیکرٹری محکمہ سکول ایجوکیشن تعینات، ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر ریونیو مری عبداللہ خان کو تبدیل کر کے ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر ریونیو خوشاب تعینات، تقرری کے منتظر عمر اویس کو ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر ریونیو مری تعینات۔

ٹریفک اصلاحات سے حادثات کی شرح میں نمایاں کمی ریکارڈ

شہر کی سڑکوں پر قوانین پر عملدرآمد کے ثمرات ظاہر ہونے لگے، سی ٹی او اطہر وحید

لاہور (این این آئی) موٹر وہیکل آرڈیننس میں ترمیم کے بعد ٹریفک قوانین پر عمل درآمد کے مثبت نتائج سامنے آنے لگے، 12 روز میں مہلک حادثات کی شرح میں 47 فیصد تک کمی ریکارڈ کی گئی۔ ترجمان کے مطابق ٹریفک اصلاحات سے حادثات کی شرح میں نمایاں کمی، شہر کی سڑکوں پر قوانین پر عملدرآمد کے ثمرات ظاہر ہونے لگے۔ اس حوالے سے چیف ٹریفک آفیسر لاہور ڈاکٹر اطہر وحید نے کہا کہ گزشتہ 12 روز سے ٹریفک پولیس لاہور نے قوانین پر عمل درآمد کے حوالہ سے زیرو ٹالرنس پالیسی اپنائی ہے، حادثات میں نمایاں کمی کی ایک بڑی وجہ ٹریفک ڈسپلن میں بہتری لانا بھی ہے، ٹریفک پولیس کی جانب سے شہر بھر کے سگنلز پر میگا فونز کے ذریعہ آگاہی مہم بھی جاری ہے۔ قوانین کا اطلاق اسی صورت ممکن ہے جب بلاتفریق کارروائی عمل میں لائی جائے۔ ڈاکٹر اطہر وحید نے بتایا کہ گزشتہ 12 روز میں تقریباً 750 کے قریب سرکاری محکموں کی گاڑیوں کے خلاف کارروائی عمل میں لائی گئی، ٹریفک قوانین کی مختلف خلاف ورزیوں پر گزشتہ 12 روز میں ایک لاکھ سے زائد افراد کو ٹریفک چالان جاری کئے گئے۔

پشاور: وزیر ہیلتھ فضل شکوری پیک گرانٹ کے تحت محکمہ کی موجودہ سکیموں سے متعلق اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں۔

پشاور: گورنر خیبر پختونخوا فیصل کریم کنڈی سے امریکہ سے آئے اوورسیز پاکستانیوں کا وفد ملاقات کر رہا ہے۔

موسمیاتی اقدامات اب اختیار نہیں بقا کا تقاضا بن چکے ہیں، مصدق ملک

نیروبی میں منعقدہ اقوام متحدہ کی ساتویں ماحولیاتی اسمبلی میں پاکستان کی نمائندگی

نیروبی (این این آئی) وفاقی وزیر برائے موسمیاتی تبدیلی و ماحولیاتی ہم آہنگی، ڈاکٹر مصدق ملک نے کینیا کے دارالحکومت نیروبی میں منعقد ہونے والی اقوام متحدہ کی ماحولیاتی اسمبلی (UNEA-7) کے ساتویں اجلاس میں شرکت کی۔ یہ عالمی سطح کا اعلیٰ فورم "ایک مضبوط اور لچکدار کرہ ارض کیلئے پائیدار حل کی پیش رفت" کے موضوع کے تحت منعقد ہوا، جس میں اقوام متحدہ کے 193 رکن ممالک کے نمائندوں کے ساتھ سول سوسائٹی، سائنس دانوں، ترقیاتی اداروں اور نجی شعبے کے نمائندگان نے بھی شرکت کی۔

آرمی کورٹ کے فیصلے نے فوج میں داخلی احتساب کے عمل کو ثابت کیا، استحکام پاکستان پارٹی

ان سے غیر قانونی طور پر ''فیض یاب'' ہونے والوں کو بھی کڑے احتسابی عمل سے گزرنا ہوگا، سیکرٹری اطلاعات صمصام بخاری

لاہور (این این آئی) استحکام پاکستان پارٹی کے سیکرٹری اطلاعات صمصام بخاری نے کہا ہے کہ فیلڈ جنرل کورٹ مارشل کی جانب سے سابق لیفٹیننٹ جنرل فیض حمید کو سزا عسکری تاریخ میں اہم سنگ میل ہے اور مستقبل کا لائحہ عمل واضح ہو گیا۔ اپنے بیان میں انہوں نے کہا کہ آرمی کورٹ کے فیصلے نے فوج میں داخلی احتساب کے عمل کو ثابت کیا ہے، عہدے کے ناجائز استعمال سے مخصوص جماعت کو سیاسی مفاد پہنچانا صریحاً جرم ہے

کلون یا جعلی نمبر پلیٹس کی نشاندہی کا خودکار سسٹم متعارف

جعلی نمبر پلیٹ کو شناخت کرنے کے بعد سیف سٹی کیمرے الرٹ جنریٹ کریں گے، متعلقہ فیلڈ فورس فوری کارروائی کریگی

لاہور (این این آئی) پنجاب سیف سٹی اتھارٹی نے آرٹی فیشل انٹیلی جنس کے ذریعے کلون یا جعلی نمبر پلیٹس کی نشاندہی کا خودکار سسٹم متعارف کرا دیا۔ تفصیلات کے مطابق پنجاب میں سیف سٹی نے جدید اے آئی سسٹم متعارف کروایا ہے جو جعلی، چھیڑ چھاڑ شدہ اور کلون نمبر پلیٹس کی فوری نشاندہی کرتا ہے، اگر کوئی شہری گاڑی کی نمبر پلیٹ میں چھیڑ چھاڑ، جعلی نمبر پلیٹ استعمال یا کسی اور کی گاڑی کا کلون نمبر لگائے تو سیف سٹی کے کیمرے اسے فوری شناخت کر لیں گے۔ جعلی نمبر پلیٹ کو شناخت کرنے کے بعد سیف سٹی کیمرے الرٹ جنریٹ کر دیں گے اور یہ الرٹ ملتے ہی سیف سٹی کا ورچوئل پٹرولنگ آفیسر متعلقہ فیلڈ فورس کو ڈسپیچ کرتا ہے، جو موقع پر پہنچ کر فوری کارروائی کرے گی۔ حکام نے خبردار کیا کہ ایسے افراد کے خلاف کوئی رعایت نہیں برتی جائے گی

سرگودھا شہر سے مویشیوں کے انخلا کے لئے گرینڈ آپریشن کو تیز کر دیا گیا

سرگودھا (این این آئی) سرگودھا شہر سے مویشیوں کے انخلا کے لئے گرینڈ آپریشن کو تیز کر دیا گیا جس میں شہر حدود میں سینکڑوں جانور مالکان کو لاکھوں روپے جرمانے کر کے درجنوں غیر قانونی باڑوں کو مسمار کر کے 120 جانور قبضہ سرکار میں لے کر شہر سے باہر گوالہ کالونی منتقل کر دیا گئے اور واضح کیا گیا کہ سیوریج کی تباہی کا سبب بننے والے جانوروں کو شہری حدود میں کسی صورت برداشت نہیں کیا جائے گا۔

پنجاب کے گرلز کالجز میں طالبات کیلئے فری وائی فائی کی سہولت فراہم

طالبات کو تعلیمی مواد تک آسان رسائی، آن لائن تحقیق اور تعلیمی سرگرمیوں میں مدد ملے گی

لاہور (این این آئی) پنجاب کے گرلز کالجز میں طالبات کے لیے فری وائی فائی کی سہولت فراہم کر دی گئی۔ وزیر اعلیٰ مریم نواز نے پنجاب کے گرلز کالجز میں فری وائی فائی سروس متعارف کروائی ہے جس سے طالبات کو تعلیمی مواد تک آسان رسائی، آن لائن تحقیق اور تعلیمی سرگرمیوں میں مدد ملے گی۔ یہ قدم جدید تعلیم اور ڈیجیٹل تعلیم کے فروغ کی جانب ایک اہم پیش رفت ہے، جس سے طالبات کی تعلیم میں معیار اور سہولت دونوں بہتر ہوں گے۔ طالبات کا کہنا ہے کہ مریم نواز کے شکر گزار ہیں کہ انہوں نے ہمارے بارے میں سوچا ہے۔ ہمیں فری وائی فائی کی بدولت روزمرہ کے کاموں میں فائدہ ہوگا، ہم نیٹ کے ذریعے مضامین تلاش کرنے میں مدد لے سکتے ہیں۔ کالج کی ٹیچر نے کہا کہ میں سیف سٹی کی مشکور ہوں جنہوں نے مریم نواز کی ہدایت پر گورنمنٹ گریجویٹ کالج فار ویمن میں فری وائی فائی نصب کیا ہے۔

ڈپٹی کمشنر نارووال محمد طیب خان نے انسداد پولیو مہم کا افتتاح کر دیا

پانچ سال سے کم عمر 3 لاکھ 86 ہزار 252 سے زائد بچوں کو پولیو کے قطرے پلائے جائینگے

نارووال (این این آئی) ڈپٹی کمشنر محمد طیب خان نے انسداد پولیو مہم کا افتتاح کر دیا، ڈپٹی کمشنر نارووال نے مریم نواز ہیلتھ کلینک سدووالہ میں بچوں کو پانچ سال سے کم عمر کے بچوں کو قطرے پلا کر پولیو مہم کا افتتاح کیا۔ ڈپٹی کمشنر نارووال نے اس موقع پر کہا کہ پولیو مہم کے دوران پانچ سال سے کم عمر 3 لاکھ 86 ہزار 252 سے زائد بچوں کو پولیو کے قطرے پلائے جائینگے، انسداد پولیو مہم کے دوران ضلع بھر میں کل 1292 ٹیمیں کام کریں گی۔ ڈپٹی کمشنر نارووال نے والدین سے اپیل کی کہ وہ اپنے بچوں کو عمر بھر کی معذوری سے بچانے کیلئے پولیو کے دو قطرے لازمی پلوائیں تاکہ انہیں عمر بھر کی معذوری سے بچایا جا سکے۔ انہوں نے کہا کہ پولیو کے خاتمے کے لیے معاشرے کے تمام طبقات کو اپنا کردار ادا کرنا ہوگا، مہم کے 100 فیصد نتائج حاصل کرنے کیلئے تمام موجودہ وسائل کو بروئے کار لایا جائیگا۔

کراچی: سپر ہائی وے پر خوفناک حادثے میں میاں بیوی اور بیٹا جاں بحق، ایک بیٹا زخمی

کراچی (این این آئی) سپر ہائی وے ایم نائن موٹروے پر تیز رفتار گاڑی کھڑے ٹرک سے ٹکرا گئی جس کے نتیجے میں گاڑی میں سوار میاں بیوی اور ایک بیٹا موقع پر جاں بحق ہو گئے جبکہ ایک بیٹا زخمی ہو گیا۔ تفصیلات کے مطابق گڈاپ سٹی تھانے کے علاقے سپر ہائی وے ایم نائن موٹر وے پر ناگوری کانٹا کے قریب تیز رفتاری گاڑی رجسٹریشن نمبر سی اے 060 ٹرک رجسٹریشن نمبر ٹی اے اے 845 سے ٹکرا گئی

کراچی، موٹر وے ایم نائن پر پھسلن، نوری آباد سے کراچی آنے والا ٹریک مکمل طور پر کلیئر

کراچی (این این آئی) نیشنل ہائی ویز اینڈ موٹر ویز پولیس ساتھ زون کراچی کی بروقت اور موثر کارروائی کے باعث موٹر وے ایم نائن پر نوری آباد سے کراچی آنے والا ٹریک ٹریفک کے لیے مکمل طور پر بحال کر دیا گیا۔ ترجمان کے مطابق نوری آباد کے قریب نامعلوم گاڑی سے آئل گرنے کے نتیجے میں سڑک پر شدید پھسلن پیدا ہوئی تھی، جس کے باعث ٹریفک کی روانی متاثر ہوئی۔ موٹر وے پولیس کی ٹیم فوری طور پر موقع پر پہنچی، ٹریفک کو ریگولیٹ کرتے ہوئے صورتحال پر قابو پایا

لاہور: مقامی ہوٹل میں خواتین کرسمس کی تیاریوں کے سلسلے میں بڑی سجا رہی ہیں۔

کراچی: صوبائی وزیر آبپاشی جام خان شورو کی زیر صدارت سکھر بیراج کی ہائیڈرولک ماڈل اسٹڈی سے متعلق اہم اجلاس ہو رہا ہے۔

سپریم کورٹ میں سماعت کیلئے آنے والا راولپنڈی کا رہائشی چل بسا

اسلام آباد (این این آئی) سپریم کورٹ میں سماعت کیلئے آنے والا راولپنڈی کا رہائشی چل بسا، عابد حسین کو عدالت سے واپسی پر سپریم کورٹ استقبالیہ پر دل کا دورہ پڑا۔ تفصیلات کے مطابق 70 سالہ عابد حسین ہسپتال منتقلی کے دوران ہی چل بسا۔ عابد حسین کے گھر کی تعمیر کا مقدمہ سپریم کورٹ میں زیر التوا تھا جبکہ مقدمے کی سماعت جمعہ کو ملتوی کی گئی تھی۔ جسٹس عرفان سعادت خان اور جسٹس شہزاد ملک پر مشتمل دو رکنی بینچ کے سامنے کیس فکس تھا۔

کراچی: پاکستان میں تعینات کینیڈا کے ہائی کمشنر طارق علی خان پی آئی اے آفس اسلام آباد میں سی ای او پی آئی اے ایئر وائس مارشل عامر حیات سے ملاقات کر رہے ہیں۔

ایس آئی یو کی دو الگ الگ مقامات پر کارروائیاں، دو ملزمان زخمی حالت میں گرفتار

ایک لاکھ روپے نقدی اور اسلحہ برآمد، دونوں زخمی ملزمان کو اسپتال منتقل کر کے قانونی کارروائی کا آغاز کر دیا گیا ہے

کراچی (این این آئی) شہر قائد میں اسپیشل انوسٹی گیشن یونٹ (ایس آئی یو) نے شہر میں دو الگ الگ مقامات پر کارروائیاں کرتے ہوئے بھتہ خور گروہ کے خلاف موثر کارروائی کی، جس کے دوران پولیس اور بھتہ خوروں کے درمیان فائرنگ کا تبادلہ ہوا۔ ترجمان ایس آئی یو کے مطابق دونوں واقعات میں دو بھتہ خوروں کو زخمی حالت میں گرفتار کر لیا گیا۔ پہلا مقابلہ تھانہ کلاکوٹ کے علاقے میں ہوا جہاں فائرنگ کے تبادلے کے بعد ایس آئی یو نے ملزم عبداللہ کو زخمی حالت میں گرفتار کیا۔ ملزم کو فوری طور پر طبی امداد کے لیے اسپتال منتقل کر دیا گیا۔ دوسرا واقعہ تھانہ بریگیڈ کے علاقے میں پیش آیا، جہاں پولیس اور بھتہ خوروں کے درمیان دوبارہ مقابلہ ہوا۔ کارروائی کے دوران ملزم عرفان عرف ایلفی زخمی حالت میں گرفتار ہوا جبکہ اس کے قبضے سے ایک لاکھ روپے نقدی اور اسلحہ برآمد کیا گیا۔ ترجمان کے مطابق ایک اور بھتہ خور موقع سے ایس آئی یو اہلکاروں پر فائرنگ کرتے ہوئے فرار ہونے میں کامیاب ہو گیا۔

سینیٹ کو انتشار اور محاذ آرائی کا میدان نہیں بننے دیا جائے گا، ڈپٹی چیئرمین

رولنگ میں بتایا گیا ہے سینیٹ کے اندر بینرز، تصاویر یا ایسا کوئی مواد لانا جو پارلیمانی ڈیکورم کو مجروح کرے، ہرگز قابل قبول نہیں، میڈیا سے گفتگو

اسلام آباد (این این آئی) ڈپٹی چیئرمین سینیٹ سیدال خان نے کہا ہے کہ سینیٹ کو سیاسی محاذ آرائی، انتشار یا کسی بھی قسم کی ہنگامہ آرائی کا مرکز نہیں بننے دیا جائے گا۔ پارلیمنٹ ہاؤس کے باہر میڈیا نمائندگان سے غیر رسمی گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ سینیٹ چاروں صوبوں کی مساوی نمائندگی پر مشتمل واحد وفاقی ایوان ہے اور اس کے تقدس، قواعد و ضوابط اور آئینی دائرہ کار کا تحفظ تمام اراکین کی مشترکہ ذمہ داری ہے۔

ملک کے کئی شہروں میں فضائی آلودگی، لاہور کا دنیا میں دوسرا نمبر

دھند کی شدت میں بھی اضافہ، حد نگاہ صفر ہونے کے باعث موٹر وے کئی مقامات سے بند رہی

لاہور (این این آئی) لاہور دنیا کے آلودہ شہروں میں دوسرے نمبر پر رہا، ایئر کوالٹی انڈیکس 398 تک پہنچ گیا، فیصل آباد میں اے کیو آئی 542، گوجرانوالہ 398، راولپنڈی 352 اور پشاور میں 325 ریکارڈ کیا گیا۔ دوسری جانب خیبر پختونخواہ، سندھ اور پنجاب کے مختلف شہروں میں دھند کی شدت میں اضافہ ہوا، موٹر وے ایم ون پشاور سے رشکئی تک بند رکھی گئی، موٹر وے ایم 2 پر لاہور سے ہرن مینار تک ٹریفک کا داخلہ بند رہا۔

فری لانسنگ، طلبا کیلیے نئی راہ

فری لانسنگ سے بیروزگاری اور مہنگائی کا مسئلہ حل کیا جاسکتا ہے۔

بیروزگاری پاکستان کے عام معاشرتی مسائل میں سے ایک سنگین مسئلہ ہے۔ کسی بھی معاشرے میں جب بھی کوئی مسئلہ نمو پاتا ہے تو اس کے ہمیشہ ایک سے زائد اسباب ہوتے ہیں۔ بعینہ مسئلہ بیروزگاری کے بھی ایک سے زائد اسباب ہیں۔ ان اسباب میں نمایاں سبب آبادی کا افراط اور ذرائع روزگار و ذرائع ملازمت کی کمی ہے۔ جبکہ دیگر اسباب میں رشوت و سفارش، طلبا کی غیر سنجیدگی، تعلیمی معیار میں نقائص، جامعات کی سطح پر طلبا کو مستقبل کیلیے تیار کرنے کے بجائے مجرد حصول سند پر توجہ، اطلاقی علم (پریکٹیکل) کے بجائے مجرد کتابی علم پر توجہ وغیرہ دیگر نمایاں اسباب ہیں۔

بیروزگاری کی بڑھتی ہوئی شرح کے نتیجے میں طلبا اور فارغ التحصیل نوجوان عموماً اکثر اپنے مستقبل کی بابت پریشاں و سرگراں نظر آتے ہیں اور اپنے مستقبل کی بابت مختلف النوع استفسار کرتے ہیں۔ میں طلبا کو عموماً دو مشورے دیتا ہوں۔

1) طلبا کو چاہیے کہ وہ جو مضمون بھی پڑھتے ہیں اس کو محض پڑھ لینے ہی کیلیے یا محض یاد کر لینے کیلیے ہی نہ پڑھیں بلکہ اس مضمون کو سمجھنے اور اس کے عملی استعمال کے تناظر میں پڑھیں۔ ہمارے ہاں تھیوری کے مضامین کو غیر ضروری یا کم اہمیت کا حامل سمجھا جاتا ہے اور یہ غلط فہمی خود معلمین تک میں پائی جاتی ہے۔ تھیوری دراصل دوسروں کے عملی تجربات اور تحقیق کا خلاصہ ہوتی ہے، جو ہمیں یہ بتاتی ہے وہ مضمون کیا ہے، یہ علم کیسے پیدا ہوا، اس کی غائیت اور مقصد کیا ہے اور اس علم کو عملی استعمال و اطلاق میں کیسے لایا جاسکتا ہے۔ چنانچہ طلبا کو چاہیے وہ اسی تناظر میں ان مضامین کو پڑھیں اور ان کا فہم حاصل کریں۔

2) طلبا کو چاہیے کہ وہ تدریسی علم کے ساتھ ساتھ کچھ ہنر (یا اسکلز) بھی سیکھیں اور اس کے بعد خود اپنے تئیں کام کا آغاز کریں۔

پاکستان میں میدانی و گرم علاقوں میں موسم گرما اور سرد و پہاڑی علاقوں میں سرما میں عموماً ڈھائی تین ماہ کی تعطیلات ہوتی ہیں۔ اس دوران اکثر طلبا عموماً فارغ ہوتے ہیں، لہٰذا اس وقت کو ان اسکلز و ہنر کے سیکھنے میں صرف کیا جاسکتا ہے۔ ان اسکلز کو سیکھنے کے مختلف ذرائع موجود ہیں۔ عموماً ان تعطیلات کے دوران مختلف جامعات و نجی ادارے مختلف نوعیت کے کورسز کراتے ہیں، لہٰذا ان ذرائع سے ان اسکلز کو سیکھا جاسکتا ہے۔ دوسری متبادل صورت یہ ہے کہ مختلف ادارے آن لائن بھی مختلف کورسز کرواتے ہیں، چنانچہ وہاں سے گھر بیٹھ کر بھی سیکھا جاسکتا ہے۔ اگر کسی طالب علم کے پاس مالی استطاعت نہیں ہے تو اس دور میں انٹرنیٹ (یوٹیوب) پر تقریباً تمام شعبہ جات کے متعلق وافر مواد موجود ہے، وہاں سے بھی سیکھا جاسکتا ہے۔ یوٹیوب سے سیکھنے والوں کیلیے ایک عملی مشورہ یہ ہے کہ وہ جب بھی یوٹیوب سے سیکھیں تو کم از کم دو مختلف ویڈیو سیریز (کسی ایک کورس پر ترتیب وار ویڈیوز جو شروع سے آخر تک تمام موضوعات پر مشتمل ہو) مکمل کریں۔ اگلا اہم سوال یہ ہے کہ کونسی اسکلز سیکھی جائیں؟ میرے نزدیک مناسب صورت یہ ہے ہر طالب وہی اسکل سیکھے جو اس کی تعلیم یا ڈگری کے مطابق ہو۔ علاوہ ازیں میں عموماً طلبا کو مشورہ دیتا ہوں کہ وہ ورڈپریس یا گرافک ڈیزائننگ سیکھیں۔ اکیسوی صدی ایک ڈیجیٹل دور ہے، اس میں ان کی مانگ و استعمال دیگر چیزوں سے نسبتاً زیادہ ہے اور دوم ان دونوں کورسز کیلیے کمپیوٹر کے سابقہ علم کی بھی ضرورت نہیں۔ لہٰذا ان کا سیکھنا طلبا کیلیے آسان ہے۔ اس کے علاوہ دیگر اسکلز مثلاً کانٹینٹ رائٹنگ یا بلاک چین وغیرہ کو بھی سیکھا جاسکتا ہے۔ جب طلبا ایک کورس پورا کرچکیں اور انہیں یہ یقین ہوجائے کہ وہ سیکھ چکے ہیں تو کسی بھی فری لانسنگ پلیٹ فارم وغیرہ سے فری لانسنگ کا آغاز کریں۔ فری لانسنگ کے ساتھ ساتھ اپنے اعزا و اقارب یا قرب و جوار کے جاننے والوں سے بھی پراجکٹس لے کر کام کیا جاسکتا ہے۔ اس کام کے آغاز کی بابت بہتر صورت یہ ہے کہ شروع میں دو دو یا تین تین دوست باہم مل کر ایک پراجیکٹ پر کام کریں۔ اس لیے کہ انسان کا داخلی یقین کتنا ہی پختہ کیوں نہ ہو انسان حقیقی معنوں میں عملی کام ہی سے سیکھتا ہے اور عبور حاصل کرتا ہے۔ یہ تجاویز صرف ان نوجوانوں کیلیے ہی نہیں جو جامعات میں زیر تعلیم ہیں بلکہ اس پر وہ لوگ بھی عمل کرسکتے ہیں جو بیروزگار ہیں یا کوئی معمولی ملازمت کررہے ہیں۔ ایسے افراد اپنی ملازمت کے اوقات کے بعد روزانہ کی بنیاد پر کچھ وقت اس کیلیے مختص کرسکتے ہیں، بلکہ طلبا سرما و گرما کی تعطیلات کے علاوہ معمول کے ایام میں سے بھی کچھ وقت اس سیکھنے کے عمل کیلیے مختص کرسکتے ہیں۔ طلبا کیلیے اس کا عملی فائدہ یہ ہوگا کہ تعلیم کے ساتھ وہ اسکلز بھی سیکھتے رہیں گے اور یوں تعلیم کی تکمیل کے بعد وہ سند کے ساتھ عملی تجربے کے بھی حامل ہوں گے۔ یہ تجربہ ان کو نہ صرف ملازمت کے حصول میں ممد و معاون ہوگا بلکہ اگر وہ اپنا ہی کام جاری رکھنا چاہیں تو آسانی سے اور کم وقت میں اس کو مزید بڑھا سکتے ہیں بلکہ دوسرے لوگوں کو بھی روزگار فراہم کرسکتے ہیں۔

دوسری شادی وقت کی اہم ضرورت مگر

ضرورت اس امر کی ہے کہ دوسری شادی کو عام کیا جائے

''اگر ہم نے دوسری شادی کو فروغ نہ دیا تو زنا عام ہوجائے گا۔ خاص طور پر کورونا کے بعد حالات ایسے ہوگئے ہیں کہ دوسری شادی کو فروغ دیا جائے، کیونکہ کورونا کے دوران کتنی ہی عورتیں بیوہ ہوگئی ہیں اور وہ دوسری بیوی بننے کے لیے بخوشی تیار ہیں۔ آج کے حالات میں دوسری شادی وقت کی اہم ترین ضرورت بن چکی ہے۔ اگر ہم نے چشم پوشی کی تو معاشرے میں گناہ کے پھیلاؤ میں ہم بھی برابر کے حصے دار ہوں گے۔''

ہمیں ہمہ تن گوش دیکھ کر وہ اور زیادہ پرجوش ہوگیا۔ اس کی کوشش تھی کہ آج کی اس محفل میں اسے کم از کم ایک ہم خیال مل جائے۔ مگر ہم سب ڈرپوک ہیں، ہمارے اندر سماج کا مقابلہ کرنے کی ہمت نہیں ہے، ہم آسان نیکیوں کے متلاشی رہتے ہیں۔

''میرے کتنے ہی دوست ہیں جو دوسری شادی کرچکے ہیں، ہم میں سے کسی نے نہیں کی۔'' وہ جیسے ہی خاموش ہوا، میرے ساتھ بیٹھے ساتھی نے شرارتی انداز میں لقمہ دیا۔ اچانک قہقہہ لگا اور محفل برخاست ہوگئی۔ مگر اس کی گفتگو میرے ذہن میں نئے دریچے وا کرگئی۔ اگلے ہی دن میں نے اس کے والد صاحب جو ایک ریٹائرڈ انجینئر ہیں اور اہلیہ کی وفات کے بعد تنہائی، شوگر، بلڈ پریشر کا شکار ہیں، دیکھ بھال کرنے والا کوئی نہیں اور آج کل وزٹ ویزہ پر یہاں آئے ہوئے تھے۔ میں نے ان کو یہ کہتے ہوئے تیار کرلیا کہ مجھے شادی دفتر کے بارے میں مکمل معلومات ہیں، کیونکہ میں دو سال قبل یہ کارخیر سرانجام دے چکا ہوں۔ انہوں نے تمام صورتحال دوسری شادی کے علمبردار بیٹے کے گوش گزار کی۔

مگر بیٹے نے بجائے خوش ہونے کے یوٹرن لے لیا۔ کیونکہ باپ کی دوسری شادی کی صورت میں اسے اپنی سوتیلی ماں کو جائیداد میں حصہ دینا پڑتا۔ اس نے دوسری شادی کے نقصانات بیان کرنا شروع کردیے اور ان دوستوں کے قصے بھی سنا ڈالے جو دوسری شادی کرکے پچھتا رہے ہیں، کیونکہ دوسری بیویاں لاکھوں روپے لوٹ کر فرار ہوگئیں۔ دوسری شادی کے حق میں وہ دلائل جو اس نے دوستوں کی محفل میں دیئے تھے کہیں پس پشت چلے گئے۔ کیونکہ مجموعی طور پر ہم ایسے ہی منافقانہ رویوں کے پروردہ ہیں جہاں اپنی خواہش کے مطابق چیزوں کو اچھا یا برا سمجھنے کا رواج ہے۔

مگر باباجی تنہائی سے نکلنے کا راستہ دیکھ چکے تھے، اس لیے وہ ڈٹ گئے۔ تلخیوں، بحثوں کے بعد باباجی اپنے ملک روانہ ہوگئے تاکہ دوسری شادی کرسکیں۔

آپ سب سے عاجزانہ، فدویانہ التماس ہے کہ اپنے اردگرد موجود بزرگوں کا خیال کیجئے۔ اگر آپ کے والد صاحب اپنی شریک حیات سے محروم ہوچکے ہیں تو ہندوانہ رسم کا خاتمہ کرتے ہوئے ان کی فوری طور پر شادی کرائیں، تاکہ وہ بقیہ زندگی پرسکون گزار سکیں۔

ہمارے ہاں بدقسمتی سے دوسری شادی کو ایک لعنت بنادیا گیا ہے اور بزرگوں کی دوسری شادی تو اس قدر معیوب سمجھی جاتی ہے جیسے گناہ کبیرہ۔ عملی طور پر ہم زنا سے اس قدر نفرت نہیں کرتے جس قدر دوسری شادی سے کرتے ہیں۔ حالانکہ اس عمر شریک سفر زندگی کے باقی ادوار سے زیادہ ضروری ہوتا ہے، مگر ہمیں اسی وقت سمجھ آتی ہے جب خدانخواستہ خود پر وقت آتا ہے۔

حالانکہ یہ قرآن کا فیصلہ ہے، دو، تین، چار شادیاں کرو، اگر تم عدل کرسکتے ہو، اور اگر نہیں کرسکتے تو پھر ایک ہی کافی ہے۔ مگر ہم اللہ کو مانتے ہیں، اللہ کی نہیں مانتے۔ رسول کو مانتے ہیں، رسول کی نہیں مانتے۔ ہم عشق رسول میں جان دینے کو تیار ہیں، مگر اتباع کرنے کو تیار نہیں اور نتیجہ آپ کے سامنے ہے کہ آج کا مسلمان ہر جگہ پٹ رہا ہے، کہیں اپنوں کے ہاتھوں تو کہیں غیروں کے۔ ضرورت اس امر کی ہے کہ دوسری شادی کو عام کیا جائے، کیونکہ اس وقت پاکستان میں 40 سے 60 لاکھ بیوہ اور طلاق یافتہ خواتین موجود ہیں جن کا کوئی پرسان حال نہیں۔

جو صاحب حیثیت لوگ ہیں وہ آگے آئیں اور معاشرے میں اس کار خیر کے پھیلنے کا ذریعہ بنیں۔ اگر آپ کے اردگرد ایسے بزرگ یا نوجوان موجود ہیں جو شریک حیات سے محروم ہیں تو اپنے فارغ وقت میں انہیں یا ان کی اولاد کو نیکی کے درجے میں قائل کرنے کی کوشش کریں کہ بزرگوں کا نکاح کریں اور اگر ہوسکے تو ان کی مناسب رہنمائی کریں۔ یاد رکھیے اگر ہم نہ جاگے یا ہم جائیداد کی تقسیم سے ڈرتے رہے تو وہ دن دور نہیں جب زنا عام ہوجائے گا اور ہم کف افسوس ملتے رہ جائیں گے۔ اور پھر یہ تو ایک مسلم حقیقت ہے کہ جیسا کرو گے ویسا بھروگے۔

ترقی اور خوش حالی کے راستے پر

قومی علماء مشائخ کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے وزیراعظم شہباز شریف نے ملکی ترقی اور استحکام کے لئے اتحاد و یکجہتی اور دہشت گردی کے خاتمے کو ناگزیر قرار دیتے ہوئے کہا کہ اِس کے بغیر معاشی بحالی کا خواب شرمندہ تعبیر نہیں ہوسکتا۔افواجِ پاکستان کے خلاف پروپیگنڈہ ناقابلِ برداشت ہے، شہداء کی قربانیوں کی تضحیک نہیں کرنے دیں گے۔ سیاسی اور عسکری قیادت کے مل کر کام کرنے سے ڈیفالٹ کے دہانے پر کھڑی معیشت دوبارہ پٹڑی پر آئی، حکومت ملک کو معاشی ترقی کے سفر پر رواں دواں رکھنے کے لئے دن رات ایک کیے ہوئے ہے۔محنت سے پاکستان کو وہ مقام دلائیں گے کہ قرضوں سے نجات ملے گی اور خود انحصاری کی منزل حاصل ہوگی۔اُن کا مزید کہنا تھا کہ معرکہ حق میں پاکستان کو بڑی کامیابی ملی، مسلح افواج کی جرأت اور بہادری سے دشمن کو عبرتناک شکست ہوئی، چیف آف ڈیفنس فورسز (سی ڈی ایف) فیلڈ مارشل سید عاصم منیر کی قیادت میں افواجِ پاکستان نے جرأت و بہادری سے دشمن کو منہ توڑ جواب دیا اور اِس کامیابی میں بری، بحری اور فضائیہ کا کردار قابل ستائش ہے۔ان کے خلاف زہر آلود پراپیگنڈہ کیا جائے تو علماء کرام سمیت ہر پاکستانی کی ذمہ داری ہے کہ اپنی اُس فوج کا دفاع کریں جس نے ہمارے دفاع کے لئے اپنے لہو سے تاریخ رقم کی اور ہمارے ازلی دشمن کو ایسی شکست دی جسے وہ قیامت تک نہیں بھولے گا۔اُنہوں نے مزید کہا کہ خیبرپختونخوا اور بلوچستان میں روزانہ بے گناہ عوام فتنہ الخوارج کی دہشت گردی کا نشانہ بن رہے ہیں، سکیورٹی فورسز کے جوان ملکی دفاع کے لئے بے پناہ قربانیاں دے رہے ہیں۔ ملکی ترقی کے لئے دہشت گردی کے خاتمے کو ناگزیر قرار دیتے ہوئے اُن کا کہنا تھا کہا کہ اس کے خاتمے کے بغیر معاشی بحالی کے سفر پر گامزن نہیں ہوا جاسکتا۔ اُنہوں نے یہ بھی کہا کہ دہشت گردی اور معاشی ترقی کی کاوشیں ایک ساتھ نہیں چل سکتیں۔افواج کی قربانیوں کا مذاق اُڑائیں گے تو کون پاکستان کی عزت کرے گا، قوم میں یکجہتی کی فضاء قائم ہونے تک ملک ترقی نہیں کرسکتا۔ وزیراعظم نے فرقہ پرستی کے خاتمے کو وقت کی ضرورت قرار دیتے ہوئے کہا کہ علماء کرام کو تفرقہ بازی کا خاتمہ کرنا ہوگا، ملکی ترقی اور استحکام کے لئے اتحاد و یکجہتی ناگزیر ہے، اِس کے بغیر ملک آگے نہیں بڑھ سکتا۔وزیراعظم نے تحریک پاکستان کے دوران علماء کرام کے کردار کو سراہتے ہوئے کہا کہ پاکستان کی بنیاد کلمہ طیبہ پر رکھی گئی، بزرگوں نے قربانیاں دے کر اِس خطے کو آزادی سے ہمکنار کیا۔امانت، دیانت اور محنت سے قیام پاکستان کا مقصد حاصل کرنا ہے۔پاکستان کی خاطر گھر بار چھوڑ کر آنے والوں کو اِس ملک کے عظیم ترین بننے کی اُمید تھی۔ اُنہوں نے قومی معاملات پر یکجان ہونے کی ضرورت پر زور دیا۔سی ڈی ایف فیلڈ مارشل سید عاصم منیر نے اس موقع پر اپنی گفتگو میں کہا کہ ریاستِ طیبہ (سعودی عرب) اور ریاستِ پاکستان کا آپس میں گہرا تعلق ہے، دونوں ممالک میں دفاعی معاہدہ تاریخی ہے، اللہ تعالیٰ نے تمام مسلم ممالک میں سے محافظینِ حرمین کا شرف پاکستان کو عطاء کیا۔ اُنہوں نے مزید کہا کہ جس قوم نے علم اور قلم کو چھوڑا تو انتشار اور فسادالارض نے ان کی جگہ لی۔عزت اور طاقت تقسیم سے نہیں بلکہ محنت اور علم سے حاصل ہوتی ہے۔اُن کا کہنا تھا کہ دہشت گردی پاکستان کا نہیں ہندوستان کا وتیرہ ہے۔ہم دشمن کو چھپ کے نہیں بلکہ للکار کر مارتے ہیں۔اسلامی ریاست میں ریاست کے سوا کوئی جہاد کا حکم نہیں دے سکتا، معرکہ حق میں اللہ کی نصرت سے کامیابی ملی، علماء قوم کو متحد رکھیں اور قوم کی نظر میں وسعت پیدا کریں۔کانفرنس میں نائب وزیراعظم اور وزیر خارجہ اسحاق ڈار اور وفاقی وزراء سمیت اعلیٰ سرکاری حکام کے علاوہ علماء اور مشائخ کی بڑی تعداد موجود تھی۔

وزیراعظم کی اس بات سے کوئی اختلاف نہیں کرسکتا کہ قوم کی ترقی کی راہ میں سب سے بنیادی جزو اتحاد ہے، قائداعظمؒ نے بھی اتحاد، تنظیم اور یقین محکم ہی کا درس دیا تھا جسے ہم بھلا بیٹھے ہیں۔معاشرے میں کسی بھی سطح پر دیکھ لیں، ان اصولوں کی کمی نظر آتی ہے۔لوگ ایک دوسرے کو برداشت نہیں کرتے، مکالمے کا کلچر دم توڑ گیا ہے، بات کرنی مشکل ہوگئی ہے، مخالف کو نیچا دکھانے کے لئے ہر حد پار کر دی جاتی ہے۔سیاستدان ایک دوسرے کی بات سننے کو تیار نہیں ہیں، بارہا یہ بات کی جاتی ہے کہ ملک کو آگے لے کر جانے کے لئے معاشی استحکام ضروری ہے اور اس کے لئے سب سے زیادہ ضروری سیاسی استحکام ہے لیکن یہاں تو آوے کا آوا ہی بگڑا ہوا ہے، اپوزیشن حکومت سے بات نہیں کرنا چاہتی، حکومت کو لگتا ہے اسے اپوزیشن سے بات کرنے کی ضرورت نہیں ہے۔دنیا بھر میں انتخابات ہوتے ہیں، کسی کے حصے میں جیت آتی ہے اور کسی کے حصے میں ہار لیکن وہاں سیاسی عدم استحکام نظر نہیں آتا، نظام چلتا ہے ہر کوئی اپنے فرائض سرانجام دینے میں لگ جاتا ہے۔یہاں تو اِس وقت بانی پی ٹی آئی سے ان کی بہنوں کی ملاقات ہی سب سے بڑا مسئلہ بنا ہوا ہے۔بلاوجہ کے مسائل کھڑے کرنے سے کسی کے کچھ ہاتھ نہیں آئے گا، حکومت کو ہر اُس عمل سے گریز کرنا چاہئے جو اپوزیشن کو ایسا موقع فراہم کرے جسے بنیاد بنا کر عوامی جذبات کو ابھارا جا سکے۔اس میں خارجی محاذ پر کئی مسائل کا سامنا ہے، دشمن گھات لگائے بیٹھا ہے ایسے میں داخلی معاملات میں بگاڑ ملک دشمن عناصر کے حوصلے بلند کرے گا، گھر کے اندر اگر اتحاد اور اتفاق کی کمی ہو تو اِس کا فائدہ ہمیشہ باہر والے ہی اٹھاتے ہیں۔اہلِ سیاست ہوش کے ناخن لیں، حکومت اپنی ذمہ داری پوری کرے، اپوزیشن اپنے رویوں پر غور کرے، صفیں درست کریں اور آگے بڑھیں۔اگر صحیح معنوں میں آگے بڑھنا منظور ہے تو قوم کو متحد کرنے کے لئے باتوں سے زیادہ عملی اقدامات اور ایک دوسرے کو اعتماد دینے کی ضرورت ہے، تالی دونوں ہاتھوں سے بجتی ہے

نئے خطرات اور نئے چیلنجز

سلمان عابد

پاکستان کی داخلی اور علاقائی سلامتی سیاسی و معاشی استحکام کے لیے بنیادی کنجی کی حیثیت رکھتی ہے۔ان مسائل کی موجودگی میں ہم اپنے قومی یا علاقائی مسائل کا بہتر حل تلاش نہیں کرسکیں گے۔

یہ سوچنا کہ ہمیں داخلی اور علاقائی سیاست میں کوئی خطرات نہیں، ہم بہتری کی طرف بڑھ رہے ہیں اور دنیا ہماری اس حیثیت کو تسلیم بھی کررہی ہے محض خود کو دھوکہ دینے کی کوشش ہوگی۔مسئلہ مسائل کو جذباتیت کی آنکھ سے دیکھنے کا نہیں بلکہ ان مسائل کے گہرے ادراک اور زمینی حقایق کو تسلیم کرنا یا اس پر متبادل حکمت عملی کے نظام کا ہے۔خود کو جذباتیت کی سیاست ،معیشت اور سیکیورٹی تک محدود کرکے ہم قومی مسائل کا گہرائی سے تجزیہ نہیں کرسکیں گے۔یہ عمل جہاں خود کو دھوکہ دینے سے جڑا ہوا ہے وہیں قوم کو بھی سیاسی گمراہی کی طرف دھکیلنے کا ہے کہ ہمیں کوئی خطرات نہیں۔

پاکستان افغانستان کے درمیان تعلقات کی بہتری کے لیے مذاکرات میں قطر اور ترکی کا کردار بھی نتیجہ خیز نہیں ہوسکا اور نہ ہمیں افغانستان سے وہ نتائج مل سکے جس کی ہمیں دوست ممالک سے توقعات تھیں۔اب سعودی عرب کی جانب سے بھی ثالثی کی کوشش کہ افغانستان اور پاکستان کے درمیان موجود کشیدگی کا خاتمہ ہو وہ بھی نتیجہ خیز ثابت نہیں ہوسکی۔افغانستان کے رویے کے باعث مذاکرات میں ان اہم تین ممالک کی کوششیں بھی بارآور نہیں ہوسکیں، پاکستان کے افغانستان یا ٹی ٹی پی کے بارے میں جو تحفظات تھے یا جو ہم یقین دہانی افغانستان سے چاہتے تھے اس میں کوئی بڑی پیش رفت نہیں ہوسکی۔

افغانستان نے پاکستان کے تحفظات کے برعکس خود سے اپنے تحفظات کی ایک لمبی فہرست جاری کردی۔چین کی جانب سے بھی پاکستان اور افغانستان کے درمیان بہتر تعلقات کی پس پردہ کوششوں سے بھی کوئی نتیجہ برآمد نہیں ہوسکا۔یہ واقعی اہم مسئلہ ہے کہ ہم افغانستان سے اپنے مسائل کے حل کی کوئی یقین دہانی حاصل نہیں کرسکے۔

یہ ناکامی سے جہاں پاکستان دوچار ہے وہیں ہمیں اس بات کو بھی تسلیم کرنا ہوگا کہ دو طرفہ مسائل کے حل میں خود افغان قیادت کا رویہ میں بھی سیاسی لچک کم اور سخت گیر یا پاکستان مخالف طرز عمل کا رجحان زیادہ دیکھنے کو ملا ہے۔ یہ عمل یقینی طور پر پاکستان اور افغانستان سمیت مجموعی طور پر پورے خطہ کی سیاست کے لیے کوئی اچھا پہلو نہیں اور ان خطرات کی وجہ سے پورے خطہ میں سیاست، معیشت اور سیکیورٹی کے مسائل بڑھیں گے اور اس کا براہ راست اثر پاکستان پر بھی پڑے گا۔

اس لیے بہتر ہوتا کہ افغانستان سے مسائل کا حل بات چیت کی مدد سے ہی تلاش کیا جاتا لیکن افغانستان کے مثبت طرز عمل اور کچھ مثبت یقین دہانیوں کے بغیر دوطرفہ مسائل کا حل ممکن ہوسکے گا۔ایک بڑی خرابی یہ نظر آرہی ہے کہ اس وقت افغانستان کا جھکاؤ بھارت کی طرف ہے۔وہ اس خطہ کی سیاست میں بھارت کو اپنا حلیف اور ہمیں اپنا مخالف سمجھ رہا ہے۔اسی بنیاد پر پاکستان کے افغانستان کے طرز عمل یا پالیسیوں پر خدشات بڑھ رہے ہیں اور ہمیں لگتا ہے کہ سیاسی حکمت عملی کے نتیجہ خیز ثابت نہ ہونے کے باعث ہمارے پاس طاقت کے استعمال کا ہی واحد آپشن ہے۔یہ ہی وجہ ہے کہ پاکستان کی قیادت میں اس وقت افغانستان کی موجودہ قیادت کے بارے میں سخت گیر حکمت عملی کا پہلو دیکھنے کو مل رہا ہے۔

پاکستان اب تواتر کے ساتھ موجودہ افغان رجیم کو بھی چیلنج کررہا اور اس رجیم کو عوامی حمایت سے محرومی کے طور پر پیش کرکے ان پر دباؤ ڈال رہا ہے۔دوسری طرف پاکستان خطے میں بھارت افغان گٹھ جوڑ کو بھی اپنی مخالفت کے طور پر دیکھ رہا ہے اور حالیہ پاکستان میں ہونے والی دہشت گردی کو بھی اسی فریم ورک کی بنیاد پر دیکھ کر اپنی حکمت عملی کو ترتیب دینے کی کوشش کررہا ہے۔

افغان وزیر خارجہ نے الزام لگایا کہ افغانستان سے بھارت کے بڑھتے ہوئے تعلقات پر ہم پر پاکستان کی جانب سے دباؤ بڑھایا جارہا ہے کہ ہم اس پر نظر ثانی کریں۔حالانکہ پاکستان کو یہ حق نہیں کہ وہ ہمیں ڈکٹیشن دے کہ ہم کسی سے بھی اپنے تعلقات کیسے رکھیں۔افغان وزیر خارجہ امیر خان متقی کو ایک بات سمجھنی ہوگی کہ مسئلہ افغانستان اور بھارت کے بہتر تعلقات کا نہیں اور یہ ہر ملک کا حق ہے کہ وہ جس سے چاہے تعلقات بہتر رکھے۔لیکن پاکستان کا مسئلہ یہ ہے کہ افغان بھارت تعلقات کی نوعیت پاکستان کی مخالفت یا پاکستان دشمنی کی بنیاد پر نہیں ہونا چاہیے۔

پاکستان کا سب سے بڑا مسئلہ یہ ہے کہ کیا ہم ایک ہی وقت میں پاکستان کی مخالفت میں دو محاذ کھول سکتے ہیں یا یہ ہماری داخلی سلامتی میں بہتر ہوگا، یقینا نہیں ہوگا۔ایک ہی وقت میں بھارت اور افغانستان کے ساتھ ٹکراؤ ہمارے مفاد میں نہیں۔ بھارت پہلے ہی ہمارے خلاف بہت آگے تک چلا گیا ہے اور ایسے میں افغانستان سے ہمارا بگاڑ خود بھارت کے مفاد میں ہے اور وہ افغانستان کی ایسی صورتحال کو پاکستان کی مخالفت اور پراکسی جنگ کے طور پر استعمال کرے گا۔ایک ایسی صورتحال میں جب ہمارا موقف یہ ہے دہلی اور کابل پاکستان مخالف سرگرمیوں کا مرکز بنا ہوا ہے تو ہمیں اور زیادہ احتیاط یا سفارت کاری کی

افغانستان: عالمی دہشت گردوں کا ہیڈ کوارٹر

تنویر قیصر شاہد

یہ کہنا شائد غلط نہیں ہوگا کہ اگر افغان طالبان کو پاکستان کی اعانت حاصل نہ ہوتی تو طالبان کبھی افغانستان پر قبضہ نہیں کر سکتے تھے۔

افغان طالبان دوسری بار افغانستان کے اقتدار پر قابض ہُوئے ہیں اور یہ قبضہ دونوں بار ہی پاکستان کی مدد اور توسط سے ہُوا ہے۔افغانستان میں شروع ہُوئے نام نہاد جہادِ افغانستان میں جب پاکستان کی ایک غیر نمایندہ اور شخصی حکومت نے جی جان سے پاکستان کو جھونک دیا تھا اور افغان مہاجرین کو اپنے کندھوں پر سوار کر لیا تھا، تب بھی پاکستان میں اُٹھنے والی چند دانشمند آوازیں خبردار کررہی تھیں کہ یہ جہاد نہیں، فساد ہے۔

مگر یہ آوازیں طاقتوروں اور فیصلہ سازوں کی طاقت کے سامنے دَب کر رہ گئیں۔ نام نہاد جہادِ افغانستان میں پاکستان کے جملہ وسائل جھونکنے والے ہمارے سابقہ سویلین اور غیر سویلین حکمرانوں کے سامنے یقیناً کچھ ذاتی اور ملکی مفاد بھی ہوں گے۔ اِسی لیے تو بعض عاقبت نااندیشوں نے افغانستان کو پاکستان کے لیے تزویراتی گہرائی (Strategic Depth) بھی قرار دیا تھا۔

اِس نام نہاد ’’تزویراتی گہرائی‘‘ کے موہوم سے حصول کے لیے پاکستان کے فیصلہ سازوں اور طاقتوروں کی ایما پر افغانستان کے جنگجو گروہوں کے کئی قائدین کو برسہا برس تک پاکستان میں خاندانوں سمیت تحفظ فراہم کیا۔ اُنہیں متنوع اور مسلسل امداد فراہم کی جاتی رہی۔ یہاں تک کہ آج کی ساری (پاکستان دشمن) افغان طالبان قیادت پاکستان کی مفت روٹیاں کھا کر اور پاکستان کے مدارس سے مفت تعلیم حاصل کرکے جوان ہُوئی۔

برسوں کی ریاضت اور برسوں پر مشتمل اربوں ڈالر کی اِس سرمایہ کاری کا نتیجہ مگر صفر نکلا ہے: ارضِ پاکستان اور پاکستانیوں کے لیے مطلقاً خونریز! احسان فراموش اور محسن کش افغان طالبان پر کی گئی پاکستان کی گذشتہ 40 برسوں کی محنت کھوکھاتے میں چلی گئی: بالکل اکارت!! یہاں تک کہ آج پاکستان کے وزیر دفاع، خواجہ محمد آصف، کو اقرار اور اعتراف کرنا پڑ رہا ہے کہ ’’افغان طالبان کو سمجھنے میں ہم سے غلطی ہُوئی ہے۔‘‘ اور یہ مبینہ غلطی اب پاکستان، پاکستانی اسٹیبلشمنٹ اور پاکستانی قوم کے گلے پڑ چکی ہے۔

کوئی دن ایسا نہیں جاتا جب احسان فراموش افغان طالبان کے زیر سرپرستی ٹی ٹی پی اور ٹی ٹی اے کے خونخوار دہشت گرد افغانستان سے نظریاتی و اسلحی ہتھیاروں سے لیس ہوکر سرزمینِ پاکستان اور اہلِ پاکستان پر حملہ آور نہیں ہوتے۔ ہماری مغربی سرحدوں پر افغان طالبان کے حملوں میں آئے روز ہمارے معصوم شہری اور ہماری افواج کے شیر دل جوان اور افسر شہید ہو رہے ہیں۔

شہادتوں کا شمار اور حساب کسی گنتی میں نہیں رہا۔ دہشت گرد افغان طالبان کے ہاتھوں ہمارے سیکڑوں لوگ شہید ہو چکے ہیں۔ہمارا ہر شہری استفسار کررہا ہے: پاکستانی کب تک نام نہاد جہادِ افغانستان کی قیمت ادا کرتے رہیں گے؟ ہمارے باخبر DGISPR کی نقاب کشا پریس کانفرنسیں جہاں ہمارے شہدا کی ہوشربا تعداد بتا رہی ہیں، وہیں یہ انکشافات بھی سامنے لائے جارہے ہیں کہ پاکستان دشمن ٹی ٹی پی اور ٹی ٹی اے کے ہزاروں دہشت گرد بھی جہنم واصل کیے جا چکے ہیں اور اب بھی یہ سلسلہ جاری ہے۔

لالچی ، احسان فراموش اور محسن کش افغان طالبان نے اب پاکستان کے ازلی دشمن، بھارت، سے بھی یارانہ گانٹھ لیا ہے۔ اِسی یارانے کا ایک نتیجہ یہ بھی نکلا ہے کہ مئی میں پاکستان سے عبرتناک جنگی شکست کھانے کے بعد بھارت نے افغان طالبان کو ،نومبر 2025 میں، پاکستان کے خلاف بھی باقاعدہ شُشکارا۔ پاکستان نے مگر اِس محاذ پر بھی افغان طالبان کو خاک چٹوادی۔اور اگر قطر فوری طور پر بیچ بچاؤ نہ کرواتا تو شائد اب تک افغان طالبان کی کمر توڑی جا چکی ہوتی۔ واقعہ یہ ہے کہ افغان طالبان اور طالبان کے افغانستان کی دہشت گردیاں چہار سُو پھیل چکی ہیں۔ افغان طالبان کا کوئی بھی ہمسایہ ملک طالبان کی شرانگیزیوں اور شراروں سے محفوظ اور مامون نہیں ہے۔

پاکستان کے ساتھ ساتھ ایران، تاجکستان، چین اور امریکا تک افغان طالبان کے مہلک شرارے پہنچ رہے ہیں۔ ہر ملک اور ہر عالمی ادارہ شدت سے محسوس کررہا ہے کہ افغان طالبان کا وجود عالمی امن اور عالمی معیشت کے لیے بھیانک شکل اختیار کر چکا ہے ۔کہنا پڑے گا کہ افغان طالبان کے زیر تسلط افغانستان درحقیقت ایک کوڑھ بن چکا ہے۔شائد اِسی لیے امریکا کے ممتاز ترین تھنک ٹینک اور تحقیقاتی ادارے ’’یوریشیا ریویو‘‘(Eurasia Review) نے یکم دسمبر 2025 کو ایک خصوصی رپورٹ شائع کی ہے۔

اِس رپورٹ کا عنوان ہے: Afghanistan,s Alarming Resurgence As A Global Terror Hub Under Taliban Rule۔ یہ رپورٹ چشم کشا ہی نہیں، بلکہ عالمی فیصلہ سازوں کے لیے انتباہ بھی ہے کہ اگر افغان طالبان اور ان کے زیرنگرانی پنپنے والے دہشت گردوں اور خوارج کی ناک میں نکیل نہ ڈالی گئی تو عالمی دہشت گردوں کا ہیڈ کوارٹر بننے والا افغان طالبان کا افغانستان دُنیا کو جلا ڈالے گا۔رپورٹ میں کھلے الفاظ کے ساتھ آج کے افغانستان میں بڑھتی ہوئی دہشت گرد سرگرمیوں اور دہشت گردوں کو دنیا بھر کے امن و استحکام کے لیے سنگین خطرہ قرار دیا گیا ہے۔

’’یوریشیا ریویو‘‘ رپورٹ کے مطابق: ’’طالبان کے دوبارہ اقتدار میں آنے کے بعد افغانستان تیزی سے بین الاقوامی دہشت گرد تنظیموں اور ہلاکت خیز گروہوں کی محفوظ پناہ گاہ بنتا جا رہا ہے۔ افغان طالبان کے افغانستان میں پھلنے پھولنے والے بھاری اور ناقابلِ تردید شواہد عالمی سیکیورٹی کے لیے خطرے کی گھنٹی ہیں۔افغانستان میں داعش خراسان، القاعدہ، مشرقی ترکستان کے عسکریت پسندوں سمیت وسطی ایشیائی دہشت گرد گروہ سرگرم ہیں۔ یہ سب دہشت گرد گروہ بھرتی، فنڈنگ، پروپیگنڈا اور سرحد پار حملوں کی پُرخطر منصوبہ بندیوں میں ملوث ہیں۔ چند دن قبل تاجکستان میں پانچ چینی انجینئرز پر ہونے والا ڈرون حملہ اس بڑھتے ہوئے سرحد پار (افغانستان) خطرے کی تازہ ترین اور واضح مثال ہے۔امریکی شہر واشنگٹن ڈی سی میں دو نیشنل گارڈز پر قاتلانہ حملے میں بھی ایک افغان باشندے کے ملوث ہونے کا انکشاف ہوا ہے، جس کے مبینہ طور پر دہشت گرد نیٹ ورکس سے روابط تھے۔‘‘

یوریشیا ریویو نے زور دیتے ہُوئے لکھا ہے: ’’افغان طالبان کے افغانستان سے تیار دہشت گردی جو پہلے صرف پاکستان کو نشانہ بناتی تھی، اب پوری دنیا کی جانب بڑھ اور پھیل رہی ہے۔اقوامِ متحدہ اور عالمی ایجنسیاں بھی افغانستان میں دہشت گرد تنظیموں کے دوبارہ سر اُٹھانے اور روز بروز مضبوطی پر مسلسل خبردار کر رہی ہیں۔ مثال کے طور پر: ڈنمارک کی نمایندہ کے مطابق تقریباً 6 ہزار ٹی ٹی پی دہشت گرد آج کے افغانستان میں موجود ہیں جنھیں طالبان رجیم کی مکمل مدد حاصل ہے۔افغانستان میں افغان طالبان کے کارن آج افغانستان میں مختلف النوع بین الاقوامی دہشت گردوں کی مجموعی تعداد 13 ہزار سے تجاوز کر چکی ہے۔

مگر طالبان حکومت نہ تو دہشت گردوں کو روکنے کی صلاحیت رکھتی ہے اور نہ ہی نیت۔‘‘ یوریشیا ریویو نے خبردار کرتے ہُوئے یہ بھی لکھا ہے: ’’آج طالبان کا افغانستان عالمی شدت پسند گروہوں اور دہشت گردوں کے لیے محفوظ پناہ گاہ، بھرتی مرکز اور لانچنگ پیڈ بن چکا ہے۔ اگر عالمی اور علاقائی قوتوں نے فوری اور واضح حکمتِ عملی نہ اپنائی تو نہ صرف پاکستان، وسطی ایشیائی ممالک اور علاقائی ریاستیں، بلکہ امریکا، یورپ اور خلیجی ممالک بھی افغان طالبان کی دہشت گردی کی نئی لہر سے محفوظ نہیں رہ سکیں گے۔ پاکستان کئی برسوں سے افغان سرزمین سے اُٹھنے والی دہشتگردی کا سب سے بڑا ہدف بنتا آیا ہے اور اس حوالے سے متعدد بار ناقابلِ تردید شواہد عالمی برادری کے سامنے پیش کر چکا ہے‘‘۔

پاکستان کی جانب سے افغان طالبان اور طالبان کے افغانستان میں دہشت گردیوں کے متعدد اور ناقابلِ تردید شواہد عالمی برادری کے سامنے اور عالمی فورموں میں پیش کیے جانے کے باوجود افغان طالبان کے خلاف کوئی مؤثر اور متحدہ کارروائی بروئے کار نہیں لائی جا رہی ۔ اور اب نیویارک کے معروف تھنک ٹینک ’’یوریشیا ریویو‘‘ نے مذکورہ بالا رپورٹ شائع کی ہے۔

عالمی برادری کی آنکھیں اب ہی کھل جانی چاہئیں۔اور اگر اب بھی افغان طالبان اور ٹی ٹی پی کی بدمعاشیوں کے خلاف دُنیا کی آنکھیں نہ کھلیں تو شدید خدشات ہیں کہ کوئی دوسرا نائن الیون پھر نہ ہو جائے۔پہلا ہلاکت خیز نائن الیون بھی تو مُلّا عمر کے پہلے طالبان دَور میں ہُوا تھا۔’’یوریشیا ریویو‘‘ نے 3 دسمبر 2025 کی دوسری اشاعت میں بھی واضح الفاظ میں لکھا ہے کہ افغان طالبان اپنے نظریاتی تعصبات، انتظامی نااہلیوں اور باطنی گروہی تضادات و تصادموں کے باعث مکمل طور پر مفلوج ہوچکی ہے۔

درست دماغ، سیاست ایسی نہیں ہوتی

محمد سعید آرائیں

ملک کی تاریخ میں پہلی بار بانی پی ٹی آئی کو ایک ایسا ذہنی مریض قرار دیا گیا ہے جس کا آئے دن جاری ہونے والا بیانیہ قومی سلامتی کے لیے خطرہ بن جاتا ہے۔فوجی ترجمان کے مطابق وہ سمجھتا ہے کہ میں نہیں، تو کچھ نہیں۔اس کے نزدیک اس کی ذات اور خواہشات ریاست پاکستان سے بڑھ کر ہے اور وہ اپنے بیانات کے ذریعے فوج اور عوام کے درمیان دراڑ ڈالنے کی کوشش کر رہا ہے۔

سیاسی تجزیہ کاروں کا کہنا ہے کہ بانی کے اپنے بیانات کی وجہ سے ایک ایسا سخت موقف سامنے آیا جو ماضی میں کبھی کسی سیاسی جماعت کے رہنما کے خلاف نہیں اپنایا گیا۔ ایک اینکر کے سوال کے جواب میں فوجی ترجمان کا کہنا درست ہے کہ موجودہ فوجی قیادت کا ماضی کی فوجی قیادت کے اقدامات سے کوئی تعلق نہیں اور نہ وہ سیاست میں ملوث ہے مگر بعض عناصر فوج کو سیاست میں ملوث کرنا چاہتے ہیں مگر فوج ایسا نہیں کرسکتی، کیونکہ فوج کی مکمل توجہ سرحدی صورت حال کے باعث اپنے ملکی دفاعی معاملات پر مرکوز ہے مگر کسی کو یہ اجازت نہیں دے گی کہ کوئی عوام کو فوج کے خلاف بھڑکائے۔

وزیراعظم کے مشیر رانا ثنا اللہ نے سینیٹ میں ایک بار پھر کہا ہے کہ حکومت پی ٹی آئی سے بات کرنے کو تیار ہے مگر وہ ہم سے بات کرنے کو تیار نہیں اور وہ جن سے بات کرنا چاہتے ہیں وہ راضی نہیں ہیں۔ رانا ثنا اللہ سمیت حکومتی رہنما واضح کرتے رہتے ہیں کہ حکومت نے پی ٹی آئی سے مذاکرات سے کبھی انکار نہیں کیا اور اسپیکر قومی اسمبلی کی سربراہی میں پی ٹی آئی سے مذاکرات کا آغاز ہوا بھی تھا جو بانی نے خود رکوا دیا تھا، کیونکہ بانی حکومت کی بجائے اسٹیبلشمنٹ سے بات کرنے کے بیانات دیتے رہے ہیں تو حکومت کیا کرسکتی ہے؟

پی ٹی آئی کے بانی جس طرح کے بیانات دیتے آرہے ہیں اس کے برعکس بیرسٹر گوہر دعویٰ کر رہے ہیں کہ پی ٹی آئی کا بیانیہ کبھی ملک دشمن رہا اور نہ ہی ہوگا۔ پاکستان ہمارا، فوج بھی ہماری ہے سب کو ایک دوسرے کو تسلیم کرنے کی ضرورت ہے۔ پی ٹی آئی کے جیل میں قید بانی نے بیرسٹر گوہر کو پی ٹی آئی کا چیئرمین بنا رکھا ہے جو پی ٹی آئی کی پالیسی بیان کر رہے ہیں۔

بانی کا بیانیہ ہمیشہ اس کے برعکس چلا آرہا ہے اور ان کا نشانہ ریاستی ادارے ہیں مگر بانی باز نہیں آ رہے اور انھوں نے مسلسل عوام کو ریاستی اداروں کے خلاف بھڑکانے کی پالیسی اپنا رکھی ہے۔بانی کی منافقت یہ ہے کہ وہ سیاسی حکومت سے مذاکرات نہیں چاہتے ہیں اور ریاستی اداروں پر مسلسل تنقید انھوں نے اپنا وتیرہ بنا رکھا ہے۔

بانی اپنے دشمن بیانیوں سے باز نہیں آرہے جس کی وجہ سے فوجی ترجمان کو انھیں ذہنی مریض قرار دینا پڑا جو درست ہے کیونکہ کوئی بھی صحیح الدماغ سیاسی رہنما ایسے بیانات نہیں دیتا اور نہ ہی درست دماغ رکھنے والے کسی سیاسی رہنما نے دیا ہے جیسے بیانات بانی پی ٹی آئی مسلسل دے رہے ہیں مگر پی ٹی آئی نے سرکاری طور پر کبھی ایسا متنازعہ بیان نہیں دیا اور بیرسٹر گوہر کا کہنا درست ہے مگر وہ اپنے بانی کو ایسے متنازعہ بیانات جاری کرنے سے روکنے کی جرأت بھی نہیں رکھتے اور نہ چیئرمین ہوتے ہوئے وہ پی ٹی آئی کے بیرون ملک سے آپریٹ کیے جانے والے سوشل میڈیا کے ملک دشمن اور مذموم گمراہ کن پروپیگنڈے کو روک سکے جو ان کے اختیار میں نہیں ہے، کیونکہ بانی خود یہ پروپیگنڈا کروا رہے ہیں تو کوئی بھی دوسرا سوشل میڈیا کو کیسے روک سکتا ہے؟

پاکستان میں نواز شریف کی تین اور بے نظیر کی دو حکومتیں ختم کی گئیں۔ دونوں کو جیلوں میں رکھا گیا، دونوں پر بے انتہا مظالم ہوئے، نواز شریف کی اپنی جاں مرگ شدید بیمار اہلیہ سے آخری گفتگو بانی نے نہیں ہونے دی تھی مگر بانی کو اپنی اہلیہ سے جیل میں ملوایا جاتا ہے اور بیرون ملک دونوں بیٹوں سے فون پر بات کرائی جاتی ہے۔

انھیں جیل میں من پسند خوراک کی سہولت حاصل ہے۔وہ کئی بیرکوں پر مشتمل قید خانے میں ورزش بھی کرتے ہیں، ان کی بہنیں اور وکلا کی ملاقات ان کی جیل میں سیاست کا ذریعہ بنی ہوئی ہیں وہ پی ٹی آئی کے سوشل میڈیا کو اپنا مواد فراہم اور ریاستی اداروں کے خلاف مذموم مہم چلوا رہے ہیں۔قید میں کسی عام قیدی کو تو کیا کسی بڑے سیاسی رہنما کو بھی وہ سہولتیں حاصل نہیں رہیں جو بانی کو حاصل ہیں۔

انھوں نے اپنے آئینی برطرف کیے جانے کو مختلف رنگ دیے، کبھی امریکا پر، کبھی ریاستی اداروں کو برطرفی کا ذمے دار ٹھہرایا۔حصول اقتدار کی اندھی خواہش کے لیے 9 مئی جیسا سانحہ رونما کرایا جس کے ثبوت موجود ہیں جس پر وہ معافی مانگنے کو تیار نہیں ہیں۔

کوئی عقل مند سیاستدان کبھی اپنی پنجاب و کے پی کی حکومتوں ختم نہیں کراتا، مگر پارٹی کی مخالفت کے باوجود اسمبلیاں تڑوائیں اور اب اپنے وفادار وزیراعلیٰ کے پی کو فارغ کیا جو ان کی رہائی کے لیے کوشاں تھا۔کوئی بھی عقل مند سیاسی رہنما اپنی پارٹی کی بجائے کسی دوسری پارٹی کے واحد رکن کو اپوزیشن لیڈر کبھی نہیں بنائے گا مگر فارغ الدماغ اور ذہنی مریض نے ہر وہ کام کیا جو اب تک کسی سیاسی رہنما نے نہیں کیا۔ ہر عقل مند اور سیاسی شعور رکھنے والا سیاستدان اپنے معاملات بگاڑتا نہیں بہتر کرنے کی کوشش کرتا ہے۔کوئی بھی رہائی و ذاتی مفاد کے لیے نہیں کہہ سکتا کہ مجھے ہٹانے کی بجائے ملک پر ایٹم بم مار دیا جاتا۔کیا کوئی ذی ہوش ایسا کرسکتا ہے؟

ملک کی تاریخ میں پہلی بار بانی پی ٹی آئی کو ایک ایسا ذہنی مریض قرار دیا گیا ہے جس کا آئے دن جاری ہونے والا بیانیہ قومی سلامتی کے لیے خطرہ بن جاتا ہے۔فوجی ترجمان کے مطابق وہ سمجھتا ہے کہ میں نہیں، تو کچھ نہیں۔اس کے نزدیک اس کی ذات اور خواہشات ریاست پاکستان سے بڑھ کر ہے اور وہ اپنے بیانات کے ذریعے فوج اور عوام کے درمیان دراڑ ڈالنے کی کوشش کر رہا ہے۔

سیاسی تجزیہ کاروں کا کہنا ہے کہ بانی کے اپنے بیانات کی وجہ سے ایک ایسا سخت موقف سامنے آیا جو ماضی میں کبھی کسی سیاسی جماعت کے رہنما کے خلاف نہیں اپنایا گیا۔ ایک اینکر کے سوال کے جواب میں فوجی ترجمان کا کہنا درست ہے کہ موجودہ فوجی قیادت کا ماضی کی فوجی قیادت کے اقدامات سے کوئی تعلق نہیں اور نہ وہ سیاست میں ملوث ہے مگر بعض عناصر فوج کو سیاست میں ملوث کرنا چاہتے ہیں مگر فوج ایسا نہیں کرسکتی، کیونکہ فوج کی مکمل توجہ سرحدی صورت حال کے باعث اپنے ملکی دفاعی معاملات پر مرکوز ہے مگر کسی کو یہ اجازت نہیں دے گی کہ کوئی عوام کو فوج کے خلاف بھڑکائے۔

وزیراعظم کے مشیر رانا ثنا اللہ نے سینیٹ میں ایک بار پھر کہا ہے کہ حکومت پی ٹی آئی سے بات کرنے کو تیار ہے مگر وہ ہم سے بات کرنے کو تیار نہیں اور وہ جن سے بات کرنا چاہتے ہیں وہ راضی نہیں ہیں۔ رانا ثنا اللہ سمیت حکومتی رہنما واضح کرتے رہتے ہیں کہ حکومت نے پی ٹی آئی سے مذاکرات سے کبھی انکار نہیں کیا اور اسپیکر قومی اسمبلی کی سربراہی میں پی ٹی آئی سے مذاکرات کا آغاز ہوا بھی تھا جو بانی نے خود رکوا دیا تھا، کیونکہ بانی حکومت کی بجائے اسٹیبلشمنٹ سے بات کرنے کے بیانات دیتے رہے ہیں تو حکومت کیا کرسکتی ہے؟

پی ٹی آئی کے بانی جس طرح کے بیانات دیتے آرہے ہیں اس کے برعکس بیرسٹر گوہر دعویٰ کر رہے ہیں کہ پی ٹی آئی کا بیانیہ کبھی ملک دشمن رہا اور نہ ہی ہوگا۔ پاکستان ہمارا، فوج بھی ہماری ہے سب کو ایک دوسرے کو تسلیم کرنے کی ضرورت ہے۔ پی ٹی آئی کے جیل میں قید بانی نے بیرسٹر گوہر کو پی ٹی آئی کا چیئرمین بنا رکھا ہے جو پی ٹی آئی کی پالیسی بیان کر رہے ہیں۔

بانی کا بیانیہ ہمیشہ اس کے برعکس چلا آرہا ہے اور ان کا نشانہ ریاستی ادارے ہیں مگر بانی باز نہیں آ رہے اور انھوں نے مسلسل عوام کو ریاستی اداروں کے خلاف بھڑکانے کی پالیسی اپنا رکھی ہے۔بانی کی منافقت یہ ہے کہ وہ سیاسی حکومت سے مذاکرات نہیں چاہتے ہیں اور ریاستی اداروں پر مسلسل تنقید انھوں نے اپنا وتیرہ بنا رکھا ہے۔

بانی اپنے دشمن بیانیوں سے باز نہیں آرہے جس کی وجہ سے فوجی ترجمان کو انھیں ذہنی مریض قرار دینا پڑا جو درست ہے کیونکہ کوئی بھی صحیح الدماغ سیاسی رہنما ایسے بیانات نہیں دیتا اور نہ ہی درست دماغ رکھنے والے کسی سیاسی رہنما نے دیا ہے جیسے بیانات بانی پی ٹی آئی مسلسل دے رہے ہیں مگر پی ٹی آئی نے سرکاری طور پر کبھی ایسا متنازعہ بیان نہیں دیا اور بیرسٹر گوہر کا کہنا درست ہے مگر وہ اپنے بانی کو ایسے متنازعہ بیانات جاری کرنے سے روکنے کی جرأت بھی نہیں رکھتے اور نہ چیئرمین ہوتے ہوئے وہ پی ٹی آئی کے بیرون ملک سے آپریٹ کیے جانے والے سوشل میڈیا کے ملک دشمن اور مذموم گمراہ کن پروپیگنڈے کو روک سکے جو ان کے اختیار میں نہیں ہے، کیونکہ بانی خود یہ پروپیگنڈا کروا رہے ہیں تو کوئی بھی دوسرا سوشل میڈیا کو کیسے روک سکتا ہے؟

پاکستان میں نواز شریف کی تین اور بے نظیر کی دو حکومتیں ختم کی گئیں۔ دونوں کو جیلوں میں رکھا گیا، دونوں پر بے انتہا مظالم ہوئے، نواز شریف کی اپنی جاں مرگ شدید بیمار اہلیہ سے آخری گفتگو بانی نے نہیں ہونے دی تھی مگر بانی کو اپنی اہلیہ سے جیل میں ملوایا جاتا ہے اور بیرون ملک دونوں بیٹوں سے فون پر بات کرائی جاتی ہے۔

انھیں جیل میں من پسند خوراک کی سہولت حاصل ہے۔وہ کئی بیرکوں پر مشتمل قید خانے میں ورزش بھی کرتے ہیں، ان کی بہنیں اور وکلا کی ملاقات ان کی جیل میں سیاست کا ذریعہ بنی ہوئی ہیں وہ پی ٹی آئی کے سوشل میڈیا کو اپنا مواد فراہم اور ریاستی اداروں کے خلاف مذموم مہم چلوا رہے ہیں۔قید میں کسی عام قیدی کو تو کیا کسی بڑے سیاسی رہنما کو بھی وہ سہولتیں حاصل نہیں رہیں جو بانی کو حاصل ہیں۔

انھوں نے اپنے آئینی برطرف کیے جانے کو مختلف رنگ دیے، کبھی امریکا پر، کبھی ریاستی اداروں کو برطرفی کا ذمے دار ٹھہرایا۔حصول اقتدار کی اندھی خواہش کے لیے 9 مئی جیسا سانحہ رونما کرایا جس کے ثبوت موجود ہیں جس پر وہ معافی مانگنے کو تیار نہیں ہیں۔

کھسیانی بلی، کھمبا نوچے

ڈاکٹر یونس حسنی

گزشتہ مئی میں پاکستان نے بھارت کے خلاف جو آپریشن بنیان مرصوص کیا اور اس کے نتیجے میں بھارت کو جس ہزیمت کا سامنا کرنا پڑا، اس کی بازگشت پوری دنیا میں سنائی دی اور مہینوں ایک نسبتاً بہت چھوٹی طاقت کے ہاتھوں ایک بڑی طاقت کی ایسی درگت کو دنیا بھر نے دیکھا، سنا، تبصرے کیے اور دھوم مچ گئی۔

ظاہر ہے اس ہزیمت نے بھارت کو جھنجھلاہٹ میں مبتلا کر دیا۔خبریں آنے لگیں کہ بھارت دوسرا آپریشن سندور کرنے والا ہے جس میں پاکستان کو سبق بھی سکھا دیا جائے گا اور اس شکست کا انتقام بھی لے لیا جائے گا۔

شکست کو تو بھارت نے ٹھنڈے پیٹوں برداشت نہیں کیا تھا چنانچہ وہ اس جنگ میں اپنی فضائیہ کو پہنچنے والے نقصانات کے اعتراف سے کنی کترا رہا ہے اور کسی طور یہ ماننے کو تیار نہیں ہوا کہ پاکستان نے اس کو غیر معمولی نقصانات پہنچائے ہیں لیکن زخم تو لگے تھے، اب کھسیانی بلی کھمبا نوچ رہی ہے۔

چند ماہ بعد جب بھارت کے ارباب حل وعقد کی سانسیں بحال ہوئیں اور وہ حملہ وملا کرنے کے ارادوں کو بالائے طاق رکھ کر اپنے پرانے حربوں پر اتر آئے ہیں۔اب وہ پاکستان کو خود شکست دینے کا خواب بالائے طاق رکھ کر اندر سے پاکستان کی خودکشی کی آس لگا بیٹھے ہیں۔

چنانچہ پچھلے دنوں بھارت کے وزیر ’’جنگ و جدل‘‘ راج ناتھ سنگھ گویا ہوئے کہ پاکستان میں اندر سے ٹوٹ پھوٹ ہونے والی ہے اور یہ کہ صوبہ سندھ جس کا کلچر قدیم بھارتی ثقافت یعنی موئن جودڑو کے مطابق ہے جلد ہی وہاں ثقافتی یلغار ہونے والی ہے۔

انھوں نے اپنی زبان میں کہا کہ ’’پاکستان وجود میں تو آ گیا مگر اصل چیز ثقافتی اور تہذیب اقدار ہیں جو باقی رہتی ہیں۔رہی سرحدیں تو وہ تو بدلتی رہتی ہیں اور کسے پتا کہ کب پاکستان کی سرحدوں میں تبدیلی واقع ہوجائے۔‘‘

راج ناتھ سنگھ جی نے درست فرمایا مگر سندھ کی تہذیب کو دور دراز تک لے جا کر موئن جودڑو کے کھنڈرات سے ملا کر اپنی امیدوں اور آرزوؤں کو اس دور دراز کی شے سے ہم آہنگ کرنا محض تکلف ہے۔راج ناتھ جی نے یہ بات نظرانداز کر دی ہے موئن جودڑو کے بعد سندھ کے دریا سے بہت پانی بہہ گیا ہے۔سندھ کی تہذیب، اس کے لباس، اس کی زبان ، اس کے رسم الخط اور اس کی تہذیبی روایات اب مسلم ثقافت سے ایسی اور اتنی ہم آہنگ ہوچکی ہیں کہ انھیں اس سے دور کرنا بڑا مشکل کام ہے اور یہ محض آرزومندی تو ہوسکتی ہے ہوش مندی ہرگز نہیں۔

سندھی زبان عربی (اسلامی) الفاظ سے مالا مال ہے، اس کا رسم الخط عربی رسم الخط ہے۔سندھ مہمان نوازی اور بھائی چارے اور برداشت کی خوبیوں کا حامل صوبہ ہے۔یہ وہی صوبہ ہے جس نے پاکستان میں شمولیت میں پہل کی تھی اور سب سے آگے بڑھ کر پاکستان کے وجود میں ضم ہوا تھا۔

اس لیے پاکستان کی اس کی علیحدگی کا تصور بھارتی آرزومندی تو ہوسکتی ہے اس کا حقیقت سے کوئی تعلق نہیں۔جاننے والے جانتے ہیں کہ بھارت پاکستان کے ہر صوبے میں اپنی اس آرزو کو آزماتا رہا ہے مگر اسے ناکامی اور نامرادی کے علاوہ کچھ نہ مل سکا۔ اب اس بار میدان جنگ میں ہزیمت سے دوچار ہونے کے بعد ایک بار پھر اپنی آرزومندی کو بروئے کار لانے کے لیے سندھ کا انتخاب فرمایا مگر:

اے بسا آرزو کہ خاک شدی

لیکن ایک بات انھوں نے درست کہی کہ سرحدوں کا کوئی اعتبار نہیں، یہ بدلتی رہتی ہیں اور نہیں کہا جاسکتا کہ کب کون سی سرحد بدل جائے اور اس اصول کا اطلاق بھارت پر بھی تو ہوسکتا ہے۔ بھارتی پنجاب، بھارت سے اکتایا بیٹھا ہے، نہیں کہا جاسکتا کہ کب بھارتی پنجاب کی سرحدیں ہی تبدیل ہو جائیں۔ادھر جنوبی بھارت میں وقفے وقفے سے علیحدگی کی آوازیں اٹھتی رہتی ہیں۔ آخر رام چندر جی نے لنکا کو بھارت کا حصہ بنا دیا تھا مگر آج لنکا ایک آزاد اور خودمختار ملک ہے، کل کو بھارت کا کوئی بھی اٹوٹ انگ اگر ٹوٹ پڑا تو کیا ہوگا۔

پاکستان کی فکر کرنے کے بجائے راج ناتھ جی کو بھارت میں علیحدگی کی اٹھنے والی آوازوں کو غور سے سننا چاہیے۔کہیں یہ آوازیں محض آوازیں نہ رہیں اور ان کے بیان کردہ اصول کے مطابق کہ سرحدوں کا اعتبار نہیں جانے کب بدل جائیں۔

آج ناتھ سنگھ نے جو بات اب واضح طور پر کہہ دی ہے وہ بھارتی لیڈرشپ کا اصول طرز فکر رہا ہے۔ پاکستان کی تخلیق سب جانتے ہیں کہ بھارت کی سخت مخالفت کے باوجود عمل میں آئی تھی چنانچہ اس کی تخلیق اس کے پہلے دن سے بھارت اس کے وجود کی مخالفت پر کمربستہ رہا ہے اور اس کی تباہی اور بربادی کا خواہش مند رہا ہے اور اس نے یہ بات چھپا کر نہیں رکھی ہے۔ جب بھی متوقع ملا اس نے کھل کر کھیلا بھی ہے۔

مگر اس بار وہ یہ موقع تلاش کرتا ہی رہ گیا اور انشا اللہ تلاش کرتا ہی رہے گا مگر کچھ نہ پا سکے گا۔ اب پاکستان بھی تجربات سے گزر کر دشمن کے ہتھکنڈوں سے آگاہ ہو چکا ہے۔ اب پاکستانی قوم خدا پر بھروسہ رکھتے ہوئے اپنے اتحاد پر قائم رہنے کا عہد کیے ہوئے ہے اور بھارت کی ’’توقعات‘‘ سے بے خوف ہو کر حمایت ایزدی کے بل بوتے پر زندہ رہنے کے فن سے آشنا ہوچکی۔

بارود، دھماکے اور تباہی: کیا بونیر کو کوئی بچائے گا؟

تحریر: انجینئر بخت سید یوسفزئی
-قلم حق

(بریڈفورڈ، انگلینڈ) غیر قانونی بلاسٹنگ نے بونیر اور اس کے اطراف کے حسین علاقوں کو جس بے رحمی سے متاثر کیا ہے، وہ نہ صرف ماحول کے لیے ایک المیہ ہے بلکہ یہاں بسنے والے ہزاروں لوگوں کی زندگیوں کے لیے ایک شدید خطرہ بھی بن چکا ہے۔ بونیر میں جاری بلاسٹنگ نے لوگوں کی روزمرہ زندگی اجیرن بنا دی ہے اور آئے دن ہونے والے دھماکوں نے عوام کو خوف، بے چینی اور بیماریاں دے دی ہیں۔عوام عرصہ دراز سے حکام بالا سے فریادیں کررہے ہیں کہ اس غیر قانونی عمل کو روکا جائے مگر بدقسمتی سے تاحال کوئی سنجیدہ قدم نہیں اٹھایا گیا۔بونیر کی پہچان ہمیشہ سے اس کے سرسبز پہاڑ، شفاف چشمے اور قدرتی خوبصورتی رہی ہے، مگر اب بلاسٹنگ کی وجہ سے وہ تمام دل فریب مناظر ماند پڑ چکے ہیں۔ جو چشمے کبھی علاقے کی زندگی سمجھے جاتے تھے وہ خشک ہورہے ہیں، پہاڑوں کی چوٹیاں ٹوٹ رہی ہیں اور دھول، مٹی اور آلودگی فضا کو زہر آلود بنا رہی ہے۔ ایسا لگتا ہے جیسے ایک صدیوں پرانی قدرتی وراثت چند لالچی لوگوں کی بھینٹ چڑھ گئی ہو۔علاقہ مکینوں کے مطابق جن اداروں کو عوام کے جان و مال کی حفاظت کرنی چاہیے تھی، وہی ادارے خاموش تماشائی بنے بیٹھے ہیں۔لوگ گلہ کرتے ہیں کہ اگر حکام بالا کو ’’حصہ‘‘ نہ مل رہا ہوتا تو شاید صورتحال مختلف ہوتی، مگر موجودہ حال یہ ہے کہ ان کے گھروں میں امن چھن گیا ہے مگر ذمہ دار دفاتر میں فائلیں تک نہیں ہل رہیں۔ مجبور ہوکر لوگ یہ سوچنے پر مجبور ہیں کہ انہیں خود نکل کر اپنے علاقے کو بچانا پڑے گا۔ بہت سے مقامی افراد نے ان حالات پر غصے اور بے بسی کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ اگر عوام خود آواز نہ اٹھائیں تو یہ بلاسٹنگ کبھی ختم نہیں ہوگی۔ انہوں نے واضح کیا کہ بونیر کے عوام کو یکجا ہو کر اپنے حق کے لیے کھڑا ہونا ہوگا ورنہ آنے والی نسلیں دھول، بیماریوں اور تباہی کے سوا کچھ نہیں پائیں گی۔اجتماعی جدوجہد کے بغیر یہ ظلم ختم ہوتا دکھائی نہیں دیتا۔لوگوں کے درد بھرے بیانات نے مسئلے کی سنگینی مزید بڑھا دی ہے، کیونکہ وہ بتاتے ہیں کہ بونیر میں ماربل انڈسٹری نے ماحول کو تباہ کر دیا ہے۔غیر مقامی لوگ بڑی تعداد میں آکر اس سرزمین سے دولت لوٹ رہے ہیں اور بدلے میں یہاں کی عوام کو بیماری، آلودگی اور تباہی دے رہے ہیں۔مقامی لوگوں کا کہنا ہے کہ صاف پانی ختم ہورہا ہے، سڑکیں ٹوٹ پھوٹ کا شکار ہیں اور فضائی آلودگی بڑھتی جارہی ہے۔ بیماریوں کی شرح میں اضافہ ہورہا ہے اور لوگ اس بدترین صورتحال پر بے حد پریشان ہیں۔بونیر کے لوگوں کو یہ تک کہنا پڑ گیا ہے کہ اگر اب بھی حکومت نے پابندی نہ لگائی تو یہاں زندگی مزید مشکل ہوتی چلی جائے گی۔ لوگ سوال کرتے ہیں کہ آخر کب تک ان کی زمینیں، ان کے پہاڑ، ان کی فضا اور ان کا مستقبل چند غیر قانونی دھماکوں کی نذر ہوتا رہے گا؟ عوام یہ سمجھ چکی ہے کہ یہ صرف ایک صنعتی مسئلہ نہیں بلکہ پورا انسانی المیہ بنتا جا رہا ہے۔اداروں کی خاموشی اس صورتحال کو مزید خطرناک بناتی جارہی ہے۔ محکمہ صحت، محکمہ جنگلات، محکمہ ماحولیات، محکمہ ماحولیاتی تحفظ اور محکمہ جنگلی حیات۔ سب ایسے لگتا ہے جیسے اپنی ذمے داریوں سے غافل ہوچکے ہیں۔ ان محکموں کا کردار اس معاملے میں نہ صرف کمزور بلکہ شرمناک حد تک غیر مؤثر نظر آتا ہے۔کوئی پوچھنے والا نہیں کہ ان اداروں کا اصل مقصد عوام کی حفاظت ہے یا ماربل مافیا کی پشت پناہی؟ ماربل مافیا اس وقت خود کو ناقابلِ شکست سمجھ رہی ہے کیونکہ اسے معلوم ہے کہ حکومتی مشینری اس کے آگے بے بس ہو چکی ہے۔ اس انڈسٹری سے وابستہ افراد جلد دولت کمانے کی لالچ میں نہ صرف ماحول تباہ کررہے ہیں بلکہ سلارزی کے غریب عوام کی زندگیاں بھی برباد کر رہے ہیں۔ ان کے لیے دولت اہم ہے مگر عوام کے بچے، عورتیں، بزرگ اور ان کی صحت و زندگی کوئی معنی نہیں رکھتی۔ ماضی میں ایک بدقسمت شخص نے صوبائی حکومت کو یہ تجویز دی کہ سلارزی کی قیمتی زرعی زمینیں ماربل سٹی کے لیے موزوں ہیں۔ یہ تجویز فقط ایک تجویز نہیں تھی بلکہ غریبوں کے مقدر پر حملہ تھا۔ اس فیصلے نے علاقے کی زرخیز زمینوں کو بارود کے ڈھیر میں بدل دیا۔ جو کھیت کبھی غریب عوام کی روزی تھے وہ آج دھماکوں کی گونج میں چیخ رہے ہیں۔ یہی وہ فیصلہ تھا جس نے علاقے کے سینکڑوں خاندانوں کو ذہنی اذیت میں مبتلا کر دیا۔ ان لوگوں کے گھروں میں کبھی امن تھا، مگر آج بچے دھماکوں کے شور میں بڑے ہورہے ہیں۔ ماؤں کے چہرے خوف سے زرد ہوچکے ہیں، بزرگ پریشانی میں مبتلا ہیں اور نوجوان مستقبل کے حوالے سے شدید مایوسی کا شکار ہیں۔ ماربل سٹی کا خواب غریبوں کے لیے ایک ایسا کابوس بن گیا ہے جو ختم ہونے کا نام نہیں لیتا۔ بونیر کا علاقہ اب بارود اور بلاسٹنگ کا مرکز سمجھا جاتا ہے۔ صبح، دوپہر، شام مسلسل دھماکوں نے ماحول، جانوروں اور انسانوں سب کو متاثر کیا ہے۔ پہاڑوں کے اندر بار بار بارود پھاڑا جارہا ہے جس سے نہ صرف زمین کی ساخت متاثر ہورہی ہے بلکہ زیر زمین پانی بھی خطرناک حد تک کم ہورہا ہے۔ اگر یہی سلسلہ جاری رہا تو بونیر میں صاف پانی نایاب ہوجائے گا۔عوام کی شکایت ہے کہ یہاں کے لوگوں نے کبھی کسی سے ناجائز مطالبہ نہیں کیا، صرف اپنے امن اور صحت کی حفاظت چاہی ہے۔مگر اس کے باوجود انہیں مسلسل نظرانداز کیا جارہا ہے۔ یہ صورتحال نہ صرف غیر منصفانہ ہے بلکہ بنیادی انسانی حقوق کی کھلی خلاف ورزی بھی ہے۔سوال یہ ہے کہ ریاست عوام کے لیے ہوتی ہے یا چند مفاد پرست گروہوں کے لیے؟ غیر قانونی بلاسٹنگ نے جنگلی حیات کو بھی شدید نقصان پہنچایا ہے۔ وہ پرندے جو کبھی ان پہاڑوں کو اپنا گھر سمجھتے تھے وہ اب کہیں اور چلے گئے ہیں۔ پہاڑ کی قدرتی ساخت، درختوں کی جڑیں اور جانوروں کی محفوظ پناہ گاہیں سب تباہ ہوچکی ہیں۔ اگر فوری اقدام نہ کیا گیا تو یہ علاقہ اپنی قدرتی خوبصورتی ہمیشہ کے لیے کھو بیٹھے گا۔ بلاسٹنگ کے باعث لوگوں میں سانس کی بیماریاں بڑھ رہی ہیں۔ دھول ہر وقت فضا میں معلق رہتی ہے۔ بچے کھانسی اور الرجی میں مبتلا ہیں، بزرگ دمے میں مبتلا ہورہے ہیں، خواتین متعدد بیماریوں کا شکار ہورہی ہیں۔ ماہرین کے مطابق یہ صورتحال مستقبل میں ایک بڑے صحت کے بحران میں تبدیل ہوسکتی ہے۔مقامی لوگ کئی بار احتجاج کرچکے ہیں مگر ان کی آوازیں ابھی تک بے اثر ہیں۔ ان کا مطالبہ ہے کہ حکومت نہ صرف بلاسٹنگ فوری بند کرے بلکہ ماربل انڈسٹری کے تمام غیر قانونی ٹھیکوں کا مکمل آڈٹ کرے۔ عوام چاہتے ہیں کہ علاقے کو محفوظ قرار دے کر اسے ماحول دوست پالیسیوں کے ذریعے دوبارہ بحال کیا جائے۔ بلاسٹنگ کا ایک اور نقصان یہ ہے کہ اس سے گھروں میں دراڑیں پڑ رہی ہیں۔ کئی لوگوں کے مکانات کمزور ہوچکے ہیں اور وہ مسلسل خوف میں زندگی گزار رہے ہیں کہ نہ جانے کب کوئی دھماکا ان کی چھت ان پر گرا دے۔ یہ صورتحال کسی بھی طرح قبولیت کے قابل نہیں۔ اگر فوری اور سخت ایکشن نہ لیا گیا تو بونیر میں زندگی آنے والے برسوں میں مزید مشکل ہو جائے گی۔ عوام کے پاس اب ایک ہی راستہ رہ گیا ہے کہ وہ پرامن مگر بھرپور احتجاج کے ذریعے اپنی آواز کو حکام تک پہنچائیں اور علاقے کو مکمل تباہی سے بچائیں۔ عوام نے فیصلہ کیا ہے کہ اپنے بچوں کے مستقبل، اپنی سرزمین اور اپنے ماحول کی حفاظت کے لیے وہ آخری حد تک جدوجہد کریں گے۔ کیونکہ یہ خطہ ان کی شناخت ہے اور وہ اسے تباہ نہیں ہونے دیں گے۔ آج اگر آواز نہ اٹھائی گئی تو کل سب کچھ ہاتھ سے نکل جائے گا۔غیر قانونی بلاسٹنگ کے خلاف جدوجہد صرف ماحول کے لیے نہیں بلکہ آنے والی نسلوں کی زندگی کے لیے ایک جنگ ہے۔ یہ وہ جنگ ہے جو عوام نے دل کی گہرائیوں سے شروع کی ہے اور جس کا مقصد صرف اور صرف انصاف، تحفظ اور روشنی ہے۔ دعا ہے کہ اللہ ظالموں کو بے نقاب کرے، جو غریب عوام کے آرام، صحت اور مستقبل سے کھیل رہے ہیں، اور اس زمین کو دوبارہ امن، خوبصورتی اور سکون سے بھر دے جو اس کی پہچان تھا۔ ظلم کبھی دیر پا نہیں ہوتا، مگر عوام کی دعائیں اور کوششیں ہمیشہ نتیجہ خیز ثابت ہوتی ہیں۔

خیبر پختونخوا کی خبریں

مردان کے اہم فون نمبرات

ڈی ایچ کیو ہسپتال مردان	0937-9230147
کمشنر مردان ڈویژن	0937-9230572=9230573
ڈپٹی کمشنر مردان	0937-9230048
مردان میڈیکل کمپلیکس ہسپتال مردان	0937-9230051
ڈی آئی جی مردان	0937-9230112
ڈی پی او مردان دفتر	0937-9230109
ایس پی آپریشن مردان	0937-9230117
ڈی ایس پی ہیڈکوارٹر مردان	0937-930616
پال برانچ مردان	0937-9230120
ڈی ایس پی سٹی مردان	0937-9230108
تھانہ سٹی	0937-9230125
تھانہ ہوتی	0937-9230244
تھانہ پار ہوتی	0937-561245
تھانہ صدر	0937-9230130
تھانہ شیخ ملتون ٹاؤن	0937-868235
تھانہ شہباز گڑھی	0937-580172
تھانہ رستم	0937-800124
تھانہ طورو	0937-860320
تھانہ چورہ	0937-775981
تھانہ جبر	0937-542112
تھانہ تخت بھائی	0937-551001
تھانہ کاٹلنگ	0937-575302
ساڑوشاہ	0937-503001
تھانہ گڑھی کپورہ	0937-846113
کنٹرول روم پولیس لائن مردان	0937-9230065
پاسپورٹ دفتر مردان	0937-9230560
سوئی ناردرن گیس مردان	0937-880019
ہیلپ لائن	1199
ریسکیو مردان	0937-9230770=1122
کنٹونمنٹ بورڈ دفتر مردان	0937-9230261
سنٹرل جیل مردان	0937-840625
ایف آئی اے تھانہ	0937-9230077

محکمہ تعلیم مردان

ڈی ای او مردانہ	0937-920151
ڈی ای او زنانہ	0937-9230150
مردان کالج	0937-9230033
کامرس کالج مردان	0937-9230220
فضل حق کالج مردان	0937-9230070=9230084
جنرل پوسٹ آفس مردان	0937-9230031
ایکسائز دفتر مردان	0937-9230258
عبدالولی خان یونیورسٹی مردان	0937-9230618=9230620
واپڈا ایمرجنسی مردان	0937-9230155
محکمہ خوراک مردان	0937-9230225
ٹی ایم اے دفتر	0937-9230104
مردان بورڈ	0937-9230250=9230251
گورنمنٹ گرلز کالج مردان	0937-9230218

پاکستان کیلئے قسط کی منظوری خوش آئند ہے، وزیر خزانہ

آئی ایم ایف نے تسلیم کیا ہے پاکستان نے حالیہ تباہ کن سیلابوں کے باوجود پروگرام پر مضبوطی سے عمل درآمد کو برقرار رکھا، سینیٹر اورنگزیب کا ای سی سی کے اجلاس سے خطاب

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیرخزانہ و محصولات سینیٹر محمد اورنگزیب نے بین الاقوامی مالیاتی فنڈ کے ایگزیکٹو بورڈ کی جانب سے پاکستان کیلئے قسط کی منظوری کو خوش آئند قرار دیتے ہوئے کہا ہے کہ آئی ایم ایف نے تسلیم کیا ہے پاکستان نے حالیہ تباہ کن سیلابوں کے باوجود پروگرام پر مضبوطی سے عمل درآمد کو برقرار رکھا جس سے معاشی استحکام میں مدد ملی اور مالی و بیرونی صورتحال بہتر ہوئی۔ منگل کو کابینہ کی اقتصادی رابطہ کمیٹی کے اجلاس کے آغاز پر وفاقی وزیرخزانہ نے وفاقی وزارتوں، سرکاری اداروں، متعلقہ دفاتر، سینئر سیکرٹریوں اور صوبائی حکومتوں کے مضبوط تعاون کو سراہا جن کی وجہ سے حکومت کے ڈھانچہ جاتی اصلاحات کیایجنڈے کو آگے بڑھانے اور آئی ایم ایف کے توسیعی فنڈ سہولت کے تحت دوسرے جائزے کی کامیاب تکمیل میں مدد ملی۔ انہوں نے کہا کہ یہ مشترکہ عزم اور منظم عمل درآمد پاکستان کی معاشی نظم ونسق اور استحکام کو مضبوط بنانے میں بنیادی حیثیت رکھتا ہے۔ وزیرخزانہ نے آئی ایم ایف ایگزیکٹو بورڈ کے کل کے اعلان کا خیر مقدم کیا جس کے تحت توسیعی فنڈ سہولت پروگرام کے دوسرے جائزے کی تکمیل کی تصدیق کی گئی ہے، جس سے پاکستان کو تقریباً 1 ارب امریکی ڈالر اور ریزیلینس اینڈ سسٹین ایبلٹی فیسلٹی کے پہلے جائزے کی تکمیل سے مزید 200 ملین امریکی ڈالر کی فراہمی ممکن ہو گی۔ وزیرخزانہ نے کہا کہ آئی ایم ایف نے تسلیم کیا ہے کہ پاکستان نے حالیہ تباہ کن سیلابوں کے باوجود پروگرام پر مضبوط عمل درآمد برقرار رکھا، جس سے استحکام میں مدد ملی اور مالی و بیرونی صورتحال بہتر ہوئی۔ سینیٹر محمد اورنگزیب نے کہا کہ آئی ایم ایف نے خاص طور پر سیلاب کی ہنگامی دور کے دوران پاکستان کی لچک کو تسلیم کیا ہے اور اس بات کی نشاندہی کی کہ ملک کو فوری طور پر ریسکیو اور ریلیف سپورٹ کے لیے اپیل کرنے کی ضرورت پیش نہیں آئی۔ انہوں نے اس نتیجے کا سہرا حکومت کی جانب سے محفوظ کیے گئے مالیاتی اور بیرونی بفرز کو دیا جن کی بدولت پاکستان جھٹکے کو برداشت کرنے اور بحران کو مؤثر طریقے سے سنبھالنے کے قابل ہوا۔ انہوں نے وزارتِ خزانہ کی جانب سے وفاقی اور صوبائی اداروں سے ملنے والی حمایت پر دوبارہ شکریہ ادا کیا اور اس بات پر زور دیا کہ یہ ہم آہنگ کوشش معاشی استحکام کی جانب پیش رفت کو مضبوط بنانے میں مدد کرے گی۔ انہوں نے مزید کہا کہ آئی ایم ایف کے جائزے نے ایک بار پھر اس بات کی توثیق کی ہے کہ پاکستان سیلاب جیسے بحران کا سامنا کسی فوری بین الاقوامی امداد کی ضرورت کے بغیر کرسکتا ہے جو ملک کی مستحکم مالی اور بیرونی پوزیشن کا مظہر ہے، وزیرخزانہ نے اس اعتراف کو بالخصوص ایسے وقت میں جب آئی ایم ایف کے دونوں پروگرام کے تحت تقریباً 1.3 ارب امریکی ڈالر کی آئی ایم ایف کی منظوری مل چکی ہے، کو ایک اہم سنگِ میل قرار دیا۔

کوہاٹ، چیف جسٹس پشاور ہائی کورٹ جسٹس سید محمد عتیق شاہ جوڈیشل کمپلیکس کا سنگ بنیاد رکھنے کے بعد دعا کر رہے ہیں

ایبٹ آباد، سرکاری اسکول کے قریب تیندوا آ گیا، بچے خوف کا شکار

تیندوے کا بار بار سکول کے قریب آنے سے بچے خوف کا شکار تھے

پشاور (بیو رو رپورٹ) ایبٹ آباد، سرکاری اسکول کے قریب تیندوا آ گیا۔ ایبٹ آباد کے نواحی علاقہ نملی میرہ میں سرکاری اسکول کے قریب سے محکمہ جنگلی حیات نے تیندوے کو پکڑ لیا۔ رپورٹ کے مطابق تیندوے کا بار بار سکول کے قریب آنے سے بچے خوف کا شکار تھے۔ تیندوا کو پنجرا لگا کر محکمہ جنگلی حیات کی ٹیم نے پکڑا۔

کوٹہ بریکوٹ میں آڑو کے زمینداروں کیلئے آگاہی پروگرام کا انعقاد

زرعی ادویات، کھاد، مکئی کے بیج کی اقسام، جدید طریقہ کاشت سے متعلق رہنمائی فراہم

سوات (بیورورپورٹ) تحصیل بریکوٹ کے گاں کوٹہ میں آڑو کے زمینداروں کے لیے ایک روزہ آگاہی پروگرام منعقد ہوا جس میں زرعی ادویات، کھاد، مکئی کے بیج کی اقسام اور جدید طریقہ کاشت سے متعلق رہنمائی دی گئی۔ ڈسٹرکٹ ڈائریکٹر زراعت ڈاکٹر افتخار احمد نے کہا کہ محکمہ زراعت اور زرغون کارپوریشن مل کر کسانوں کے مسائل حل کرنے کے لیے کوشاں ہیں اور آڑو کے کاشتکاروں میں فروٹ فلائی ٹریپس اور میتھائل ڈیجیول مفت تقسیم کیے جا رہے ہیں۔ زرغون کارپوریشن کے سی ای او محمد مشتاق صافی نے کہا کہ معیاری مصنوعات فصلوں کو بیماریوں سے محفوظ رکھتی ہیں اور آڑو پر پہلے مرحلے میں ڈیفینڈ اور کلوری فاس سپرے کی سفارش کی۔

☆☆☆☆☆

وفاقی وزیر غذائی تحفظ و تحقیق سے تاجک سفیر کی ملاقات

زرعی و غذائی تحفظ کے شعبے میں تعاون مضبوط بنانے کا عزم

اسلام آباد (بیو رو رپورٹ) وفاقی وزیر برائے قومی غذائی تحفظ و تحقیق رانا تنویر حسین نے اسلام آباد میں پاکستان میں تعینات تاجکستان کے سفیر، ہز ایکسی لینسی یوسف شریف زادہ سے دوطرفہ ملاقات کی۔ وفاقی وزیر نے سفیر کو خوش آمدید کہا اور زرعی و غذائی تحفظ کے شعبے میں پاکستان۔تاجکستان تعاون کو مزید مضبوط بنانے کے عزم کا اظہار کیا۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان اعلیٰ معیار کی زرعی مصنوعات، لائیو اسٹاک اور ویلیو ایڈڈ فوڈ آئٹمز کی برآمد میں بڑی صلاحیت رکھتا ہے اور علاقائی شراکت داروں کے ساتھ باہمی مفاد پر مبنی تجارت میں اضافے سے دونوں ممالک کے فوڈ سسٹمز اور علاقائی معاشی روابط کو تقویت ملے گی۔ ملاقات کے دوران، سفیر یوسف شریف زادہ نے پاکستان سے زرعی درآمدات میں اضافے، خصوصاً گوشت کی بڑے پیمانے پر خریداری میں گہری دلچسپی کا اظہار کیا۔ انہوں نے پاکستان سے ایک لاکھ (100,000) ٹن گوشت خریدنے کی خواہش ظاہر کی، جس کی مالیت پچاس ملین ڈالر سے زائد بنتی ہے۔ یہ پیش رفت دونوں ممالک کے درمیان تجارتی تعاون میں ایک اہم سنگِ میل ہے۔ فریقین اس بات پر متفق ہوئے کہ بڑے پیمانے پر گوشت کی برآمد کے آغاز کے لیے جلد ایک باضابطہ معاہدہ طے کیا جائے گا۔ وفاقی وزیر نے تاجکستان کی ضروریات پوری کرنے کے لیے ہر ممکن تعاون کی یقین دہانی کرائی اور پاکستان کی جانب سے تاجکستان کی غذائی و لائیو اسٹاک ضروریات میں بھرپور معاونت کی خواہش ظاہر کی۔ سفیر نے وفاقی وزیر کو 18 دسمبر سے شروع ہونے والے تاجکستان کے ثقافتی ہفتہ میں شرکت کی دعوت بھی دی، جو دونوں ممالک کے ثقافتی و عوامی روابط کی مضبوطی کی علامت ہے۔ وفاقی وزیر نے اس دعوت کا خیر مقدم کیا اور ہر سطح پر تعاون، بشمول ثقافتی اور علمی تبادلوں کے فروغ کے عزم کا اظہار کیا۔ پاکستان اور تاجکستان کے دیرینہ دوستانہ تعلقات زرعی ترقی، تحقیق اور تجارت کے شعبوں میں وسیع تعاون کے امکانات رکھتے ہیں۔ تاجکستان ایک زرعی ملک ہے جہاں کپاس اور گندم بنیادی نقد آور فصلیں ہیں، جبکہ آلو، سبزیاں، خربوزے، خوبانیاں، ناشپاتی، آلوچے، سیب، چیری، انار، انجیر اور میوہ جات اہم فصلوں میں شامل ہیں۔ دونوں ممالک نے باغبانی، تحقیق، پیسٹ مینجمنٹ اور فصلوں کی بہتری جیسے شعبوں میں تعاون کے وسیع امکانات کو تسلیم کیا۔ ملاقات میں موجودہ تجارتی صورتحال کا جائزہ بھی لیا گیا، جس کے مطابق پاکستان چاول، مالٹا اور آم تاجکستان کو برآمد کرتا ہے، تاہم حجم اپنی حقیقی صلاحیت سے بہت کم ہے۔ پاکستان سالانہ 18 لاکھ ٹن آم پیدا کرتا ہے، مگر 2024 میں تاجکستان کو صرف 0.7 میٹرک ٹن آم برآمد کیے گئے۔ اسی طرح پاکستان کی چاول کی سالانہ پیداوار 93 لاکھ ٹن ہے، لیکن 2022 میں تاجکستان کو صرف 240 میٹرک ٹن چاول برآمد کیے گئے۔ پاکستان تاجکستان سے بنیادی طور پر جننگ کیا ہوا کپاس درآمد کرتا ہے۔ دونوں ممالک نے اس بات پر اتفاق کیا کہ تجارتی حجم میں اضافہ اور تکنیکی و لاجسٹک رکاوٹوں کا خاتمہ ضروری ہے۔ فریقین نے زرعی تعاون کے لیے ایک مستقبل بین روڈ میپ پر بھی اتفاق کیا، جس میں تازہ پھلوں، سبزیوں، گوشت اور دوسری زرعی اشیاء کی تجارت میں اضافہ؛ تحقیق و ترقی کے شعبے میں تعاون کو مضبوط بنانا؛ بین الاقوامی معیار کے مطابق زرعی پیداوار؛ پیسٹ فری پیداوار کے علاقوں کا قیام؛ اور فائیٹو سینیٹری وزرعی بہترین عملی طریقوں پر اسٹیک ہولڈرز کی صلاحیت سازی جیسے عناصر شامل ہیں۔ انہوں نے سائنسی معلومات کے تبادلے اور زرعی جدت کو فروغ دینے کی اہمیت پر بھی زور دیا۔ ملاقات مثبت ماحول میں اختتام پذیر ہوئی، جہاں دونوں ممالک نے دوطرفہ تعاون کو مزید گہرا کرنے کے عزم کا اظہار کیا۔ تاجکستان کو 100,000 ٹن گوشت کی برآمد کا متوقع معاہدہ پاکستان۔تاجکستان تجارتی تعلقات کا ایک اہم سنگِ میل ہے، جو دونوں برادر ممالک کے درمیان مضبوط معاشی، ثقافتی اور زرعی روابط کے فروغ کی مشترکہ خواہش کا مظہر ہے۔

غزہ میں ہزاروں فلسطینی بچے ابھی تک غذائی قلت کا شکار

غالب اکثریت سے بھی زیادہ فلسطینیوں کی تعداد گوشت نہیں خرید سکتی، اقوام متحدہ

غزہ (این این آئی) ہزاروں فلسطینی بچوں کو غزہ میں جنگ بندی کے دو ماہ بعد بھی بدترین غذائی قلت کا سامنا ہے۔ کیونکہ 10 اکتوبر سے جاری جنگ بندی کے باوجود ابھی تک غزہ میں انسانی بنیادوں پر خوراک اور امداد با آسانی دیگر فلسطینیوں کے ساتھ ساتھ بچوں تک پہنچنا بھی ممکن نہیں ہو سکا۔ یہ بات اقوام متحدہ کے ادارے یونیسیف نے بتائی۔ یونیسیف کے مطابق اب تک 9300 ایسے فلسطینی بچوں کو علاج کی سہولت دی گئی ہے جو غذائی قلت کی وجہ سے سنگین بیماریوں میں گھر چکے تھے اور یہ صورتحال 10 اکتوبر کو شروع کی گئی جنگ بندی کے بعد پہلے مرحلے میں دیکھی گئی تاہم ماہ اگست تک یہ تعداد 14000 کو چھو چکی تھی۔ اب بھی یہ کافی نمایاں تعداد ہے۔ تاہم رواں سال کے شروع میں ماہ فروری اور مارچ کے دوران ہونے والی جنگ بندی کے نتیجے میں یہ بات سامنے آئی ہے کہ خوراک کی ترسیل اور امداد کی فراہمی ضرورت کے مطابق ممکن نہیں ہو سکی۔ یونیسیف کی ترجمان ٹیس انگرام نے جنیوا میں ویڈیو لنک کے ذریعے پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کہا اس وقت بھی غزہ کے فلسطینی بچوں کی حالت زار بہت اونچے اعداد و شمار کے ساتھ ہے۔ حالیہ مہینوں میں جن بچوں کو غذائی قلت کی وجہ سے ہسپتالوں میں داخل کرانا پڑا ہے یہ تعداد ماہ فروری کے مقابلے میں پانچ گنا زیادہ ہے۔ نومولود بچوں کا وزن بھی انتہائی کم ہونا غذائی قلت کا شاخسانہ ہے۔ جس کا سامنا ان کی ماں کو بھی درپیش ہے۔ ترجمان یونیسیف نے کہا بین الاقوامی سطح پر نومولود بچوں کے وزن کے معیار سے انتہائی کم وزن کے بچوں کی غزہ میں پیدائش کے واقعات اور انتہائی دبلے بلکہ لاغر ہونے کے واقعات بہت تکلیف دہ ہیں۔ انہوں نے کہا خوراک کی ترسیل میں قدرے بہتری دیکھی گئی ہے۔ تاہم ابھی بھی ہمارا یہ مطالبہ ہے کہ غزہ کے لیے امداد و خوراک پہنچانے والی راہداریوں کو زیادہ کھولا جائے کہ غزہ کے رہنے والوں کے لیے کمرشل بنیادوں پر خوراک کی فراہمی بھی نہ ہونے کے برابر ہے۔ گوشت کی غزہ میں دستیابی عام فلسطینیوں کے لیے تقریباً ناممکن ہے کیونکہ گوشت کے نرخ 20 ڈالر فی کلوگرام تک چلے گئے ہیں۔ غزہ کی غالب اکثریت سے بھی زیادہ فلسطینیوں کی تعداد ان نرخوں پر گوشت نہیں خرید سکتی۔ اس لیے بڑی عمر کے لوگوں میں بھی غذائی قلت کے اثرات ان کی صحتوں پر نظر آتے ہیں۔ یاد رہے ماہ اگست میں یو این کی ایک رپورٹ میں کہا گیا تھا کہ غزہ میں تقریباً پانچ لاکھ لوگ قحط کا سامنا کر رہے ہیں۔ سب سے زیادہ خواتین تو شر بچے اس بھوک وقحط کا شکار ہیں۔

خواتین صحافیوں کے ساتھ آن لائن تشدد اور گالیوں کے واقعات میں اضافہ

عام زندگی کے مقابلے میں آن لائن چالیس زیادہ فیصد نامناسب واقعات کا سامنا کرنا پڑتا ہے، اقوام متحدہ

نیویارک (انٹرنیشنل ڈیسک) اقوام متحدہ سے وابستہ خواتین اور شراکت داروں نے ایک رپورٹ شائع کی ہے۔ جس میں اس امر پر اظہار تشویش کیا گیا ہے کہ خواتین صحافیوں کے خلاف آن لائن تشدد اور گالی گلوچ یا ہراسگی کے واقعات میں اضافہ ہو گیا ہے۔ خواتین صحافیوں کو آن لائن سطح پر عام زندگی کے مقابلے میں چالیس فیصد زیادہ اس طرح کے نامناسب واقعات کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔ جسے 'ٹپنگ پوائنٹ' کا نام دیا گیا ہے۔ یہ خواتین صحافیوں کے خلاف بڑے ہوئے پر تشدد واقعات کی نشاندہی کرتے ہیں۔ اس رپورٹ میں سوشل میڈیا پر پیش آنے والے واقعات اور مصنوعی ذہانت کے ذریعے کیے گئے حالیہ واقعات کی نشاندہی کی ہے۔ رپورٹ کے مطابق 119 ملکوں میں اس نوعیت کے 6900 واقعات پیش آئے ہیں۔ اقوام متحدہ کی خواتین اور یو این ایجنسی جو خواتین کے حقوق کے تحفظ کے لیے آواز اٹھاتی ہے۔ نیز مرد و زن کی مساوات، خواتین کو با اختیار بنانے کے علاوہ ثقافتی ایشوز پر بات کرتی ہے نے اس اضافے پر مبنی رپورٹ کو پیش کیا ہے۔ رپورٹ کے مطابق خواتین کے خلاف آن لائن واقعات ایک عالمی نوعیت کا بحرانی معاملہ بن چکا ہے۔ سکرین پر آنے والے واقعات بعد ازاں ہراسگی اور زیادہ تکلیف دہ امتیازی سلوک کے علاوہ واقعات کا بھی سبب بنتے ہیں۔ گویا سوشل میڈیا نے خواتین تک شر پسند عناصر کی رسائی آسان کر دی ہے۔ ان میں خواتین لکھاری، سلیبریٹیز اور سوشل میڈیا کا نٹینٹ فراہم کرنے والی میڈیا ورکرز بھی شامل ہیں۔ ایسی خواتین جو انسانی حقوق کے لیے کام کرتی ہیں انہیں بھی آن لائن تشدد کے واقعات کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے۔ ان کی ڈیپ فیک تصاویر بنائی جاتی ہیں۔ ان کی طرف سے فراہم کردہ مواد میں ادل بدل کر کے انہیں خوفزدہ کیا جاتا ہے۔ اس رپورٹ میں یو این کے اداروں کے علاوہ یورپی کمیشن جیسے شراکت داروں نے بھی حصہ لیا ہے۔ ریسرچ جولی پوسائٹی نے اس بارے میں کہا دنیا میں ان واقعات میں اضافہ آن لائن تشدد کا ایک خوفناک اظہار ہے۔ پچھلے پانچ برسوں کے دوران یہ اضافہ تقریباً دوگنا ہو گیا ہے اور اب اس کی شرح 42 فیصد تک ہے۔ یہ ایک خطرناک رجحان ہے۔

پی ٹی اے نے سوشل میڈیا پر زیر گردش جعلی نوٹیفکیشن کی وضاحت

جعلی نوٹیفکیشن میں سوشل میڈیا گروپس سے غیر ملکی ممبرز کو نکالنے کی ہدایت کی گئی تھی

اسلام آباد (این این آئی) پی ٹی اے نے سوشل میڈیا پر گردش کرنے والے اس جعلی نوٹیفکیشن کی تردید کی ہے جس میں دعویٰ کیا گیا تھا کہ سوشل میڈیا گروپس کے منتظمین کو غیر ملکی ممبرز کو گروپس سے ہٹانے کی ہدایات جاری کی گئی ہیں۔ تفصیلات کے مطابق پی ٹی اے نے سوشل میڈیا پر زیر گردش جعلی نوٹیفکیشن کی وضاحت کر دی۔ سوشل میڈیا پر ایک جعلی نوٹیفکیشن میں دعویٰ کیا جا رہا ہے کہ پی ٹی اے نے مبینہ طور پر سوشل میڈیا گروپس کے منتظمین کو غیر ملکی ممبرز کو ہٹانے کی ہدایات جاری کی ہیں۔ پی ٹی اے کے مطابق یہ اطلاع درست نہیں ہے اور اتھارٹی نے ایسی کوئی ہدایت جاری نہیں کی ہے۔

کراچی میں مین ہولز کے مسئلے کے حل کے لیے قانون میں ترامیم پیش کردی گئیں

ترامیم کا ڈرافٹ ایم کیو ایم رکن اسمبلی نجم مرزا اور افتخار عالم نے سندھ اسمبلی میں جمع کرادیا

کراچی (این این آئی) شہر قائد میں مین ہولز کے مسئلے کے حل کے لیے قانون میں ترامیم پیش کر دی گئیں۔ کراچی میں کھلے مین ہولز اور اس کے باعث ہونے والی اموات کی روک تھام کے لیے ایم کیو ایم نے کراچی واٹر اینڈ سیوریج کارپوریشن ایکٹ میں اہم ترامیم پیش کر دیں۔ ترامیم کا ڈرافٹ ایم کیو ایم رکن اسمبلی نجم مرزا اور افتخار عالم نے سندھ اسمبلی میں جمع کرا دیا، کراچی واٹر اینڈ سیوریج کارپوریشن (ترمیمی) بل 2025 کا مقصد کراچی میں کھلے اور غیر محفوظ مین ہولز کے باعث ہونے والی اموات اور حادثات کو روکنا اور ایسی صورت حال میں حادثات کی ذمہ داری کا تعین کرنا ہے۔ ترامیم مین ہول ایم کیو ایم ڈرافٹ کے مطابق یہ بل واضح حفاظتی اصول

کراچی، لیاری ٹاؤن نے بھی کھلے مین ہولوں پر ڈھکن کی تنصیب کے احکامات دے دیئے

لیاری ٹاؤن میں ٹوٹے ہوئے مین ہولوں کو درست کرنے اور ان پر ڈھکن کی تنصیب کا کام فوری طور پر شروع ہوگا

کراچی (این این آئی) لیاری ٹاؤن نے بھی کھلے مین ہولوں پر ڈھکن کی تنصیب کے احکامات دے دیئے ہیں۔ کراچی کے علاقے نیپا میں مین ہول میں گر کر تین سالہ بچے ابراہیم کی ہلاکت کے بعد انتظامیہ حرکت میں آ گئی، گلشن اقبال ٹاؤن کے بعد لیاری ٹاؤن نے بھی کھلے مین ہولز کے حوالے سے سروے اور انھیں بند کرنے کے انتظامات کے لیے احکامات دے دیئے۔ لیاری ٹاؤن میں ٹوٹے ہوئے مین ہولوں کو درست کرنے اور ان پر ڈھکن کی تنصیب کا کام فوری طور پر شروع ہوگا، ٹاؤن میونسپل کارپوریشن کے میونسپل کمشنر نے تمام یونین کونسلز میں خراب مین ہول کورز کے مسئلے پر فوری اور جامع کارروائی کی ہدایت کی ہے۔ میونسپل کمشنر نے چیئرمین، وائس چیئرمین اور کونسلرز کو ہدایت کی کہ عوام خصوصاً بچوں کی جانوں کو خطرات سے محفوظ رکھنے کے لیے فوری اقدامات کیے جائیں

پنجاب پولیس اپنے شہداء کے اہلخانہ کو چھت کی فراہمی کے لیے پرعزم

شہید کانسٹیبل محمد ساجد کے اہلخانہ کو ایک کروڑ 35 لاکھ روپے مالیت کا گھر دے دیا گیا

لاہور (این این آئی) پنجاب پولیس اپنے شہداء کے اہلخانہ کو رہائش کی فراہمی کے مشن پر عمل پیرا ہے۔ فرض کی راہ میں جام شہادت نوش کرنے والے کانسٹیبل محمد ساجد کے اہلخانہ کو ایک کروڑ 35 لاکھ روپے مالیت کا گھر فراہم کر دیا گیا ہے۔ ترجمان پنجاب پولیس نے تفصیلات سے آگاہ کرتے ہوئے بتایا کہ شہید کے اہلخانہ کی پسند کے مطابق لاہور کی ایک نجی ہاؤسنگ سوسائٹی میں یہ گھر خرید کر دیا گیا۔ آئی جی پنجاب ڈاکٹر عثمان انور کی خصوصی کاوش پر حکومت پنجاب نے شہید کے اہلخانہ کو گھر کی فراہمی کے لیے فنڈز جاری کیے۔ یاد رہے کہ شہید کانسٹیبل محمد ساجد نے 2024ء میں کچہ کے علاقے میں ڈاکوؤں کی فائرنگ سے جام شہادت نوش کیا۔ شہید کانسٹیبل محمد ساجد کے اہلخانہ میں والدین، چار بھائی اور دو بہنیں شامل ہیں۔ آئی جی پنجاب ڈاکٹر عثمان انور نے شہید کانسٹیبل محمد ساجد کی لازوال قربانی کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا کہ کانسٹیبل محمد ساجد نے اپنی جان کی پرواہ کیے بغیر فرائض کی ادائیگی کے دوران جام شہادت نوش کیا۔ انہوں نے کہا کہ پنجاب پولیس اپنے بہادر فرزند کی قربانی کو کبھی فراموش نہیں کرے گی۔ ڈاکٹر عثمان انور نے مزید کہا کہ پنجاب پولیس، شہید کانسٹیبل محمد ساجد جیسے 1700 سے زائد شہداء کی امین فورس ہے۔ شہداء کے اہلخانہ کی فلاح و بہبود پنجاب پولیس کی اولین ترجیح ہے۔

بدعنوانی کے خلاف جدوجہد پوری قوم کی مشترکہ ذمہ داری ہے، ہمایوں خان

بدعنوانی جیسے ناسور کے خاتمے کے لیے اجتماعی شعور، مضبوط ادارے اور شفاف نظام حکومت ناگزیر ہیں، پاکستان پیپلز پارٹی کے سیکرٹری جنرل محمد ہمایوں خان

اسلام آباد (بیورورپورٹ) پاکستان پیپلز پارٹی کے سیکرٹری جنرل محمد ہمایوں خان نے کہا ہے کہ بدعنوانی کے خلاف جدوجہد پوری قوم کی مشترکہ ذمہ داری ہے۔ بین الاقوامی یوم انسداد بدعنوانی کے موقع پر اپنے پیغام میں انہوں نے کہا کہ بدعنوانی کے خلاف جدوجہد پوری قوم کی مشترکہ ذمہ داری ہے۔ انہوں نے کہا کہ بدعنوانی جیسے ناسور کے خاتمے کے لیے اجتماعی شعور، مضبوط ادارے اور شفاف نظام حکومت ناگزیر ہیں۔ انہوں نے کہا کہ بدعنوانی ملک کی ترقی، معیشت کی بحالی اور عوام کے اعتماد کو شدید نقصان پہنچاتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان پیپلز پارٹی ہمیشہ شفافیت، قانون کی بالادستی اور عوامی مفادات کے تحفظ کے لیے جدوجہد کرتی رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ پیپلز پارٹی بدعنوانی کے خلاف ہر سطح پر مؤثر اقدامات کی حامی ہے، ایک ایسے نظام کے قیام پر یقین رکھتی ہے جہاں احتساب بلا امتیاز ہو۔ انہوں نے کہا کہ ملک کی ترقی اور خوشحالی کے لئے ہم سب کی ذمہ داری ہے کہ بدعنوانی کے خلاف آواز بلند کریں، قانون کا ساتھ دیں اور ایک دیانتدار، مضبوط اور خوشحال پاکستان کے لیے اپنا کردار ادا کریں۔

☆☆☆☆☆

وزیر صحت خلیق الرحمٰن مقتولہ لیڈی ڈاکٹر وردہ مشتاق کے گھر جا کر اہل خانہ سے دلی تعزیت اور مرحومہ کیلئے فاتحہ خوانی کر رہے ہیں

صوبائی وزیر صحت کا ڈی ایچ کیو ہسپتال ایبٹ آباد کا دورہ

ڈاکٹر وردہ مشتاق کے المناک قتل کے بعد ڈاکٹروں سے ملاقات

پشاور (بیورورپورٹ) صوبائی وزیرِ صحت، حکومتِ خیبر پختونخوا، خلیق الرحمٰن نے ڈسٹرکٹ ہیڈ کوارٹرز (ڈی ایچ کیو) ہسپتال، ایبٹ آباد کا دورہ کیا، جہاں مرحومہ ڈاکٹر وردہ مشتاق اپنے فرائض انجام دے رہی تھیں۔ اس دورے کا مقصد ڈاکٹروں سے یکجہتی کا اظہار اور موقع پر صورتحال کا جائزہ لینا تھا۔ صوبائی وزیرِ صحت کے ہمراہ رکنِ صوبائی اسمبلی مشتاق احمد غنی، ڈپٹی کمشنر ایبٹ آباد سرمد سلیم اکرم، ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر ڈاکٹر شہزاد اقبال، اور میڈیکل سپرنٹنڈنٹ ڈی ایچ کیو ہسپتال ڈاکٹر اسرار بھی موجود تھے۔ وزیرِ صحت نے ہسپتال کے کانفرنس روم میں ڈاکٹروں کے ساتھ ایک تفصیلی اجلاس کا انعقاد کیا، جس میں انہوں نے ان کے مسائل وتحفظات اور خدشات سمیت دیگر امور بغور سنے۔ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے خلیق الرحمٰن نے ڈاکٹر وردہ مشتاق کی ناقابلِ تلافی شہادت پر پوری ڈاکٹر برادری کے ساتھ دلی افسوس، گہرے دکھ اور یکجہتی کا اظہار کیا۔ انہوں نے اس قتل کو ایک المناک، غیر انسانی اور انتہائی افسوسناک واقعہ قرار دیا جس نے پورے معاشرے کے ضمیر کو جھنجھوڑ کر رکھ دیا ہے۔ صوبائی وزیرِ صحت نے کہا کہ پولیس اور ضلعی انتظامیہ واقعے کے آغاز سے ہی ہائی الرٹ رہی ہے اور کیس کی بھرپور انداز میں پیروی کر رہی ہے۔ انہوں نے بتایا کہ وہ خود بھی قانون نافذ کرنے والے اداروں اور ضلعی انتظامیہ سے مسلسل رابطے اور مکمل ہم آہنگی میں ہیں۔ تاہم، انہوں نے اس بات پر گہرے رنج و غم کا اظہار کیا کہ تمام تر کوششوں کے باوجود صوبہ ایک باصلاحیت اور نوجوان ڈاکٹر سے محروم ہو گیا۔ انہوں نے واضح الفاظ میں اعادہ کیا کہ ڈاکٹر وردہ مشتاق کے بہیمانہ قتل کو کسی صورت نظر انداز نہیں کیا جائے گا اور اس گھناونے جرم میں ملوث تمام ملزمان کو قانون کے مطابق کیفرِ کردار تک پہنچا کر عبرت ناک سزا دی جائے گی۔ انہوں نے شفاف اور بروقت تحقیقات کی یقین دہانی کراتے ہوئے کہا کہ انصاف ہر حال میں قائم ہو کر رہے گا۔ وزیرِ صحت نے مزید اعلان کیا کہ محکمہ صحت صوبے بھر میں طبی عملے کے تحفظ کو یقینی بنانے کے لیے ایک جامع ڈاکٹرز پروٹیکشن پالیسی مرتب کرنے جا رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ اس پالیسی سے ڈاکٹر بلاخوف وخطر اعتماد کے ساتھ اپنے فرائض انجام دے سکیں گے۔ انہوں نے زور دیا کہ ڈاکٹر صحت کے نظام کے فرنٹ لائن سپاہی ہیں اور صوبائی حکومت انہیں کسی صورت تنہا نہیں چھوڑے گی۔ ان کا تحفظ ہماری مشترکہ ذمہ داری ہے۔ انہوں نے اس تلخ حقیقت کا بھی ذکر کیا کہ یہ افسوسناک واقعہ مرحومہ کی قریبی جان پہچان کے باعث پیش آیا، تاہم انہوں نے اس بات پر زور دیا کہ کسی بھی انسان کا اس طرح غیر انسانی اور دردناک انجام کسی صورت قابلِ قبول نہیں۔ انہوں نے کہا، ''ایک بے گناہ انسان کا قتل پوری انسانیت کا قتل ہے۔'' خلیق الرحمٰن نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ صوبائی حکومت اس کٹھن گھڑی میں ڈاکٹر وردہ مشتاق کے سوگوار خاندان اور پوری ڈاکٹر برادری کے ساتھ شانہ بشانہ کھڑی ہے۔ انہوں نے ڈاکٹرز ایسوسی ایشنز کو یقین دلایا کہ محکمہ صحت اور صوبائی حکومت ان کے تحفظ، عزت اور تمام جائز حقوق کے لیے سنجیدہ اور پرعزم ہے۔ انہوں نے واضح کیا ڈاکٹروں کو کسی صورت ظالم اور جرائم پیشہ عناصر کے رحم وکرم پر نہیں چھوڑا جائے گا'' وزیرِ صحت نے اس افسوسناک واقعے کو صوبہ بھر میں ڈاکٹروں کے تحفظ اور فلاح و بہبود کے لیے مؤثر اصلاحات اور مضبوط حفاظتی اقدامات کا ایک اہم موڑ قرار دیا۔ دورے کے اختتام پر ڈاکٹر وردہ مشتاق کے ایصال ثواب اور ان کے اہلِ خانہ کے لیے صبرِ جمیل کی دعا کی گئی۔ انہوں نے مرحومہ کی عوام کے لیے انجام دی گئی گراں قدر اور شاندار خدمات کو خراجِ عقیدت پیش کیا، جبکہ صوبے بھر میں خدمات انجام دینے والے تمام ڈاکٹروں کی انتھک اور بے لوث خدمات کو بھی سراہا گیا۔ بعد ازاں صوبائی وزیرِ صحت نے بے نظیر ٹیچنگ ہسپتال ایبٹ آباد کا بھی دورہ کیا، جہاں انہوں نے ڈاکٹرز ایسوسی ایشن سے ملاقات کی اور اجتماع سے خطاب کیا۔ انہوں نے کہا کہ، ''ڈاکٹروں کا تحفظ حکومت کی اولین ترجیح ہے۔ صحت کے شعبے میں خدمات انجام دینے والے ہمارے لیے قابلِ قدر اثاثہ ہیں۔ اس افسوسناک واقعے کی شفاف تحقیقات کے لیے جے آئی ٹی تشکیل دے دی گئی ہے، جو مکمل پیشہ ورانہ انداز میں اپنی ذمہ داریاں نبھا رہی ہے۔'' انہوں نے مزید کہا کہ حکومت صحت کے عملے کو محفوظ ماحول فراہم کرنے کے لیے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لائے گی۔ ہم ڈاکٹر کمیونٹی کے ساتھ کھڑے ہیں اور مستقبل میں ایسے واقعات کی روک تھام کے لیے مؤثر اور مضبوط اقدامات کیے جا رہے ہیں۔

☆☆☆☆☆☆☆

نوشہرہ، پولیس نے کھاتہ داروں کے تقاضوں کے باعث روپوش محکمہ ایکسائز کا سب انسپکٹر گرفتار کرلیا

نوشہرہ (بیورورپورٹ ٹی) تھانہ نوشہرہ کینٹ پولیس نے کھاتہ داروں کے تقاضوں کے باعث روپوشی اختیار کئے محکمہ ایکسائز کے سب انسپکٹر کو برآمد کرلیا۔ تفصیلات کے مطابق مورخہ 3 دسمبر 2025 کو مسمی تاج ولی ولد دولت خان ساکن ڈھیری کٹی خیل نے تھانہ نوشہرہ کینٹ میں یوں رپورٹ درج کروائی کہ میرا بیٹا عارف جو کہ محکمہ ایکسائز ضلع مردان میں بطور سب انسپکٹر اپنی ڈیوٹی سرانجام دے رہا ہے آج 15:00 بجے سے اس کا موبائل نمبر بند آ رہا ہے اور کوئی اتا پتہ نہیں لگ رہا ہے، اسی دن رات کے وقت اس کے بھائی کے واٹس ایپ نمبر پر 20:20 بجے ایک میسج آتا ہے کہ 50 لاکھ روپوں کا بندوبست کریں، اس میسج پر تھانہ نوشہرہ کینٹ میں اغوا برائے تاوان کا مقدمہ درج کیا گیا، ضلعی پولیس سربراہ احمد شاہ نے اس مقدمہ کی حساسیت کو مدنظر رکھتے ہوئے مقدم خان ایس ڈی پی او کینٹ سرکل کی براہ راست نگرانی میں عادل سید ایس ایچ او تھانہ کینٹ، انور خان Ins/OII ٹیکنیکل سٹاف کے انچارج ساجد ASI پر مشتمل ایک سپیشل انوسٹی گیشن ٹیم تشکیل دی کر اصل حقائق منظر عام پر لانے کا ٹاسک حوالہ کیا، تفتیشی ٹیم نے جدید طریقہ تفتیش کو اپناتے ہوئے شب وروز کی محنت سے سب انسپکٹر تک رسائی حاصل کر کے تحویل میں لیا۔ عارف نے دوران تفتیش بتایا کہ میں سال 2011 سے آن لائن بزنس کر رہا ہوں اس بزنس میں میرے ساتھ بہت سے لوگوں نے اپنا سرمایہ لگایا ہوا ہے جس کو میں ماہانہ منافع دیتا ہوں، کچھ عرصہ سے میرے بزنس سے منافع ٹھیک طور پر نہیں آ رہا تھا جس سے لوگ تقاضوں سے بچنے کیلئے میں نے یہ روپوشی اور اغوا کا ڈرامہ رچایا، جس پر میں شدید شرم سار ہوں۔ مسمی عارف نے اپنا بیان زیر دفعہ 164 ض ف مقامی عدالت میں قلمبند کروا دیا۔

اسلام امن کا دین، قرآنی تعلیمات پر عمل کر کے دنیا میں امن آ سکتا ہے، مولانا محمد طیب طاہری

قرآن کا درس عام کر کے معاشرے کی اصلاح کیلئے دن رات کوشش کی جائے، امیر جماعت اشاعت التوحید والسنہ

صوابی (بیو رورپورٹ) جماعت اشاعت التوحید والسنہ پاکستان کے امیر اور وحدت المدارس الاسلامیہ کے صدر مولانا محمد طیب طاہری نے کہا اسلام امن کا دین ہے قرآنی تعلیمات پر عمل کر کے پوری دنیا میں امن آ سکتا ہے، مسجد اشاعت التوحید والسنہ خیبر مارکیٹ زیدہ صوابی میں ختم القرآن تقریب سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا ہے کہ ہماری جماعت اشاعت التوحید والسنہ کا مقصد معاشرے کا اصلاح اور قرآن والسنت کا اشاعت ہے اور اس مقصد کے لیے کسی بھی قربانی سے دریغ نہیں کرینگے۔ انہوں نے کہا کہ قرآن پاک کے دروس کو عام کر کے معاشرے کی اصلاح کیلئے دن رات ایک کر کے کوشش کی جائے۔ انہوں نے کہا کہ آج پوری دنیا نے ہماری محنت کو تسلیم کر لی ہے، اس بات کا ثبوت ہمارے ہر سال چار روزہ اجتماع پنج پیر کا انعقاد ہے جس میں لاکھوں کی تعداد میں اہل اسلام شرکت کر کے ہمارے ساتھ لازوال محبت کا اظہار کرتے ہیں انہوں نے کہا کہ ہمارے والد محترم شیخ القرآن مولانا محمد طاہر رح کے بے مثال قربانیوں نے رنگ لایا ہے اور وہ اس صدی کا مجدد تھے انہوں نے پوری دنیا میں قرآن پاک کی روشنی کو عام کیا ہے، آج اللہ کی فضل و کرم سے پوری دنیا میں اشاعتی ہر ملک میں قرآنی دروس کا اہتمام کرتے ہیں انہوں نے کہا کہ میں تمام ساتھیوں سے گزارش کرتا ہوں کہ وہ اپنا تعلق مرکز سے مظبوط بنائیں اور ہر فرد کو قرآن پہچانے کا فریضہ جاری رکھیں مولانا محمد طیب طاہری نے مزید کہا کہ ان شاءاللہ عنقریب 4 جنوری کو جامعۃ الامام محمد طاہر رح دارالقرآن پنج پیر صوابی میں سالانہ بخاری شریف کی اختتامی تقریب ہوگی، جس میں سینکڑوں فضلا کو دستار فضیلت اور اسناد دیا جائے گا۔

☆☆☆☆☆

صدر سرحد چیمبر جنید الطاف امریکی قونصل جنرل تھامس ایکرٹ کو روایتی تحفہ پیش کر رہے ہیں

Sports

کھیل کھلاڑی

پی ایس ایل،2 نئی فرنچائزز کی خریداری میں سرمایہ کاروں کی گہری دلچسپی

ہم پی ایس ایل کو ایک بڑا انٹرنیشنل برانڈ بنانے کے لیے پرعزم ہیں، چیئرمین پی سی بی

لاہور(سپورٹس ڈیسک)پی ایس ایل کے روڈ شو نے گوروں کے دیس میں میلہ لوٹ لیا۔تفصیلات کے مطابق انگلینڈ کے مشہور لارڈز کرکٹ گراؤنڈ میں پی ایس ایل کا کامیاب ترین روڈ شو منعقد کیا گیا۔اس منفرد اور یادگار ایونٹ نے نہ صرف کرکٹ شائقین بلکہ عالمی سرمایہ کاروں کی بھی بھرپور توجہ حاصل کی۔پی ایس ایل کے لندن روڈ شو میں بڑی تعداد میں غیر ملکی سرمایہ کاروں، کاروباری شخصیات، اسپورٹس انڈسٹری سے وابستہ اہم شخصیات اور میڈیا کے نمائندوں نے شرکت کی۔اس موقع پر پی ایس ایل کی کامیابیوں، مستقبل کے منصوبوں اور لیگ کے عالمی پھیلاؤ سے متعلق آفیشلز کی طرف سے بریفنگ بھی دی گئی۔روڈ شو میں سرمایہ کاروں کی جانب سے پی ایس ایل 11 میں شامل کی جانے والی دو نئی ٹیموں کی خریداری میں گہری دلچسپی کا اظہار کیا گیا جسے پاکستان کرکٹ بورڈ نے ایک انتہائی مثبت اور خوش آئند پیشرفت قرار دیا ہے۔چیئرمین پی سی بی محسن نقوی نے پی ایس ایل لندن روڈ شو کی شاندار کامیابی پر اطمینان کا اظہار کرتے ہوئے سرمایہ کاروں، لارڈز اسٹیڈیم انتظامیہ اور منتظمین کا شکریہ ادا کیا۔انہوں نے کہا کہ پی ایس ایل اب صرف ایک ٹی 20 لیگ نہیں رہی بلکہ عالمی اسپورٹس برانڈ کی صورت اختیار کر چکی ہے،دو نئی ٹیموں کی خریداری میں سرمایہ کاروں کی دلچسپی اس بات کا واضح ثبوت ہے کہ پی ایس ایل پر دنیا کا اعتماد مسلسل بڑھ رہا ہے۔محسن نقوی کا کہنا تھا کہ ہم پی ایس ایل کو ایک بڑا انٹرنیشنل برانڈ بنانے کے لیے پرعزم ہیں اور لندن میں منعقدہ یہ روڈ شو اسی سلسلے کی ایک اہم کڑی ہے۔انہوں نے کہا کہ لارڈز جیسے تاریخی اور عالمی کرکٹ کے مرکز میں پی ایس ایل کا انعقاد پورے پاکستان کے لیے باعث فخر ہے۔یہ صرف پی سی بی کی کامیابی نہیں بلکہ ایک پرامن، کرکٹ سے محبت کرنے اور ترقی کی جانب گامزن پاکستان کی عالمی پہچان ہے۔روڈ شو کے دوران پی ایس ایل کے گزشتہ سیزنز کی جھلکیاں، انٹرنیشنل اسٹارز کی شرکت، اسٹیڈیمز، براڈ کاسٹنگ، ڈیجیٹل اسٹریمنگ اور اسپانسر شپ سے متعلق منصوبوں پر بھی روشنی ڈالی گئی۔

محسن نقوی سے ٹرافی نہ لینے کی ہٹ دھرمی، بھارتی ٹیم جیت کے باوجود ٹرافی سے محروم

بھارتی کھلاڑیوں نے انفرادی انعامات وصول کیے، پاکستانی کھلاڑیوں کو رنر اپ ایوارڈز بھی دیے گئے

لاہور(سپورٹس ڈیسک)بھارتی ٹیم نے ہٹ دھرمی کا مظاہرہ کرتے ہوئے ایشین کرکٹ کونسل کے صدر اور چیئرمین پی سی بی محسن نقوی سے ایشیا کپ کی ٹرافی لینے سے انکار کیا تاہم محسن نقوی کے ڈٹ جانے کی وجہ سے تقریب ٹرافی دیے بغیر ہی ختم ہوگئی۔تفصیلات کے مطابق بھارتی کرکٹ بورڈ کی ایما پر ٹیم نے ہٹ دھرمی کا مظاہرہ کرتے ہوئے محسن نقوی سے ٹرافی لینے سے انکار کیا۔میچ کے بعد دبئی کرکٹ اسٹیڈیم میں بھارتی ہٹ دھرمی کی وجہ سے انعامی تقریب تاخیر کا شکار بھی ہوئی۔اس دوران محسن نقوی، امپائرز اور دونوں ٹیموں کے کھلاڑی اسٹیڈیم پر موجود رہے۔بھارتی کرکٹر تلک ورما اور شیوام دوبے نے انفرادی حیثیت میں اپنے ایوارڈ وصول کیے جبکہ ایشین کرکٹ کونسل کے صدر نے پاکستانی کھلاڑیوں کو رنر اپ ایوارڈز بھی دیے۔اختتامی انعامی تقریب کے دوران ٹرافی کو گراؤنڈ میں بھی لایا گیا، تاہم بھارتی ہٹ دھرمی اور ایشین کرکٹ کونسل کے صدر محسن نقوی کے فیصلے پر ڈٹ جانے کی وجہ سے ٹرافی کو گراؤنڈ سے واپس بھیج دیا گیا۔جس کے بعد ٹرافی دیے بغیر تقریب کو ختم کرنے کا اعلان کر دیا گیا۔معروف کمنٹیٹر سائمن ڈول نے اعلان کیا کہ بھارتی ٹیم نے اے سی سی کو اطلاع دی ہے کہ وہ آج رات اپنی جیت کی ٹرافی وصول نہیں کرے بھارتی کرکٹ بورڈ کے نمائندے دیوا جیت سیکیا نے اعتراف کیا کہ انکار کی وجہ صرف یہ تھی کہ ٹرافی پاکستان کے وفاقی وزیر اور اے سی سی چیئرمین محسن نقوی کے ہاتھوں دی جا رہی بھارتی ٹیم کو نہ تو میڈلز ملے اور نہ ہی چیمپئن کا بورڈ دیا گیا جس کے باعث بھارتی ٹیم نے ٹرافی اور چیمپئن کے بورڈ کے بغیر ہی تصاویر بنوائیں اور علامتی طور پر ہاتھوں سے ٹرافی اٹھانے کے اشارے کیے اور اپنے دل کو بہلایا۔

پابندی کا شکار حیدر علی کو پی سی بی کی طرف سے بڑا ریلیف مل گیا

حیدر علی پاکستان کی جانب سے 35 ٹی ٹوئنٹی اور دو ون ڈے میچز کھیل چکے ہیں

لاہور(سپورٹس ڈیسک)پی سی بی نے بیٹر حیدر علی پر عائد عارضی معطلی ختم کرتے ہوئے انہیں دوبارہ کرکٹ کھیلنے کی اجازت دے دی ہے۔پاکستان کرکٹ بورڈ(پی سی بی)نے تصدیق کی ہے کہ حیدر علی سمیت متعدد پاکستانی کھلاڑیوں کو بنگلادیش پریمیئر لیگ(بی پی ایل)میں شرکت کے لیے این او سی جاری کر دیا گیا ہے۔دیگر کھلاڑیوں میں محمد نواز، ابرار احمد، صاحبزادہ فرحان، فہیم اشرف، حسین طلعت، خواجہ نافع اور احسان اللہ شامل ہیں۔یاد رہے کہ قومی ٹیم کی نمائندگی کرنے والے حیدر علی ستمبر میں مانچسٹر میں ریپ کے الزام سے بری ہونے کے بعد سے کسی بھی میچ میں حصہ نہیں لے سکے تھے۔پاکستان کی جانب سے 35 ٹی ٹوئنٹی اور دو ون ڈے میچز کھیلنے والے حیدر علی پاکستان شاہینز کے ساتھ انگلینڈ کے دورے پر تھے جب ایک برطانوی نژاد پاکستانی خاتون نے مانچسٹر پولیس میں ان کے خلاف ریپ کا مقدمہ درج کروایا تھا۔الزام سامنے آنے کے بعد پی سی بی نے ان کی معطلی کا اعلان کرتے ہوئے معاملے کی مکمل تحقیقات کا انتظار کیا۔تاہم 25 ستمبر کو مانچسٹر پولیس نے عدم شواہد کی بنیاد پر کیس ختم کر دیا اور عدالت میں مقدمہ لے جانے کا کوئی جواز نہ ہونے کی تصدیق کی۔الزامات ختم ہونے اور معطلی اٹھائے جانے کے بعد اب حیدر علی بی پی ایل میں اپنی ٹیم کی نمائندگی کے لیے تیار ہیں۔

ڈاکٹر سہیل سلیم پاکستان اینٹی ڈوپنگ بورڈ کے چیف ایگزیکٹو مقرر

اپنے تجربے کو بروئے کار لاتے ہوئے پاکستان کو ڈوپ فری ملک بنانے کی کوشش کروں گا، ڈاکٹر سہیل

لاہور(سپورٹس ڈیسک)ڈاکٹر سہیل سلیم کو پاکستان اینٹی ڈوپنگ بورڈ کا چیف ایگزیکٹو مقرر کر دیا گیا۔تفصیلات کے مطابق پی سی بی میڈیکل پینل کے سابق سربراہ کی پاکستان اینٹی ڈوپنگ بورڈ کے سی ای او کے طور پر تقرری کا نوٹیفکیشن جاری ہوگیا۔ڈاکٹر سہیل نے بطور سی ای او تقرری کی تصدیق کرتے ہوئے موقف اختیار کیا کہ حکومت نے کھیلوں کو ڈوپ فری بنانے کی اہم ذمہ داری سونپی ہے۔انہوں نے کہا کہ اپنے تجربے کو بروئے کار لاتے ہوئے پاکستان کو ڈوپ فری ملک بنانے کی کوشش کروں گا۔ڈاکٹر سہیل سلیم نے کہا کہ اینٹی ڈوپنگ بورڈ بننے کے بعد اب ہر کھلاڑی کو قواعد کے تحت ڈوپ ٹیسٹ کے مرحلے سے گزرنا ہوگا۔ان کا کہنا تھا کہ پاکستان میں ہونے والی تمام گیمز میں ڈوپنگ ٹیسٹ لیے جائیں گے۔پاکستان میں ہونے والی تمام کھیلوں میں ڈوپنگ پر زیرو ٹالرنس پالیسی ہوگی۔ڈاکٹر سہیل سلیم نے مزید کہا کہ پاکستان اولمپک ایسوسی ایشن سمیت سب کو ساتھ لے کر چلنا ہے۔

محسن نقوی سے ٹرافی وصول نہ کرنے پر بھارتی ٹیم کیخلاف سخت کارروائی کا مطالبہ

لاہور(سپورٹس ڈیسک)سابق قومی کپتان راشد لطیف نے بھارتی کرکٹ ٹیم کو ایشیا کپ 2025 کی ٹرافی وصول نہ کرنے پر شدید تنقید کا نشانہ بنایا ہے۔سماجی رابطے کی ویب سائٹ ایکس پر اپنے بیان میں راشد لطیف نے کہا کہ بھارتی ٹیم نے ایشین کرکٹ کونسل (اے سی سی) کے چیئرمین اور چیئرمین پی سی بی محسن نقوی سے ٹرافی لینے سے انکار کیا جو معطلی کا سیدھا کیس بنتا ہے۔انہوں نے کہا کہ اگر یہ کسی اور کھیل میں ہوتا تو فوری کارروائی کی جاتی لیکن چونکہ آئی سی سی کے چیئرمین، سی ای او، سی ایف او، کمرشل چیف اور ہیڈ آف ایونٹس و کمیونیکیشن سب بھارتی ہیں اس لیے معطلی کے امکانات نہ ہونے کے برابر ہیں۔

آپ پہلے کپتان ہیں جو کرکٹ میں سیاست لائے، پاکستانی صحافی کے سوال پر سوریا کمار بوکھلا گئے

لاہور(سپورٹس ڈیسک)ٹورنامنٹ جیتنے کے باوجود بھارتی ٹیم کی ہٹ دھرمی برقرار رہی اور وہ کرکٹ میں سیاست لانے کے سوال پر بوکھلاہٹ کا شکار ہوگئے۔میچ کے بعد بھارتی کپتان سوریا کمار یادو کی پریس کانفرنس میں صحافی نے اُن سے سوال کیا کہ اس پورے ٹورنامنٹ میں آپ کا پاکستان ٹیم کے ساتھ جو رویہ رہا جس میں پہلے آپ نے ہینڈ شیک نہیں کیا، پھر ٹرافی کے ساتھ فوٹو سیشن نہیں کیا، آپ نے ایک سیاسی پریس کانفرنس کی، کرکٹ کی تاریخ میں آپ پہلے کپتان ہیں جو کھیل میں سیاست لیکر آئے ہیں۔بھارتی کپتان صحافی کے سوال کا جواب دینے کے بجائے بوکھلا گئے، انہوں نے صحافی پر غصہ ہونے کا الزام لگا دیا اور سوال سمجھ نہ آنے کا بہانہ کر کے راہ فرار اختیار کرلی۔واضح رہے کہ ٹورنامنٹ کے دوران بھارتی ٹیم کے کپتان سوریا کمار یادیو کو سیاسی پریس کانفرنس کرنے پر جرمانہ بھی ہوا لیکن انہوں نے فائنل میچ کے بعد ایک بار پھر پریس کانفرنس کے دوران اعلان کیا کہ وہ ایشیا کپ میں کھیلے گئے۔

ثنا میر بھی ویمنز ورلڈ کپ کے اسٹار کمنٹری پینل میں شامل

لاہور(سپورٹس ڈیسک)آئی سی سی ویمنز ورلڈ کپ 2025 کے لیے تبصرہ نگاروں اور تجزیہ کاروں کا پینل تشکیل دے دیا گیا جس میں ثنا میر بھی شامل ہیں۔30 ستمبر سے بھارت اور سری لنکا میں شروع ہونے والے ایونٹ کے براہ راست میچز پر سابق ورلڈ کپ فاتح میل جونز، عیسیٰ گوہا، اسٹیسی این کنگ اور جولیا پرائس نمایاں تبصرہ نگاروں میں شامل سابق بھارتی کپتان متھالی راج، سابق پاکستانی کپتان ثنا میر اور انجم چوپڑا بھی کمنٹری پینل کا حصہ ہوں گی دیگر نامور تجزیہ کاروں میں کیٹی مارٹن، نتاشا فیرنٹ اور کاس نائیڈو شامل ہیں جبکہ ایرون فنچ، کارلوس بریتھویٹ اور دینیش کارتک بھی کمنٹری کریں گے ناصر حسین، ایان بشپ، میو میبلو مبانگوا، رسل آرنلڈ، راؤنک کپور اور جتن سپرو بھی اس فہرست میں شامل ہیں۔

وقار یونس کو نسیم شاہ سے بدستور امیدیں وابستہ

پلیئرز کسی بھی لیگ میں پرفارم کریں سلیکٹرز ان پر نظر ضرور رکھتے ہیں، سابق فاسٹ بولر



لاہور(سپورٹس ڈیسک)وقار یونس کو نسیم شاہ سے بدستور امیدیں وابستہ ہیں، ان کا کہنا ہے کہ آئی ایل ٹی 20 پیسر کیلیے اچھا موقع ہے، سلیکٹرز ضرور ان پر نظر رکھے ہوں گے۔تفصیلات کے مطابق گزشتہ ماہ منعقدہ ٹرائنگولر سیریز میں نسیم شاہ کو پاکستان کی جانب سے صرف ایک میچ ہی کھیلنے کا موقع ملا تھا، وہ ان دنوں یو اے ای میں جاری آئی ایل ٹی 20 میں ڈیزارٹ وائپرز کی نمائندگی کر رہے ہیں۔دبئی میں بات چیت کے دوران سابق پیسر وقار یونس نے کہا کہ نسیم شاہ بدستور اچھے بولر ہیں، بعض اوقات کوئی کھلاڑی فارم کھو بیٹھتا ہے، اگر اچھی بولنگ نہ کرے تو اسے ٹیم سے ڈراپ ہونا پڑتا ہے، البتہ آئی ایل ٹی 20 نسیم شاہ کیلیے اچھا موقع ہے۔پلیئرز کسی بھی لیگ میں پرفارم کریں سلیکٹرز ان پر نظر ضرور رکھتے ہیں، اس سے واپسی کا موقع بھی مل سکتا ہے۔وسیم اکرم کی 414 وکٹوں کا ریکارڈ توڑنے والے مچل اسٹارک کے بارے میں وقار یونس نے کہا کہ وہ 35 سال کے ہو چکے مگر اب بھی بہترین پرفارم کر رہے ہیں، مجھے لگتا ہے کہ اسٹارک مزید 2،3 سیزنز کھیل سکتے ہیں۔جب وہ کرکٹ سے الگ ہوئے تو لیفٹ آرم پیسرز میں سب سے آگے ہی ہوں گے، وسیم اکرم بھی خطرناک بولر تھے، البتہ دونوں کا کوئی موازنہ ممکن نہیں، ان کی اپنی اپنی خوبیاں اور خامیاں ہیں۔وقار یونس نے آئی ایل ٹی 20 کو بہترین لیگ قرار دیتے ہوئے کہا کہ افتتاحی تقریب سے ہی اس کی مقبولیت واضح ہو گئی تھی، اتنے سارے لوگ ایونٹ شروع ہونے کے منتظر تھے، لیگز کو مستحکم ہونے میں وقت لگتا ہے۔

روہت اور کوہلی کی تنزلی کا امکان، بھاری مالی نقصان کا اندیشہ

کوہلی اور روہت اگلے سرکل میں اے پلس کیٹیگری برقرار نہیں رکھ سکیں گے

لاہور(سپورٹس ڈیسک)بھارتی کرکٹ بورڈ کی جانب سے سابق کپتانوں روہت شرما اور ویرات کوہلی کی سینٹرل کنٹریکٹ میں تنزلی کا امکان ہے۔بھارتی میڈیا رپورٹس کے مطابق بھارتی کرکٹ بورڈ چار کیٹیگریز میں ایلیٹ کرکٹرز کو سینٹرل کنٹریکٹس دیتا ہے۔رپورٹس میں دعویٰ کیا گیا ہے کہ کوہلی اور روہت اگلے سرکل میں اے پلس کیٹیگری برقرار نہیں رکھ سکیں گے جس کے باعث انہیں کٹوتی کا سامنا کرنا پڑے گا۔دونوں کھلاڑیوں کا اے پلس کیٹیگری برقرار نہ رکھنے کی وجہ صرف ایک فارمیٹ کھیلنا ہے۔ایک فارمیٹ کی وجہ سے دونوں کرکٹرز کے میچز کی تعداد بہت کم ہے۔میڈیا رپورٹس کے مطابق اے پلس کیٹیگری میں کرکٹرز کو سالانہ 21 کروڑ روپے سے زائد ملتے ہیں۔دونوں کرکٹرز کے اے کیٹیگری میں جانے صورت میں انہیں تقریباً 15 کروڑ 50 لاکھ روپے سالانہ ملیں گے۔روہت شرما اور ویرات کوہلی کے سینٹرل کنٹریکٹ میں تقریباً 6 کروڑ 20 لاکھ روپے سے زائد کی کٹوتی ہوجائے گی۔

Showbiz

رونق میلہ

بھارتی گلوکارہ کو نازیبا ڈیپ فیک تصویر کیساتھ بچوں سمیت جان سے مارنے کی دھمکی موصول

ڈیپ فیک اور اے آئی کے بڑھتے استعمال سے خواتین کو مزید خطرات لاحق ہوسکتے ہیں، گلوکارہ

لاہور(شوبز رپورٹر)بھارتی گلوکارہ اور ڈبنگ آرٹسٹ چنمئی سرپادا کو ایک خوفناک دھمکی موصول ہوئی، جس میں ان کی ڈیپ فیک نازیبا تصویر بھی شامل تھی۔چنمئی نے اپنے ایکس اکاؤنٹ پر ایک ویڈیو جاری کی جس میں حالیہ ہفتوں کے دوران ملنے والی مسلسل آن لائن دھمکیوں کے بارے میں بتایا۔ان کے مطابق کچھ ہفتے قبل ان کے شوہر، اداکار و فلم ساز راہل رویندرن کے منگل سوتر سے متعلق ایک بیان کے بعد، انہیں اور ان کے اہلِ خانہ کو شدید ٹرولنگ کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے۔

معروف پنجابی گلوکار ٹریفک حادثے میں شدید زخمی، حالت تشویشناک

لاہور(شوبز رپورٹر)بالی ووڈ پنجابی موسیقی کے معروف گلوکار راجویر جونده ایک سڑک حادثے میں شدید زخمی ہو گئے ہیں، جس کے بعد انہیں موہالی کے فورٹس اسپتال میں داخل کیا گیا ہے۔ڈاکٹروں کے مطابق ان کی حالت انتہائی تشویشناک ہے اور وہ فی الحال وینٹی لیٹر پر زندگی کی جنگ لڑ رہے ہیں۔یہ المناک حادثہ ہماچل پردیش کے علاقے بدی کے قریب پیش آیا، جب 35 سالہ گلوکار کی موٹر سائیکل سڑک پر موجود دو مویشیوں سے ٹکرا گئی۔حادثے کے بعد انہیں پہلے مقامی سول اسپتال لے جایا گیا جہاں دوران علاج ان کا دل بند ہو گیا، تاہم فوری طبی امداد کے بعد انہیں موہالی کے فورٹس اسپتال منتقل کر دیا گیا۔اسپتال انتظامیہ کے مطابق راجویر جونده کو دوپہر 1 بج کر 45 منٹ پر ایمرجنسی وارڈ میں داخل کیا گیا۔اسپتال کی ایمرجنسی اور نیورو سرجری ٹیم نے فوری طور پر ان کا معائنہ کیا اور انہیں ایڈوانس لائف سپورٹ پر رکھا ہے۔

دھناشری ورما کا چہل سے طلاق کے بعد 60 کروڑ کے مطالبے پر بڑا انکشاف

یہ سوچ کر دکھ ہوا کہ یوزویندر چہل نے ایسا کیوں کیا

لاہور(شوبز رپورٹر)بھارتی کوریوگرافر دھناشری ورما نے کرکٹر یوزویندر چہل سے طلاق کے بعد 60 کروڑ روپے کے مطالبے کے حوالے سے پھیلائی جانے والی افواہوں پر اپنی خاموشی توڑ دی ہے۔انہوں نے میڈیا میں گردش کرنے والے اس دعوے کو بالکل غلط قرار دیا ہے جس میں کہا گیا تھا کہ انہوں نے طلاق کے بعد چہل سے 60 کروڑ روپے کا مطالبہ کیا تھا۔اپنے حالیہ انٹرویو میں دھناشری نے اپنے تعلقات کی تاریخ بتاتے ہوئے کہا کہ شادی سے قبل وہ چھ سے سات ماہ تک یوزویندر چہل کو ڈیٹ کرتی رہیں، جس کے بعد ان کی شادی ہوئی جو چار سال تک قائم رہی۔ان کا کہنا تھا کہ طلاق کا فیصلہ باہمی تھا اور لوگوں کا رقم مانگنے کے بارے میں بات کرنا سراسر غلط ہے۔دھناشری نے اپنے خاموش رہنے کی وجہ بھی بیان کرتے ہوئے کہا کہ ان کے والدین نے انہیں یہی سکھایا ہے کہ صرف اپنے قریبی لوگوں کو جواب دیں، اجنبیوں کو صفائی دینے میں وقت ضائع نہ کریں۔انہوں نے زور دے کر کہا کہ گزارے کے لیے رقم مانگنے کی بات میں کوئی سچائی نہیں ہے۔اس سے قبل دھناشری کے خاندان کی طرف سے جاری کردہ بیان میں بھی ان افواہوں کی تردید کی جا چکی ہے۔خاندان نے کہا تھا کہ وہ اس معاملے پر سخت ناراض ہیں اور انہوں نے کبھی ایسا کوئی مطالبہ نہیں کیا۔ان کا کہنا تھا کہ ایسی غیر ذمے دارانہ رپورٹنگ نہ صرف فریقین بلکہ ان کے خاندانوں کے لیے بھی تکلیف دہ ہے۔

نامعلوم افراد نے شوٹنگ رکوادی، صائمہ کو 2 گھنٹے تک یرغمال بنائے رکھا، ہدایتکارہ سنگیتا

شیراکوٹ تھانے میں مسلح افراد کے خلاف ایف آئی آر درج کروادی ہے، سنگیتا

لاہور(شوبز رپورٹر)لالی ووڈ کی مشہور ہدایتکارہ سنگیتا نے نامعلوم افراد کی جانب سے ڈرامے کی شوٹنگ رکوانے پر مقدمہ درج کروادیا۔ہدایتکار سید نور اور دیگر کے ہمراہ لاہور میں پریس کانفرنس کے دوران سنگیتا نے بتایا کہ ان کے ڈرامے کی ریکارڈنگ کے دوران نامعلوم افراد نے سیٹ پر فنکاروں کو دھمکایا اور ہراساں کیا۔اداکارہ سنگیتا کا کہنا تھا کہ 50 سال ہوگئے ہیں اس انڈسٹری میں کام کرتے ہوئے۔کچھ لوگوں نے اسلحے کے زور پر میری ٹیم کو ہراساں کرنے کی کوشش کی۔اداکارہ صائمہ کو 2 گھنٹے تک سیٹ پر یرغمال بنائے رکھا۔انہوں نے مزید کہا کہ میں نے شیرا کوٹ تھانے میں مسلح افراد کے خلاف ایف آئی آر درج کروادی ہے۔ہدایتکارہ سنگیتا نے کہا کہ ڈرامے میں نعمان اعجاز بھی تھے لیکن انہوں نے اس صورتحال کی وجہ سے کام نہیں کیا۔انہوں نے بتایا کہ احمد جہانگیر بلوچ نامی شخص کہتا ہے کہ میڈم اکیلے میں مجھ سے ملیں، یہ مسئلہ حل ہو جائے گا۔اداکارہ صائمہ کے شوہر اور معروف ہدایتکار سید نور نے شکوہ کیا کہ ہم لوگوں کو انٹرٹینمنٹ دیتے ہیں اور ہمیں کیا مل رہا ہے۔میری بیوی کو ہراساں کیا گیا، اس نے بہادری سے مقابلہ کیا۔انہوں نے کہا کہ ہماری فلم انڈسٹری اپنی جنگ لڑ رہی ہے۔اگر آئندہ کوئی واقعہ ہوا تو کون ذمہ دار ہوگا۔سید نور نے کہا کہ پہلے لوگ ہمیں شوٹنگ نہیں کرنے دیتے تھے اب کالے کوٹ والے تنگ کر رہے ہیں۔

دبئی میں شاہ رخ خان کے نام پر بنا لگژری پلازہ لانچ کے دن ہی فروخت، قیمت آپ کے ہوش اڑا دے گی

پروجیکٹ 55 منزلہ ہے جہاں 488 اپارٹمنٹ تعمیر کیے گئے ہیں، مجموعی طور پر 2 ارب 10 کروڑ درہم میں فروخت ہوئی

لاہور(شوبز رپورٹر)بالی ووڈ اداکار شاہ رخ خان کا سحر آج بھی برقرار ہے جس کی زندہ مثال اور حیران کن واقعہ سامنے آیا ہے۔خلیج ٹائمز کی رپورٹ کے مطابق دبئی میں دو ارب 10 کروڑ درہم کی مالیت سے شاہ رخ خان کے نام پر زیر تعمیر کمرشل ٹاور لانچ کے روز ہی فروخت ہوگیا۔پاکستانی روپے کے حساب سے یہ قیمت 1 کھرب 60 ارب 28 کروڑ 72 لاکھ سے زائد بنتی ہے۔اس پلازہ کو دانوبے پراپرٹیز نے تیار کیا اور شاہ رخ خان کے نام کی دنیا بھر میں یہ پہلی عمارت تھی جس کا تجربہ انتہائی کامیاب رہا۔رپورٹ کے مطابق ایک کروڑ اسکوائر فٹ پر بنے ہوئے اس پروجیکٹ کے فی فلیٹ کی قیمت 20 لاکھ درہم مقرر کی گئی ہے جبکہ اس میں 488 اپارٹمنٹ اور عمارت 55 منزلہ ہے۔

بصارت سے محروم طالبہ کا خوبصورت آواز میں ملی نغمہ، پاک فوج سے اظہارِ محبت

لاہور(شوبز رپورٹر)کینیرڈ کالج میں منعقدہ ایک پروقار تقریب کے دوران بصارت سے محروم طالبہ نے ملی نغمہ"وطن کی مٹی گواہ رہنا"پیش کرکے حاضرین کے دل جیت لیے۔طالبہ نے نہایت دلکش آواز میں نغمہ سنا کر وطن سے محبت اور پاک فوج کے ساتھ والہانہ عقیدت کا اظہار کیا۔نغمے کے ذریعے پاک فوج کے جوانوں اور ننھے شہداء کی قربانیوں کو خراج تحسین پیش کیا گیا۔طالبہ نے نغمے کے ذریعے عظیم وطن کی حفاظت کے لیے پاک فوج کے شانہ بشانہ کھڑے ہونے کے عزم کا اعادہ کیا۔تقریب میں طالبہ کے جذبہ حب الوطنی کو بھرپور داد دی گئی، تقریب کے شرکاء نے بھرپور تالیوں سے طالبہ کے وطن سے محبت کے جذبہ کو سراہا۔تقریب میں نوجوان طالبات کی بھرپور شرکت اپنے وطن اور پاک فوج سے محبت کا اظہار ہے۔

علی ظفر سیلاب زدگان کی مدد کیلئے میدان میں اُتر آئے

لاہور(شوبز رپورٹر)پاکستان شوبز کے نامور گلوکار و اداکار علی ظفر سیلاب زدگان کی مدد کیلئے میدان میں آگئے۔علی ظفر نے سیلاب متاثرین کی امداد کے لیے عملی اقدام اٹھاتے ہوئے الحمرا کلچرل کمپلیکس میں منعقدہ ایک خصوصی امدادی شو میں شرکت کی۔اس امدادی شو کا مقصد سیلاب زدگان کے لیے فنڈز جمع کرنا اور ان سے اظہارِ یکجہتی کرنا تھا۔تقریب میں علی ظفر کے علاوہ معروف گلوکارہ نتاشا، علی نور اور گوہر ممتاز نے بھی پرفارم کیا، جنہوں نے اپنی آواز اور فن سے شرکاء کے دل جیت لیے اور ماحول کو جذباتی رنگ دے دیا۔

عائزہ خان پر انکے بھائی کی مبینہ سابقہ منگیتر کے سنگین الزامات

لاہور(شوبز رپورٹر)پاکستان شوبز انڈسٹری کی معروف اداکارہ عائزہ خان پر انکے بھائی کی مبینہ سابقہ منگیتر نے سنگین الزامات عائد کردیے۔عائزہ خان ان دنوں اپنے بھائی احد کی شادی کی رنگارنگ تقریبات اور شاندار ملبوسات کے باعث خبروں کی زینت بنی ہوئی ہیں۔سوشل میڈیا کے مختلف پلیٹ فارمز پر عائزہ خان کے دلکش لباس اور خوشیوں بھرے لمحات کی ویڈیوز وائرل ہیں۔تاہم حال ہی میں عروبہ طارق نامی خاتون کی جانب سے لگائے گئے الزامات کے بعد عائزہ خان اور ان کے خاندان کو ایک تنازع کا سامنا ہے۔فیس بک پر عروبہ طارق نامی خاتون نے خود کو احد کی سابقہ منگیتر ظاہر کرتے ہوئے عائزہ خان اور ان کے اہلِ خانہ پر سنگین الزامات عائد کیے۔ان کی پوسٹ کے اسکرین شاٹس تیزی سے سوشل میڈیا پر گردش کر رہے ہیں۔

عدنان سمیع کو بھارتی ہوٹل میں مشکل کا سامنا، سوشل میڈیا پر مذاق بن گیا

سوشل میڈیا صارفین نے عدنان سمیع کو پانی کی بالٹی پہلے سے بھر کر رکھنے کا مشورہ دیا

لاہور(سپورٹس ڈیسک)گلوکار عدنان سمیع نے بھارت کے حیدرآباد کے ایک پریمیئم ہوٹل میں بنیادی سہولیات نہ ملنے پر سخت ناراضی کا اظہار کیا ہے۔انہوں نے سماجی میڈیا پر ایک ویڈیو شیئر کرتے ہوئے بتایا کہ ہوٹل کے صدارتی سوئٹ کے باتھ روم میں پانی کی سہولت منقطع ہونے کی وجہ سے انہیں شدید مشکلات کا سامنا کرنا پڑا۔اپنے پیغام میں عدنان سمیع نے کہا کہ یہ ایک پریمیئم ہوٹل میں ناقابل معافی عمل ہے کہ مہمانوں کو پانی جیسی بنیادی سہولت بھی میسر نہ آئے۔ان کا کہنا تھا کہ ایسی صورت حال میں نہ صرف مہمانوں کا اعتماد مجروح ہوتا ہے بلکہ ہوٹل کی ساکھ کو بھی شدید نقصان پہنچتا ہے۔عدنان سمیع نے تاج کرشنا ہوٹل کی انتظامیہ پر تنقید کرتے ہوئے کہا کہ اس معاملے میں فوری حل اور شفافیت ناگزیر تھی، مگر انتظامیہ کی طرف سے صرف یہ کہا گیا کہ یہ مسئلہ مینٹیننس کی وجہ سے پیدا ہوا ہے، جبکہ یہ واضح نہیں کیا گیا کہ یہ سہولت کب تک بحال ہوگی۔

ایک یوٹیوبر کی موجودگی میں ڈکی بھائی سے دوران حراست پوچھ گچھ کی ویڈیو سامنے آگئی

ڈکی بھائی نے این سی سی آئی اے کے افسر سرفراز چوہدری پر سنگین الزامات عائد کیے ہیں

لاہور(شوبز رپورٹر)معروف یوٹیوبر سعد الرحمان المعروف ڈکی بھائی کی دوران حراست تفتیش کی ایک ویڈیو سامنے آئی جس میں انفلوئنسر ڈاکٹر عفان کی موجودگی میں اُن سے پوچھ گچھ کی جا رہی ہے۔سعد الرحمان عرف ڈکی کو تقریباً تین ماہ قبل جوا ایپ کی تشہیر کے کیس میں بیرون ملک روانگی کے وقت لاہور ایئرپورٹ سے گرفتار کیا گیا جس کے بعد انہوں نے تقریباً 100 دن جیل میں گزارے اور پھر لاہور ہائیکورٹ کی جانب سے ضمانت منظور ہونے کے بعد وہ باہر آگئے ہیں۔ڈکی بھائی نے اپنی 100 دن کی حراست کے دوران پیش آنے والے واقعات کے حوالے سے ویڈیو شیئر کی جس میں انہوں نے این سی سی آئی اے کے ایڈیشنل ڈائریکٹر سرفراز چوہدری اور دیگر افسران پر سنگین الزامات عائد کیے۔ڈکی بھائی نے دعویٰ کیا تھا کہ اُن سے دوران حراست انسانیت سوز تشدد کیا گیا جبکہ کروڑوں روپے رشوت بھی لی گئی۔سعد الرحمان نے جس سابق افسر پر الزامات لگائے اُس نے یوٹیوبر ڈاکٹر عفان کے ساتھ ایک پوڈکاسٹ میں شرکت کر کے ڈکی پر سنگین الزامات عائد کیے تھے۔

مدیحہ امام کس اداکار کیساتھ ساری زندگی کام کرنا چاہتی ہیں؟

اداکارہ نے ترکیہ میں جعلی کرنسی کی وجہ سے مشکل میں پھنسنے کا دلچسپ واقعہ بھی سنا دیا

لاہور(شوبز رپورٹر)معروف اداکارہ مدیحہ امام نے انکشاف کیا ہے کہ اگر انہیں زندگی بھر کسی ایک اداکار کے ساتھ کام کرنے کا موقع ملے تو وہ فیصل قریشی کے ساتھ کام کرنا پسند کریں گی۔نجی ٹی وی کے پروگرام"ہنسنا منع ہے"میں میزبان تابش ہاشمی سے گفتگو کرتے ہوئے مدیحہ امام نے اپنے کیریئر اور ذاتی تجربات سے متعلق دلچسپ واقعات سنائے۔انہوں نے ترکیہ کے ایک یادگار واقعے کا ذکر کرتے ہوئے بتایا کہ وہ پہلی بار وہاں کام کے سلسلے میں گئیں۔حلال کھانوں کے حوالے سے خدشات کے باعث زیادہ وقت ہوٹل میں گزارا، تاہم والدہ کے اصرار پر واپسی سے ایک دن قبل گھومنے نکلیں۔اداکارہ کے مطابق انہوں نے ایک ٹھیلے سے فروٹ چاٹ خریدی اور جب ترکش کرنسی میں ادائیگی کی تو فروٹ فروش غصے میں آگیا اور سیکیورٹی گارڈ کو بلا لیا چونکہ مدیحہ کو ترکش زبان نہیں آتی تھی، وہ معاملہ سمجھنے سے قاصر رہیں۔

بقیہ 1

انتظام،موسمیاتی تبدیلی،ٹیکنالوجیکل تعاون اور عوامی روابط کے فروغ پر تفصیلی بات چیت کی گئی۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے نیدرلینڈز کے سفیر رابرٹ جان سیگرٹ کی حالیہ تعیناتی پر نیک تمناؤں کا اظہار کیا۔ ملاقات میں اعلیٰ تعلیمی اداروں، ٹیکنیکل ٹریننگ، واٹر مینجمنٹ تعلیم اور تحقیق میں ڈچ تعاون بڑھانے پر اتفاق کیا گیا۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے ڈچ کمپنیوں کی پاکستان میں موجودگی کو سرمایہ کاروں کا اعتماد قرار دیا اور حوصلہ افزائی بھی کی۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے ڈچ ماہرین کی واٹر گورننس اور فلڈ مینجمنٹ میں عالمی شہرت کو سراہا۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے براہ راست فضائی رابطے کی بحالی کی خواہش کا اظہار کیا۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے سفیر رابرٹ جان سیگرٹ سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ نیدرلینڈز کے سفیر رابرٹ جان سیگرٹ کا تعارفی دورہ باہمی تعلقات کے مثبت سمت میں آگے بڑھنے کی علامت ہے۔ پاکستان اور نیدرلینڈز کے باہمی تعلقات مشترکہ ترقیاتی اہداف پر مبنی ہیں۔صوبائی سطح پر پنجاب پاک نیدر لینڈ تعاون کو مزید آگے بڑھانے کا خواہاں ہے۔نیدرلینڈز پاکستان کا دوسرا بڑا یورپی تجارتی شراکت دار ہے۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے کہا کہ پنجاب سرمایہ کاروں کو سازگار ماحول فراہم کرتا ہے۔نیدرلینڈز کی زرعی اور فوڈ ٹیکنالوجی مہارت پنجاب کے ترقیاتی اہداف اور زرعی حکمتِ عملی سے ہم آہنگ ہے۔ آلو کی بہتر پیداوار کے لئے نیدرلینڈز کی شراکت داری انقلاب برپا کرسکتی ہے۔نیدرلینڈز کے Room for the River جیسے منصوبے دنیا کے لیے مثال ہیں اور پنجاب اس ضمن میں جامع تعاون کا خواہاں ہے۔ ستھرا پنجاب،اسمارٹ ایریگیشن اور کلائمٹ ریزیلینٹ ایگریکلچر جیسے بڑے منصوبوں میں ڈچ تعاون سود مند ہوسکتا ہے۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے کہا کہ ڈچ یونیورسٹیوں کے ساتھ مضبوط روابط اور مشترکہ تحقیقی پروگرامز کو فروغ دینا چاہتے ہیں۔ڈچ کاروباری وفود کی پاکستان کے تجارتی میلوں T E X P O اور FoodAg میں شرکت حوصلہ افزا ہے۔نیدر لینڈ سے تعلقات کا فروغ سے کاروبار، سرمایہ کاری اور سیاحت کو نئی جہت دے گا۔پنجاب نیدرلینڈز کے ساتھ وسیع ،مضبوط معاشی شراکت داری کا خواہاں ہے۔نیدرلینڈز جدت، زرعی ٹیکنالوجی اور پائیدار ترقی میں عالمی مثال ہے۔

بقیہ 2

کوریج (یو ایچ سی) کے نتائج کا اعلان کرتے ہوئے حکومت کے اس عزم کا اعادہ کیا ہے کہ تمام شہریوں کے لیے قابل رسائی، منصفانہ اور معیاری صحت کی سہولیات کو یقینی بنایا جائیگا، ہمارا مشن نئی کوششوں کو مربوط کرنا اور ٹیکنالوجیز کو بہتر بنانا ہے تاکہ ضروری صحت کی خدمات کو عوام کی دہلیز کے قریب، صحت کی دیکھ بھال کے معیار کو بہتر بنایا جاسکے اور مالی بوجھ کو کم کیا جاسکے۔ان خیالات کا اظہار انہوں نے یونیورسل ہیلتھ کوریج (یو ایچ سی) ڈے کے موقع پر کیا۔وزارت قومی صحت نے قومی، صوبائی اور ضلعی سطح پر تازہ ترین یو ایچ سی سروس کوریج انڈیکس کے تخمینے کے نتائج کا اعلان کیا۔یہ نتائج برطانیہ کے ایویڈنس فار ہیلتھ (ای فار ایچ) پروگرام اور عالمی ادارہ صحت (ڈبلیو ایچ او) کی تکنیکی معاونت سے تشکیل دیئے گئے ہیں۔ یو ایچ سی سروس کوریج انڈیکس (ایس سی آئی) قومی سطح پر 2015 میں 40 سکور سے بڑھ کر 2024 میں 7.54 ہو گیا ہے۔اگرچہ یہ 2015 کے مقابلے میں قابل تعریف 8.37 فیصد اضافہ ہے، لیکن 2023 سے صرف 5.1 فیصد سالانہ اضافہ تیز کوششوں کی ضرورت کو اجاگر کرتا ہے۔وفاقی وزیر قومی صحت سید مصطفیٰ کمال نے پاکستان کے لیے تازہ ترین یو ایچ سی نتائج کا اعلان کیا اور حکومت کے اس عزم کی تصدیق کی کہ تمام شہریوں کے لیے قابل رسائی، منصفانہ اور معیاری صحت کی سہولیات کو یقینی بنایا جائے، ہمارا مشن نئی کوششوں کو مربوط کرنا اور ٹیکنالوجیز کو بہتر بنانا ہے تاکہ ضروری صحت کی خدمات کو لوگوں کے دروازے کے قریب لایا جا سکے، صحت کی دیکھ بھال کے معیار کو بہتر بنایا جاسکے اور مالی بوجھ کو کم کیا جاسکے۔سید مصطفیٰ کمال نے کہا کہ جب ہم یونیورسل ہیلتھ کوریج ڈے منا رہے ہیں تو ہمیں یاد دلایا جا رہا ہے کہ ہر کوئی، ہر جگہ صحت کی خدمات تک رسائی کا حقدار ہے جس کی انہیں ضرورت ہے، ہمیں صحت کے زیادہ اخراجات کے مسئلے کو حل کرنا ہوگا جو بہت سے لوگوں کے لئے مشکلات کا باعث بنتا ہے۔ ہم 2026-2035 کیلئے ایک نئی نیشنل ہیلتھ اینڈ پاپولیشن پالیسی (این ایچ پی پی) کی طرف بھی بڑھ رہے ہیں جس کا وژن صحت اور آبادی کے شعبے کی منظم آزادی ہے جس کا مقصد پاکستان میں صحت کے نظام کو مضبوط بنانے اور بنیادی صحت کی دیکھ بھال کی بہتر فراہمی کے لیے شراکت داریوں، ٹیکنالوجیز اور سرمایہ کاری کے نئے دور کو فروغ دینا ہے۔سال 2024 کے یو ایچ سی کے نتائج ملک بھر میں مخلوط کارکردگی ظاہر کرتے ہیں۔اسلام آباد کیپیٹل ٹیریٹری جس کی تعداد 62 ہے، نے تمام صوبوں اور وفاقی علاقوں میں سب سے زیادہ سکور کیا ہے۔پنجاب 2.55 کے سکور کے ساتھ ہے، خیبر پختونخوا 5.53،سندھ 4.51،گلگت بلتستان 7.49، آزاد جموں وکشمیر 5.49 اور بلوچستان 8.38 پر ہے۔مجموعی طور پر پاکستان کے 45 اضلاع میں یو ایچ سی ایس سی سکور 40 سے کم ہے جبکہ 39 اضلاع 40-49 کے درمیان ہیں اور 65 اضلاع 50 سے 59 کے درمیان ہیں۔اب تک ملک کے صرف 9 اضلاع نے یو ایچ سی سکور 60 یا اس سے زیادہ حاصل کیا ہے۔یہ پاکستان کی پائیدار ترقی کے اہداف (ایس ڈی جیز) کے ہدف یعنی یو ایچ سی سکور 80 یا اس سے زیادہ 2030 تک حاصل کرنے کے عزم کی طرف ایک نمایاں فرق کو اجاگر کرتا ہے۔حکومت صحت کے نظام کو مضبوط بنانے اور صحت میں عوامی سرمایہ کاری میں نمایاں اضافہ کرنے کے لیے پرعزم ہے۔وزیر مملکت ڈاکٹر ملک مختار احمد نے کہا کہ اس سال کا یو ایچ سی ڈے ہمیں ایک بنیادی اصول کی یاد دلاتا ہے کہ ضروری صحت کی خدمات تک رسائی کے لیے کسی خاندان کو غربت میں دھکیل نہیں دینا چاہیے۔وفاقی سیکرٹری صحت حامد یعقوب شیخ نے وفاقی اور صوبائی حکومتوں، صحت کے اداروں اور کمیونٹیز کے درمیان ہم آہنگی کو مضبوط بنانے کی ضرورت پر زور دیا تاکہ سب کے لیے قابل اعتماد، قابل رسائی اور سستی صحت کی سہولیات فراہم کی جاسکیں۔انہوں نے کہا کہ تعاون اور عزم کے ذریعے ہم یو ایچ سی کو آگے بڑھانے کے لیے پرعزم ہیں تاکہ صحت سب کے لیے ایک صحت منداور خوشحال پاکستان کے لیے حقیقت بنے۔اس موقع پر برطانوی ہائی کمیشن کی سربراہ ہیلتھ اینڈ ایجوکیشن گروپ ماریا ویارڈ نے برطانیہ کی پاکستان کے ساتھ صحت، آبادی اور یو ایچ سی اصلاحات کے لیے وابستگی اور طویل مدتی شراکت داری کو دہرایا۔یونیورسل ہیلتھ کوریج صرف صحت کا ہدف نہیں، یہ مساوات اور لچک کی بنیاد ہے۔اس سال کا یو ایچ سی ڈے ہمیں یاد دلاتا ہے کہ کسی کو پیچھے نہ چھوڑنا ترقی کو تیز کرنا ہے تاکہ ہر فرد، چاہے وہ کہیں بھی رہتا ہو یا کتنا بھی کمائے ، بغیر مالی مشکلات کے ضروری صحت کی خدمات تک رسائی حاصل کر سکے۔برطانیہ پاکستان میں صحت کے نظام کو سب کے لیے فراہم کرنے میں مدد دینے کے لیے پرعزم ہے۔ اس موقع پر ڈبلیو ایچ او کے نمائندے ڈاکٹر لوڈا پینگ نے حکومت پاکستان کو یو ایچ سی میں ترقی میں مسلسل کوششوں پر مبارکباد دی۔انہوں نے اجتماعی عمل کی طاقت پر زور دیا۔ قومی ترجیحات، شواہد اور شراکت داروں کی حمایت کو ہم آہنگ کرنا ملک میں یو ایچ سی اور صحت کی سلامتی کو تیز کرنے کے لیے ضروری ہے۔

بقیہ 3

حمید کی سزا کسی حکومت یا جماعت کی فتح نہیں نہ کسی نے خوشی کے شادیانے بجائے ہیں، یہ فیصلہ ملک کے آئین اور قانون کی فتح ہے جس کے ملک کی آئندہ سیاست پر دور رس نتائج مرتب ہوں گے۔جمعہ کو یہاں پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ ہماری سیاسی تاریخ کا پہلا ایسا فیصلہ ہے جس میں جنرل فیض حمید کو 14 سال قید بامشقت دی گئی ہے، اس فیصلے نے ملک کے حالیہ سیاسی بحران کے اصل محرکات واضح کر دیئے ہیں۔انہوں نے کہا کہ اس فیصلے کے تحت ملک کی انتہائی طاقتور سمجھے جانے والی شخصیت فیض حمید جو آئی ایس آئی کے سابق سربراہ اور کور کمانڈر بھی رہ چکے ہیں، پاک فوج کی عسکری قیادت اور ادارے نے ان کے خلاف کورٹ مارشل کی کارروائی کا آغاز کیا۔انہوں نے کہا کہ فوج میں اس سے پہلے ایسی مثال موجود نہیں تھی کہ فوج نے اپنے ہی کسی افسر کو سزا دی ہو۔انہوں نے کہا کہ یہ کیس 15 ماہ تک چلا، فیض حمید کو صفائی کا پورا موقع دیا گیا، انہیں ان کی مرضی اور پسند کی لیگل ٹیم کی اجازت دی گئی، اس کے بعد جو چار الزامات لگائے گئے وہ سچ ثابت ہوئے اور اس بناء پر انہیں 14 سال قید بامشقت دی گئی۔انہوں نے کہا کہ یہ فیرون ہے، دوسرے فیز کی بات بعد میں آئے گی۔ انہوں نے کہا کہ یہ فیصلہ نہ کسی حکومت اور نہ ہی کسی جماعت کی فتح ہے، نہ کسی نے خوشی کے شادیانے بجائے ہیں، یہ ملک کے آئین اور قانون کی سربلندی کی فتح ہے۔انہوں نے کہا کہ اس کے سیاسی تاریخ میں دور رس نتائج مرتب ہوں گے۔انہوں نے کہا کہ ملک کے حالیہ سیاسی بحران کی جڑیں فیض حمید کے آئین سے بالاتر فیصلوں اور جوڑ توڑ کے اقدامات سے جڑی ہوئی ہیں۔انہوں نے کہا کہ کوئی بھی آئین سے بالاتر نہیں ہے، جنرل فیض نے اپنی آئینی حیثیت اور ریاستی عہدے کو اپنی ذاتی پسند اور ناپسند کے طور پر آئین سے بالاتر ہو کر استعمال کیا۔انہوں نے کہا کہ قومی مفاد کے نام پر انہوں نے غیر آئینی اقدامات کر کے حکومتوں کو بنایا اور گرایا۔انہوں نے کہا کہ جب کوئی اپنے ریاستی منصب کو سیاسی انجینئرنگ کے لیے استعمال کرتا ہے تو اس کے نتائج بھی سامنے آتے ہیں۔ ڈاکٹر طارق فضل چوہدری نے کہا کہ گزشتہ آٹھ سے 10 سالوں سے ملک ان کے اقدامات کا خمیازہ بھگت رہا ہے۔انہوں نے کہا کہ نواز شریف کو وزارت عظمیٰ سے غیر آئینی طور پر ہٹایا گیا، رانا ثناء اللہ، خواجہ سعد رفیق اور حنیف عباسی سمیت ہمارے دیگر کئی وزراء کو پابند سلاسل رکھا گیا۔دوسری طرف ایک جماعت کی لیڈرشپ کو سپورٹ کیا گیا اور مخصوص چہرے سامنے لائے گئے جس سے اداروں پر عوام کا اعتماد کمزور ہوا، جمہوری نظام کمزور ہوا اور معاشرے میں تقسیم پیدا ہوئی۔انہوں نے کہا کہ بانی پی ٹی آئی نے جنرل فیض حمید کی پشت پناہی کی وجہ سے ریاست اور ریاستی اداروں کے خلاف منفی پروپیگنڈا کیا۔انہوں نے فوج میں تقسیم پیدا کرنے کی کوشش کی، ان کے تمام غیر آئینی اقدامات سے ملک میں سیاسی عدم استحکام آیا، اس سزا کے بعد ملک کی سیاسی نظام میں کسی کو اس طرح کی کہانی دہرانے کی جرات نہیں ہوگی۔انہوں نے کہا کہ اس فیصلے نے فوج کے اندرونی احتساب کے نظام پر عوام کا اعتماد بحال کیا ہے، اس پر فیلڈ مارشل جنرل سید عاصم منیر کو خراج تحسین پیش کرتا ہوں۔انہوں نے کہا کہ پی ٹی آئی بھی اب یہ سمجھ لے کہ اب ان کی پشت پر فیض حمید نہیں رہے، اب انہیں اپنے پاؤں زمین پر رکھنے چاہئیں، ان کی منفی سیاست کے اثرات سے پہلے ہی ملک بہت متاثر ہوا ہے۔انہوں نے کہا کہ پاکستان اور اس کے ریاستی اداروں کے سربراہان کے خلاف ان کے ٹوئیٹس ایسے ہیں جو صرف بھارت ہی کرسکتا ہے۔انہوں نے کہا کہ معرکہ حق میں اللہ نے ہمیں فتح اور برتری عطا فرمائی، ہم نے بھارت کے چھ جہاز گرائے، فیلڈ مارشل سید عاصم منیر اور ایئر چیف کی سربراہی میں ہمیں یہ کامیابی ملی اور ملک کو دنیا بھر میں اس کامیابی پر پذیرائی مل رہی ہے۔انہوں نے کہا کہ سعودی عرب کے ساتھ دفاعی معاہدہ ہوا ہے، ہمارے دیگر دوست ممالک ہمارے ساتھ قدم سے قدم ملا کر چلنا چاہتے ہیں۔انہوں نے کہا کہ دوسری طرف ایک شخص جیل میں بیٹھ کر ہمارے افواج، ریاستی اداروں اور ان کے سربراہان کے خلاف جو پروپیگنڈا کر رہا ہے وہ دنیا کا کوئی مہذب ملک قبول نہیں کرے گا۔ایک سوال کے جواب میں انہوں نے کہا کہ فیض حمید کے غیر آئینی اقدامات سے فوائد حاصل کرنے والوں کے نام سامنے آنا ابھی باقی ہیں، ان کے خلاف بھی کارروائی کی جائے گی۔

بقیہ 4

غیر جانبداری پر پھول چڑھائے۔اس موقع پر روس کے صدر ولادی میر پیوٹن، ترک صدر رجب طیب اردوان اور ترکمانستان کے صدر بردی محمدوف سمیت متعدد عالمی رہنما بھی موجود تھے جن سے وزیراعظم کا خوشگوار جملوں کا تبادلہ بھی ہوا۔"یادگار غیر جانبداری" ترکمانستان کی مستقل غیر جانبداری کی پالیسی کی علامت ہے۔ وزیراعظم شہباز شریف بین الاقوامی سال برائے امن و اعتماد، عالمی دن برائے غیر جانبداری اور ترکمانستان کی تیس سالہ مستقل غیر جانبداری کی سالگرہ کے حوالے سے اشک آباد میں منعقدہ فورم میں شرکت کیلئے ترکمانستان کے دو روزہ دورے پر ہیں۔

بقیہ 5

اجلاس کی سائیڈ لائن پر روسی صدر پیوٹن سے ملاقات ہوئی ہے۔غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق ترک صدر نے صدر پیوٹن کو روس یوکرین جنگ میں محدود سیز فائر کا مشورہ دیا اور کہا کہ یوکرین کی توانائی کی تنصیبات اور بندرگاہوں پر حملے رک جائیں تو یہ فائدہ مند ہوسکتا ہے۔ترک صدارتی دفتر کے مطابق صدر اردوان نے ترکیہ کی امن کوششوں میں تعاون کی خواہش کو دہرایا۔ ترک صدارتی دفتر کے مطابق ملاقات میں یورپی یونین کے روس کے فنڈز منجمد کرنے کے معاملے پر بھی تبادلہ خیال کیا گیا۔

بقیہ 6

اگر کوئی ملوث ہے تو اس کو باہر رکھا جائے۔ان خیالات کا اظہار انہوں نے لاہور میں گلگت بلتستان اور آزاد کشمیر کے پارٹی رہنماؤں سے گفتگو کرتے کیا۔نواز شریف نے کہا کہ مجھے پیغام ملا کہ آپ سب مجھے ملنا چاہتے ہیں۔تو مجھے بڑی خوشی ہوئی اور میں نے بہت اچھا محسوس کیا۔ ہم سب کو بہت خوشی ہے کہ یہاں پہ آج آزاد کشمیر کے بھی ہمارے دوست ساتھی بیٹھے ہیں اور گلگت بلتستان کے بھی دوست ساتھی بیٹھے ہیں۔ ہم سب چاہتے ہیں کہ مسلم لیگ (ن) آزاد جموں کشمیر میں بھی کامیابی حاصل کرے اور گلگت بلتستان میں بھی کامیابی حاصل کرے۔انہوں نے کہا کہ انتخابی ٹکٹوں کی تقسیم کیلئے میرٹ کا نفاذ بہت ضروری ہے، پاکستان کے قومی الیکشن ہوں یا کسی صوبے کے ہم نے میرٹ پر کبھی سمجھوتا نہیں کیا، انتخابات کے لیے بہترین امیدواروں کا انتخاب کرنا چاہیے، ہمارے پکے ساتھیوں کو انتخابات کے لیے میرٹ پر ٹکٹ دیا جائے، اس میرٹ کو نافذ کرنا بہت ضروری ہے۔انہوں نے کہا کہ آزاد کشمیر اور گلگت بلتستان کے حوالے سے پارٹی کے فیصلے میرٹ پر ہونے چاہیے اور اس پر کوئی کمپرومائز نہیں ہونا چاہیے، مقامی سطح پر آزاد کشمیر اور گلگت بلتستان میں جھگڑے ہیں وہ بڑی بد نصیبی ہے، پارٹی اسی وجہ سے بہت ساری سیٹیں گنوا دیتی ہے، اس کو برداشت نہیں کیا جائے گا، اگر کوئی اندرونی لڑائی میں ملوث ہے تو اس کو باہر رکھا جائے، اس کو درمیان میں لا کر اپنے سارے معاملات خراب نہیں کرنے ہیں، یہ ہمارا اصولی فیصلہ ہے، اس کو کسی قیمت برداشت نہیں کریں گے۔ان کا کہنا تھا کہ فضاء اچھی ہے پارٹی کو اس کا بھرپور فائدہ اٹھانا چاہیے، اس فضاء کو دیکھ کر بہت سارے لوگ ٹکٹ کے لیے آئیں گے لیکن ہمیں اپنے اور پرائے کی پہچان رکھنی ہے۔نواز شریف نے کہا کہ این ایف سی ایوارڈ کا مطالبہ بجائے گلگت بلتستان یا آزاد کشمیر سے آئے وفاقی حکومت کو خود کرنا چاہیے، میں وزیراعظم سے بات کروں گا لیکن ان صوبوں میں ہم نے جو سرمایہ کاری کی ہوئی ہے وہ این ایف سی سے بھی زیادہ ہے۔انہوں نے کہا کہ گلگت سکردو ہائی وے میں 50 ارب سے زیادہ خرچہ آیا اور ایف ڈبلیو او کو کام سونپا تھا اور ان کا تخمینہ تھا کہ 50 سے 60 ارب کے درمیان خرچہ آئے گا غالباً 53 ارب خرچ کیا ہے، اگر این ایف سی سے فنڈ آتا وہ بھی اتنا نہیں ہوتا جو ہم پہلے ہی خرچ کر چکے ہیں۔ان کا کہنا تھا کہ دونوں صوبوں کے فنڈز وہاں کے حقوق کے مطابق ملنے چاہئیں، اس کے علاوہ وفاقی حکومت اپنی مرضی سے خرچ کرنا چاہے تو کریں لیکن یہ بات بھی ضروری ہے کہ کیا صوبوں میں اتنا پیسہ خرچ کرنے کی صلاحیت ہے تو میں جانتا ہوں نہیں ہے، نہ آزاد کشمیر اور نہ ہی گلگت بلتستان میں گنجائش ہے، اگر وفاقی حکومت پیسے دے بھی دے تو وہاں خرچ نہیں ہوتے اور وہاں استعمال نہیں ہوتے ہیں، اس لیے صلاحیت اور گنجائش پیدا کرنا ضروری ہے۔نواز شریف نے وفاقی وزیر احسن اقبال سے کہا کہ وہ وزیراعظم شہباز شریف کو پارٹی کا یہ پیغام پہنچائیں اور شہباز شریف سے خود بھی بات کروں گا کہ گلگت بلتستان اور آزاد کشمیر کو این ایف سی کے تحت فنڈز ملنے چاہئیں اور یہ کسی کے رحم و کرم پر نہیں چھوڑا جائے کہ فنڈز میں کمی یا زیادہ کرے۔سابق وزیراعظم نے کہا کہ ہم نے آزاد کشمیر اور گلگت بلتستان کے لیے فنڈنگ کی ہے لیکن ہر سال ان کے حق کے مطابق ایک مخصوص رقم ادا کی جانی چاہیے اور یہ کسی پر انفرادی طور پر نہیں چھوڑنا چاہیے، باقاعدہ بتانا چاہیے کہ اتنی رقم گلگت بلتستان اور اتنی رقم آزاد کشمیر کے لیے ہے۔صدر مسلم لیگ (ن) پارٹی ذمہ داران کو ہدایت کی کہ وہ گلگت بلتستان اور آزاد کشمیر کے انتخابات کے لیے ٹکٹس طلب کریں اور جب درخواستیں موصول ہوں تو میں خود مظفر آباد، گلگت یا سکردو جاں گا اور تمام امیدواروں سے ملوں گا اور گفتگو کر کے کسی نتیجے پر باآسانی پہنچ جائیں گے اور سیاسی حوالے سے معلومات مل جائیں گی۔انہوں نے کہا کہ ستھرا پنجاب منصوبے نے پنجاب کو ترقی یافتہ صوبہ بنا دیا ہے، پنجاب میں امن و امان کا معاملہ بھی بہت بہتر ہے، پنجاب بھر میں ہسپتالوں کا جال بچھایا جا رہا ہے، خیبر پختونخوا اور دیگر صوبوں کے مریض پنجاب میں علاج کیلئے آرہے ہیں۔

بقیہ 7

کر دیا گیا۔این او سی کا اجرا ورچوئل ایسٹ سروس پرووائیڈرز کیلئے باقاعدہ ریگولیٹری فریم ورک کی کوششوں کا حصہ ہے اور اسے سرکاری اداروں کیساتھ مشاورت اور باضابطہ جائزہ کارروائی کے بعد جاری کیا گیا۔این او سی میں کہا گیا کہ بائنانس اور ایچ ٹی ایکس کو پاکستان میں کرپٹو اور ڈیجیٹل کرنسی کی ابتدائی تیاری اور مشاورتی سرگرمیاں کی اجازت ہوگی۔ ورچوئل ایسٹس ریگولیٹری اتھارٹی کا مقصد جدت کا فروغ، مارکیٹ کی شفافیت اور صارفین کا تحفظ ہے۔اس موقع پر وفاقی وزیر خزانہ سینیٹر محمد اورنگزیب نے کہا کہ این او سی فریم ورک کا آغاز پاکستان کے مالی نظم اور ذمہ دارانہ جدت کے عزم کا ثبوت ہے، ورچوئل ایسٹس ریگولیٹری اتھارٹی دنیا کی پہلی اے آئی سے چلنے والی ریگولیٹری اتھارٹی بن رہی ہے۔وزیر خزانہ نے کہا کہ اتھارٹی نے اے آئی سے چلنے والا ایویلیوایشن سسٹم، دستاویزات کا جائزہ اور ریکروٹمنٹ پورٹل متعارف کرا دیا ہے، اے آئی سے نگرانی کی صلاحیت میں بہتری آئی ہے اور پاکستان عالمی ریگولیٹری معیار سے ہم آہنگ ہوا ہے۔چیئرمین پاکستان ورچوئل ایسٹس ریگولیٹری اتھارٹی بلال بن ثاقب نے کہا کہ آج پاکستان کے ڈیجیٹل ایسٹ ایکو سسٹم کیلئے ایک نئے دور کا آغاز ہے،این او سی کا اجرا مکمل لائسنس یافتہ اور ریگولیٹڈ ماحول کی طرف پہلا قدم ہے۔بلال بن ثاقب نے کہا کہ صرف بہتر گورننس اور مکمل طور پر مطابقت یافتہ عالمی پلیٹ فارمز ہی لائسنسنگ کے اگلے مراحل تک پہنچ سکیں گے، یہ بہترین فریم ورک پاکستان کی فیٹف کے معیار سے ہم آہنگی کو مضبوط بناتا ہے۔انہوں نے کہا کہ پاکستانی مارکیٹ میں داخلے کیلئے ہر کمپنی کو شفافیت، گورننس اور رسک مینجمنٹ کے اعلیٰ معیار پر پورا اترنا ہوگا، پاکستان 3 سے 4 کروڑ صارفین کے ساتھ دنیا میں کرپٹو صارفین کا تیسرا بڑا ملک ہے جہاں سالانہ ڈیجیٹل ایسٹ ٹریڈنگ کا حجم 300 ارب ڈالر سے زائد ہے۔

بقیہ 8

پنجاب میں خیر مقدم پر وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کا شکریہ ادا کر دیا۔سماجی رابطے کی ویب سائٹ ایکس پر بلاول بھٹو زرداری نے وزیراعلیٰ پنجاب کے نام پیغام جاری کیا۔انہوں نے اپنے پیغام میں وزیرِ اعلی پنجاب کا شکریہ ادا کرتے ہوئے لکھا کہ محترمہ وزیراعلیٰ، آپ کے پرخلوص استقبال اور مثبت رویے کا شکریہ۔خیال رہے کہ حال ہی میں چیئرمین پی پی پی بلاول بھٹو نے پنجاب کا دورہ کیا، جس پر مریم نواز نے انہیں خوش آمدید کہتے ہوئے کہا تھا کہ پنجاب آپ کا گھر ہے، یہاں آپ کو ہمیشہ عزت واحترام ملے گا۔

بقیہ 9

میں دونوں ممالک کی وزارات داخلہ کے درمیان تعاون کو پائیدار اور مؤثر بنیادوں پر مزید فروغ دینے پر اتفاق کیا گیا۔عراقی وزیر داخلہ نے پاکستان کی جانب سے زائرین گروپس کو باقاعدہ منظم اور ریگولیٹ کرنے کے حالیہ اقدامات کو بھرپور سراہتے ہوئے کہا کہ آپ کے دور میں پہلی بار زائرین گروپس کو منظم کرنے کے لیے مؤثر اقدامات کیے گئے جو قابل تحسین ہیں۔عراقی وزیر داخلہ نے یقین دہانی کرائی کہ پاکستانی وزارتِ داخلہ کی فراہم کردہ فہرست میں شامل تمام زائرین کو عراق آنے کی اجازت دی جائے گی جبکہ زائرین کو مقررہ مدت سے زائد قیام کی ہرگز اجازت نہیں ہوگی۔وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے کہا کہ اس حوالے سے دونوں ممالک کے متعلقہ ادارے قریبی رابطے میں رہیں گے تاکہ زائرین کی فیسلیٹیشن اور نگرانی کو مؤثر بنایا جا سکے۔انہوں نے کہا کہ پاکستانی زائرین کی سلامتی، عزت اور سہولت حکومتِ پاکستان کی اولین ترجیح ہے۔دونوں وزرائے داخلہ نے سکیورٹی تعاون، انسداد دہشت گردی، انسانی سمگلنگ کی روک تھام اور معلومات کے تبادلے کیلئے مشترکہ میکنزم کو مضبوط بنانے پر بھی اتفاق کیا۔اس موقع پر عراقی وزیر داخلہ نے جلد پاکستان کا دورہ کرنے کا اعلان کرتے ہوئے کہا کہ آئندہ ملاقات میں زائرین کی سہولت، سیکیورٹی تعاون اور دوطرفہ روابط کو مزید مضبوط بنانے کا مشترکہ لائحہ عمل طے کیا جائے گا۔

بقیہ 10

امن حل پاکستان کی خارجہ پالیسی کا ستون ہے۔انہوں نے کہا کہ پاکستان کی حمایت سے غزہ میں امن منصوبہ منظور ہوا، جنگ بندی کیلئے تعاون پر سعودی عرب، قطر، ترکیہ، متحدہ عرب امارات، اردن اور ایران کے مشکور ہیں، غزہ میں امن کیلئے اپنی کوششیں جاری رکھے ہوئے ہیں، سلامتی کونسل کی قرارداد 2788 پاکستان کے وژن کی تائید ہے اور مشرق وسطیٰ میں تادیر جنگ بندی اور انسانی بنیادوں پر امداد کی فراہمی ضروری ہے۔وزیر اعظم نے کہا کہ پائیدار امن اور پائیدار ترقی لازم وملزوم ہیں، ترقی یافتہ ٹیکنالوجیز پر منصفانہ رسائی ناگزیر ہے، مالیاتی شمولیت اور خواتین کو معاشی دھارے میں لانا ہماری حکومت کی ترجیح ہے۔شہباز شریف نے کہا کہ دہشتگردی کا نیا خطرہ افغانستان سے اٹھ رہا ہے، عالمی برادری افغان حکومت پر ذمہ داریوں کی ادائیگی کیلئے زور ڈالے۔انہوں نے کہا کہ پاکستان کا صاف اور سرسبز ترقیاتی ماڈل عالمی مثال ہے، موسمیاتی تبدیلی اور عدم مساوات ترقی پذیر ممالک کے بڑے چیلنجز ہیں، موسمیاتی تبدیلیوں سے دنیا کے کئی ممالک کو خطرات درپیش ہیں، فورم کو عملی اقدامات میں ڈھالنے کی ضرورت ہے، دنیا کو صفر جمع سوچ سے نکل کر مشترکہ تعاون اپنانا ہوگا، تجارت ہی نہیں، انسانوں اور خیالات کو جوڑنے والے پل تعمیر کرنا ضروری ہے۔

بقیہ 11

کردی ہے اور اس کا نوٹیفکیشن بھی جاری کر دیا، جس میں سابق وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا علی امین گنڈاپور کا نام شامل نہیں ہے۔پی ٹی آئی کے بانی چیئرمین عمران خان کی جانب سے سلمان اکرم راجا کو نئی سیاسی کمیٹی تشکیل دینے کی ہدایت کی گئی تھی جس کے بعد کمیٹی کی تشکیل کا نوٹیفکیشن سلمان اکرم راجا اور فردوس شمیم نقوی کے دستخط سے جاری کر دیا گیا ہے۔نوٹیفکیشن کے مطابق کمیٹی میں 23 اہم رہنماؤں کو شامل کیا گیا ہے، چیئرمین پی ٹی آئی گوہر علی خان، سیکریٹری جنرل سلمان اکرم راجا بھی کمیٹی میں شامل ہیں۔پی ٹی آئی سیاسی کمیٹی میں شامل دیگر رہنماؤں میں فردوس شمیم نقوی، شیخ وقاص اکرم، وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا سہیل آفریدی، سینیٹ میں قائد حزب اختلاف علامہ راجا ناصر عباس، قومی اسمبلی میں قائد حزب اختلاف محمود خان اچکزئی اور سابق اپوزیشن لیڈر عمر ایوب بھی شامل ہیں۔سابق سینیٹ اپوزیشن لیڈر شبلی فراز، پنجاب اسمبلی اپوزیشن لیڈر معین قریشی، سابق اپوزیشن لیڈر پنجاب ملک احمد خان بھچر ، اور سیز چیپٹر سیکریٹری سجاد برکی، پنجاب کی چیف آرگنائزرز عالیہ حمزہ، جنید اکبر، حلیم عادل اور داؤد کاکڑ بھی کمیٹی کا حصہ ہیں۔سیاسی کمیٹی میں آزاد کشمیر اور گلگت بلتستان سے خالد خورشید اور سردار قیوم نیازی، سابق اسپیکر اسد قیصر، چیف وہپ قومی اسمبلی عامر ڈوگر، سینیٹ کو آرڈینیٹر فوزیہ ارشد، خواتین ونگ کی صدر کنول شوزب، اقلیتی ونگ کے صدر لال چند ملہی بھی کمیٹی کا حصہ ہیں۔نوٹیفکیشن میں کہا گیا کہ سیاسی کمیٹی پارٹی کا اعلیٰ ترین فیصلہ ساز فورم ہوگا، کمیٹی پارٹی فیصلوں اور پالیسی سازی کا اعلیٰ ترین فورم ہوگا اور پارلیمانی پارٹیوں کے لیے بنائی جانے والی پالیسیاں بھی مذکورہ کمیٹی مرتب کرے گی۔پی ٹی آئی کی سیاسی کمیٹی میں سابق وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا علی امین گنڈاپور شامل نہیں ہیں تاہم نوٹیفکیشن میں کہا گیا ہے کہ مزید رہنماؤں کی شمولیت یا اخراج ضرورت کے تحت کیا جائے گا۔

بقیہ 12

نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ شیخ عبداللہ بن زید النہیان کی دعوت پر 12 سے 14 دسمبر 2025 تک منعقد ہونے والے 16 ویں سر بنی یاس فورم میں شرکت کریں گے۔سر بنی یاس فورم ایک اعلیٰ سطح کا سالانہ اجتماع ہے جس میں سینئر عالمی رہنما، پالیسی ساز اور ماہرین خطے اور عالمی سطح کے اہم امور جن میں امن، سکیورٹی اور اقتصادی تعاون شامل ہیں، پر تبادلہ خیال کرتے ہیں۔دفتر خارجہ سے جاری بیان کے مطابق فورم کے دوران نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ اسحاق ڈار علاقائی استحکام، پائیدار ترقی اور معاشی شراکت داری کے فروغ سے متعلق موضوعات پر عالمی رہنماؤں اور ماہرین سے مشاورت کریں گے۔وہ پاکستان کا مؤقف بھی پیش کریں گے جس میں مکالمے کے فروغ، علاقائی چیلنجز کے حل اور اقتصادی تعاون کے مواقع بڑھانے پر زور دیا جائے گا۔

بقیہ 13

آرمی کورٹ سے سزا آئین سے انحراف کرنے والوں کیلئے عبرت ہے۔اپنے بیان میں لیاقت بلوچ نے کہا کہ ایوب خان، یحییٰ خان، ضیاالحق، پرویز مشرف آئین کے باغی تھے جو تاریخ میں نشان عبرت بن گئے۔لیاقت بلوچ نے کہا کہ فوج کیلئے باعزت باوقار راستہ آئین کی پابندی ہے، محلاتی سازشوں میں شریک لوگ شب خون مارتے ہیں جس سے نقصان ملک وملت کا ہوتا ہے۔انہوں نے کہا کہ افغان طالبان قیادت تسلیم کرے پاکستان ہی ان کا بااعتماد دوست ہے، بنگلہ دیش کے عام انتخابات وہاں کیلئے نئی تاریخ رقم کریں گے۔

بقیہ 14

سیکرٹری بلدیات شکیل احمد، سی او او نادرا سید عبدالسلام، اسپیشل سیکرٹری ارشد بیگ بھی موجود تھے۔وزیر بلدیات ذیشان رفیق کا کہنا ہے کہ نادرا ڈیٹا سسٹم کے ساتھ لنک ہونے سے خود بخود وہاں اندراج ہو جائیگا، محکمہ بلدیات اور نادرا کے درمیان ای رجسٹریشن کا معاہدہ طے پایا تھا، چند ماہ میں منفرد ایپ تیار کرلی گئی جس سے سرٹیفکیٹ بھی مل سکے گا۔ ذیشان رفیق نے کہا کہ یہ ایپ مریم نواز کے ڈیجیٹل پنجاب ویژن کا اہم سنگ میل ہے، پنجاب جدید ٹیکنالوجی کے استعمال سے ترقی یافتہ ممالک کے برابر چل رہا ہے۔شادی، اموات، پیدائش، طلاق کا اندراج کرنے سے درست ڈیٹا جمع ہوگا۔وزیر بلدیات نے مزید کہا کہ یہ سسٹم پنجاب بھر میں یونین کونسل کی سطح تک منسلک ہوگا، اکیسویں صدی آئی ٹی کی صدی ہے، ہر شعبہ ڈیجیٹائز ہو رہا ہے، نادرا کے تعاون پر شکر گزار ہیں، دور افتادہ علاقوں میں رجسٹریشن کیلئے موبائل سروس شروع کریں گے

بقیہ 15

سیکرٹری واصف محمود کے لئے نیک تمناں کا اظہار کیا اور کہا ہے کہ امید ہے پنجاب اسمبلی پریس گیلری کے نو منتخب عہدیدار ایوان کے تقدس کیلئے مثبت رپورٹنگ کا تسلسل برقرار رکھیں گے۔

بقیہ 16

مزید وسعت دینے پر اتفاق کیا۔صوبائی سطح پر اقتصادی اور ماحولیاتی شراکت داری بڑھانے کے امکانات پر بھی غور کیا گیا۔ملاقات کے دوران مریم اورنگزیب نے برطانوی وزیر کو لاہور آنے اور تاریخی تہوار بسنت منانے کی خصوصی دعوت دی۔ بیرونس چیپ مین نے لاہور کے ثقافتی ورثے ، تاریخی مقامات، اقتصادی پوٹینشل اور شہری تنوع کو سراہا اور کہا کہ لاہور خطے کا ایک نمایاں ثقافتی اور اقتصادی مرکز ہے۔وفد کو صحت، تعلیم، اچھی گورننس، ڈیجیٹل شفافیت اور دیگر ترجیحی شعبوں میں پنجاب حکومت کی اصلاحات پر بریفنگ دی گئی۔ پاکستان میں حالیہ سیلاب کے دوران پنجاب حکومت کے بروقت پیشگی ردعمل کی حکمت عملی پر بھی گفتگو ہوئی۔سینئر وزیر مریم اورنگزیب نے کہا کہ پنجاب اب قدرتی آفات پر محض ردعمل دینے کے بجائے، پیشگی منصوبہ بندی اور پیشگی تیاری کے ماڈل پر منتقل ہو چکا ہے۔انہوں نے مزید کہا کہ موجودہ حکومت کی جانب سے واضح سمت اور توجہ فراہم کیے جانے کے بعد انتظامی نظام پہلے کے مقابلے میں زیادہ مؤثر اور فعال انداز میں کام کر رہا ہے۔برطانوی وفد کو حکومتِ پنجاب کی نئی سموگ کنٹرول حکمت عملی پر بھی بریفنگ دی گئی، جس میں گاڑیوں کے دھوئیں کے اخراج کے لازمی ٹیسٹ، بھٹوں کی ٹیکنالوجیکل اپ گریڈیشن، اے کیو آئی مانیٹرنگ سسٹم اور کثیر الشعبہ ماحولیاتی منصوبے شامل ہیں۔وفد نے لاہور میں فضائی آلودگی میں حالیہ کمی کو مثبت پیش رفت قرار دیا۔ملاقات میں میگنیفیشنٹ پنجاب ایپ اور ثقافتی ورثہ کی بحالی کے منصوبوں پر بھی گفتگو ہوئی۔ بیرونس چیپ مین نے پنجاب کی جانب سے ثقافتی تحفظ، شہری بحالی اور ماحول دوست اقدامات کو سراہا۔مریم اورنگزیب نے برطانیہ سے درخواست کی کہ وہ گرین کمپیکٹ کے دائرہ کار کو صوبوں تک بڑھائے تاکہ گرین اکانومی، روزگار کے مواقع، ماحول دوست سرمایہ کاری اور پائیدار ترقی کے مشترکہ اہداف کو مزید تقویت مل سکے۔

بقیہ 17

کے ساتھ معاشی تعلقات مزید مضبوط بنانا ہے۔انہوں نے بتایا کہ اس وقت دونوں ممالک کے درمیان تجارت کا حجم ایک ارب ڈالر کے قریب ہے، جس کو پانچ ارب ڈالر تک بڑھانے کی صلاحیت موجود ہے۔ترک وفد نے کہا کہ ایل سی ڈبلیو سمیت کئی ترک ٹیکسٹائل برانڈز پاکستان میں سرمایہ کاری کرنا چاہتے ہیں۔وفد نے اسلام آباد، کراچی اور لاہور میں ترک بینک کھولنے کی بھی درخواست پیش کی۔ اس حوالے سے ہارون اختر خان نے یقین دہانی کروائی کہ ترک سرمایہ کاروں کے لیے لیٹر آف کریڈٹ اور بینکنگ سہولتوں کو بہتر بنایا جائے گا۔انہوں نے بتایا کہ پاکستان کاروباری ماحول میں بہتری کے لیے ریگولیٹری اصلاحات متعارف کرا رہا ہے، جبکہ قومی صنعتی پالیسی وزیراعظم کی ہدایت پر تیار کی گئی ہے، جس میں سرمایہ کاروں کیلئے اہم سہولتیں شامل ہیں۔ترک وفد نے استنبول-تہران-اسلام آباد تجارتی راہداری کے جلد آغاز میں گہری دلچسپی کا اظہار کیا۔ہارون اختر خان نے کہا کہ پاکستان کی لینڈ لیز پالیسی بیرونی سرمایہ کاروں کے لیے صنعت کاری کے مواقع مہیا کرتی ہے اور ترک سرمایہ کاروں کی سہولت کے لیے خصوصی کمیٹی بھی قائم کر دی گئی ہے۔ملاقات میں دونوں ممالک نے وسیع تر شعبوں میں تعاون اور مشترکہ منصوبوں پر اتفاق کیا۔

بقیہ 18

کی خواہش ظاہر کی۔انہوں نے بتایا کہ اس وقت تقریباً تین سو یمنی طلبہ پاکستان میں تعلیم حاصل کر رہے ہیں۔یمنی سفیر نے دوطرفہ معاہدوں کو فعال کرنے اور ادارہ جاتی تعاون بڑھانے پر زور دیا۔وفاقی وزیر تجارت جام کمال نے خطے کے قریبی ممالک کے ساتھ تجارت بڑھانے کے حکومتی عزم کو اجاگر کیا۔ملاقات میں چھوٹے جہازوں اور فیری پر مبنی کم لاگت شپنگ سروسز کے آغاز پر بھی غور کیا گیا۔

بقیہ 19

چیئرمین بلاول بھٹو زرداری سے گورنر پنجاب سردار سلیم حیدر خان نے ملاقات کی جس میں پنجاب کی سیاسی صورتحال پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا، پارلیمنٹیرینز، ٹکٹ ہولڈرز، سینئر صحافیوں، کاروباری شخصیات، طلبہ یونین اور وکلاء برادری سمیت پارٹی کارکنوں نے بھی بلاول بھٹو سے ملاقاتیں کیں۔بلاول بھٹو زرداری نے پیپلز پارٹی کے اراکین اسمبلی،عہدیداران سمیت پارٹی رہنماؤں کو بلدیاتی انتخابات میں مخالفین کو ٹف ٹائم دینے کی ہدایات جاری کرتے ہوئے کہا کہ جلد لاہور کا دوبارہ دورہ کروں گا، پیپلز پارٹی ایک جمہوری سیاسی جماعت ہے جس نے عوامی خدمت کا بیڑا اٹھا رکھا ہے۔قبل ازیں گورنر پنجاب سردار سلیم حیدر خان نے کہا کہ بلاول بھٹو زرداری کا پنجاب میں آنے پر شکریہ ادا کرتا ہوں، بلاول بھٹو زرداری کے آنے سے پارٹی جیالے تازہ دم ہو گئے، میں اور پارٹی کارکن اب اور بہتر طریقے سے بلاول بھٹو کا پیغام گلی گلی محلے محلے پہنچائیں گے۔

بقیہ 20

کیونکہ بھارت، بنگلا دیش سمیت دیگر ممالک بھی انتظامی بہتری کیلئے اپنے صوبے بڑھا رہے ہیں۔انہوں نے کہا کہ پاکستان میں نئے صوبوں کے قیام پر ہمیشہ تنازعہ رہا ہے، حالانکہ مسائل کے حل کے لیے انتظامی سطح پر تقسیم وقت کی ضرورت ہے۔انہوں نے کہا کہ میری دھرتی ماں میرا صوبہ نہیں، پاکستان ہے۔انہوں نے کہا کہ لاڑکانہ والے کو اپنے مسائل کے حل کیلئے کراچی آنے کی ضرورت نہیں ہونی چاہیے، یہی وجہ ہے کہ پنجاب اور سندھ ہی نہیں بلکہ ملک بھر میں نئے صوبے بننے چاہئیں۔ایم کیو ایم نے واضح طور پر مطالبہ کیا کہ وسائل کی منصفانہ تقسیم اور عوامی سہولت کے لیے ملک میں مزید صوبے قائم کیے جائیں۔

بقیہ 21

10 کے نرخوں میں کمی ریکارڈ کی گئی، 293 اشیائے ضروریہ کی قیمتوں میں استحکام رہا۔ رپورٹ کے مطابق ٹماٹر 18.16 فیصد، پیاز 08.4 فیصد، آلو 71.1 فیصد، گڑ 08.0 فیصد، چینی 91.4 فیصد، ایل پی جی 08.0 فیصد، دال چنا 36.0 فیصد، دال مسور 10.0 فیصد اور کیلے 01.1 فیصد تک سستے ہوئے۔چکن کی قیمتوں میں 019.6 فیصد، انڈوں کی قیمتوں میں 93.0 فیصد، کوکنگ آئل کی قیمتوں میں 72.0 فیصد، ویجیٹیبل گھی کی قیمتوں میں 70.0 فیصد، خشک پاؤڈر دودھ کی قیمتوں میں 39.0 فیصد، چائے کی پتی کی قیمتوں میں 56.0 فیصد، آٹے کی قیمتوں میں 2.88 فیصد اور دال مونگ کی قیمتوں میں 37.0 فیصد اضافہ ہوا۔

بقیہ 22

سگریٹ بنانے والی MK-8 مشینیں، پیکنگ یونٹ، اسٹیمپنگ اور بنڈل سازی کا سامان، ٹو، پیکنگ میٹریل اور نان ڈیوٹی پیڈ سگریٹس کی بڑی مقدار موجود تھی۔یہ کارخانہ ایک بااثر سیاسی شخصیت کے حجرے میں لگایا تھا۔تمام مشینری اور غیر قانونی مصنوعات ضبط کر لی گئی ہیں، جبکہ فیڈرل ایکسائز ایکٹ 2005 کے تحت قانونی کارروائی کا آغاز کر دیا گیا ہے۔اس کارروائی سے ایک روز قبل آر ٹی او ایبٹ آباد نے ایک علیحدہ انٹیلی جنس بیسڈ آپریشن میں کچے تمباکو کی 3,000 گانٹھیں پکڑی تھیں جو علاقے میں غیر قانونی سگریٹ سازی اور اسمگلنگ کے خلاف مربوط اور ٹھوس کارروائی کو ظاہر کرتا ہے۔ چھاپے کے دوران ٹیموں کو فالکن ٹوبیکو کا پیکنگ میٹریل بھی ملا جو پہلے ہی آر ٹی او پشاور میں ایک علیحدہ کیس میں زیر تفتیش ہے۔ اس مواد کی موجودگی بڑے غیر قانونی مینوفیکچرنگ اور ڈسٹری بیوشن نیٹ ورک سے منسلک روابط کو ظاہر کرتی ہے۔ضبط کی گئی MK-8 مشینیں جو کہ انتہائی تیز رفتاری سے سگریٹ تیار کرنے کی صلاحیت رکھتی ہیں، مکمل فعال حالت میں ملیں جن کے ساتھ پیکنگ، اسٹیمپنگ اور بنڈل تیار کرنے کے مشینیں بھی موجود تھیں۔Tow، کاغذ، فلٹر اور برانڈڈ پیکنگ میٹریل کے بڑے ذخیرے کی برآمدگی سے اس غیر قانونی کارخانے کے وسیع اور جدید نیٹ ورک کا اندازہ ہوتا ہے۔فیڈرل بورڈ آف ریونیو غیر قانونی تمباکو تجارت کے تدارک، سرکاری محصولات کے تحفظ اور تمباکو سیکٹر میں سخت کمپلائنس کو یقینی بنانے کے لئے پرعزم ہے۔

بقیہ 23

کمیٹی سفارشات وزیراعظم کو پیش کرے گی۔ذرائع کے مطابق ایکٹ آف پارلیمنٹ کے تحت وفاقی کونسل کا قیام عمل میں لایا جائے گا، وفاقی کونسل اسلام آباد کے مسائل کے حل کی ذمہ دار ہو گی۔

بقیہ 24

انڈر پاس کے قریب رنگ روڈ کو پیدل عبور کیا جس سے ٹریفک میں خلل پیدا ہوا اور شہریوں کی زندگی خطرے میں پڑ گئی۔ رنگ روڈ پولیس نے موقع پر ملزم کو حراست میں لے کر ڈیفنس سی پولیس کے حوالے کر دیا۔

بقیہ 25

عمران مارتھ اور ممبر پنجاب اسمبلی رانا طاہر اقبال کے علاوہ عوام کی بڑی تعداد موجود تھی۔رانا تنویر حسین نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ پنجاب حکومت نے صوبے بھر کی تمام تحصیلوں میں عوام کی آسانی اور ریلیف کے لیے بہترین سہولت بازار قائم کیے ہیں، جہاں ضرورت کی اشیاء سرکاری نرخوں پر دستیاب ہوں گی۔پنجاب حکومت عوام دوست اقدامات کر رہی ہے اور مہنگائی سے ریلیف فراہم کرنے کے لیے مزید اصلاحات بھی جاری ہیں۔انہوں نے کہا کہ بانی پی ٹی آئی کو اڈیالہ سے کسی دوسری جیل منتقل کر دینا چاہیے تاکہ امن و امان کی صورتحال متاثر نہ ہو۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان میں جب بھی آئینی ترمیم کی ضرورت محسوس ہوتی ہے پارلیمنٹ نے ہمیشہ اس کو منظور کیا ہے۔آٹھویں ترمیم میں ضیا الحق نے پورا آئین بدل دیا تھا، جس نے ملکی سیاست کا رخ طویل عرصے تک متاثر کیا۔رانا تنویر حسین نے سابق ڈی جی آئی ایس آئی جنرل فیض حمید کی سزا کا حوالہ دیتے ہوئے کہا کہ اس فیصلے سے یہ بات ثابت ہوگئی ہے کہ پاکستان کی فوج سخت اور شفاف احتساب کرتی ہے اور کوئی بھی قانون سے بالاتر نہیں۔

بقیہ 26

جاری/آئندہ ترقیاتی منصوبہ جات کے حوالے سے ایک اہم اجلاس منعقد ہوا اجلاس کے دوران ڈائریکٹر جنرل توسیع ڈاکٹر ندیم بدر نے فیلڈ سروسز کی بہتری کے لیے ایک جامع منصوبہ اور حکمت عملی پیش کی اس پلان میں ویٹرنری ڈسپنسریز کے موثر انتظام، فیلڈ سٹاف اور انسانی وسائل کی ضروریات، ویٹرنری سہولیات کی بہتری اور عوامی خدمات کے لیے موثر نگرانی بارے اہم سفارشات شامل تھیں۔بعد از ڈائریکٹر جنرل پروڈکشن ڈاکٹر کنور محمد نعیم نے جانوروں کی بریڈ امپروومنٹ سے متعلقہ مختلف لائیو سٹاک فارمز کی کارکردگی، نیوکلیس ہرڈ پروگرام اور جانوروں کی جینیاتی بہتری بارے جاری اور مستقبل منصوبوں پر تفصیلی بریفنگ دی۔اجلاس کے دوران سیکرٹری لائیو سٹاک احمد عزیز تارڑ کا کہنا تھا کہ شعبہ لائیو سٹاک کی مزید بہتری اور اس شعبہ کو درپیش چیلنجز کے حل کے لیے ہر ممکن اقدامات اٹھا رہے ہیں انہوں نے مزید کہا کہ تمام تر منصوبہ جات زمینی حقائق کو مدنظر رکھتے ہوئے قابل عمل ٹائم لائن کے مطابق بنائے جائیں تاکہ لائیو سٹاک خدمات کو جدید خطوط پر استوار کیا جاسکے اجلاس میں سپیشل سیکرٹری لائیو سٹاک جنوبی پنجاب کے علاوہ ایڈیشنل سیکرٹری ٹیکنیکل ڈائریکٹر جنرلز اور دیگر افسران بھی شریک تھے۔

بقیہ 27

نے کہا کہ ادارے نے لیفٹیننٹ جنرل (ر) فیض حمید کا احتساب کر کے تاریخ میں پہلی مثال قائم کی ہے، یقین ہے سابق آرمی چیف جنرل (ر) قمر جاوید باجوہ کا بھی احتساب کیا جائے گا۔ن لیگی سینیٹر نے کہا کہ فیض حمید اتنی دور تک چلے گئے تھے کہ ریٹائرمنٹ کے بعد بھی باز نہیں آئے، ادارے نے ان کا احتساب کر کے درست قدم اٹھایا ہے۔ناصر بٹ نے سابق چیف جسٹسز ثاقب نثار، آصف سعید کھوسہ اور جج اعجاز الاحسن کے کردار پر بھی سوال اٹھایا کہا کہ تینوں ججز نے نواز شریف کے ساتھ کیا کیا؟ ان تین ججوں کا بھی احتساب سپریم کورٹ یا حکومت کو کرنا چاہیے۔انہوں نے مطالبہ کیا کہ نواز شریف کی حکومت گرانے میں ملوث تمام کرداروں، جن میں تین ججز اور قمر باجوہ شامل ہیں، کے نام ای سی ایل میں شامل کیے جانے چاہئیں۔انہوں نے کہا کہ احتساب ہو جائے گا تو آئندہ کوئی اس طرح چلتی حکومت نہیں گرائے گا۔سینیٹر ناصر بٹ نے کہا کہ نواز شریف سے زیادتی کرنیوالے سارے کرداروں کو معافی مانگنی چاہیے۔سینیٹر سے سوال کیا گیا کہ سزا کے باوجود نواز شریف اور ن لیگ نے قمر باجوہ کو ایکسٹینشن (توسیع) کیلئے ووٹ کیوں دیا؟ تو انہوں نے کہا کہ اس وقت کیا فیصلہ ہوا، نواز شریف بہتر سمجھ سکتے ہیں۔پی ٹی آئی پر پابندی کے سوال پر میں نے واضح کیا کہ میری رائے میں پی ٹی آئی (پاکستان تحریک انصاف) پر پابندی نہیں لگنی چاہیے۔

بقیہ 28

تحفظ سے متعلق بڑا منصوبہ شامل ہے۔ایشین ڈویلپمنٹ بینک کی جانب سے بیان میں کہا گیا کہ 40 کروڑ ڈالر کا رزلٹ بیسڈ لون پروگرام سرکاری اداروں کی گورننس اور کارکردگی بہتر بنانے پر فوکس کرے گا۔اس پروگرام میں نیشنل ہائی وے اتھارٹی (این ایچ اے) کی ری اسٹرکچرنگ اور کمرشلائزیشن بھی شامل ہے۔اے ڈی بی کے مطابق گزشتہ پانچ سال میں اسٹیٹ اونڈ انٹر پرائز (ایس او ایز) کی اصلاحات میں نمایاں پیش رفت ہوئی ہے جبکہ 2023 میں ایس او ایز ایکٹ اور پالیسی کا نفاذ اہم سنگ میل رہا۔ بینک کے مطابق اصلاحاتی عمل کے نفاذ کے لیے 7 لاکھ 50 ہزار ڈالر کی تکنیکی معاونت بھی فراہم کی جائے گی۔بیان میں بتایا گیا کہ 14 کروڑ ڈالر سندھ کوسٹل ریزیلینس سیکٹر پروجیکٹ کے لیے منظور کیے گئے ہیں، جس سے پانچ لاکھ افراد براہِ راست مستفید ہوں گے۔منصوبے کے تحت 1 لاکھ 50 ہزار ہیکٹر زرعی زمین کو سیلابی خطرات سے تحفظ ملے گا اور 22 ہزار ہیکٹر جنگلات کی بحالی کا ہدف بھی مقرر کیا گیا ہے۔اے ڈی بی کے مطابق یہ منصوبہ غذائی تحفظ، حیاتیاتی تنوع اور مجموعی ماحولیاتی بہتری میں اہم کردار ادا کرے گا۔منصوبے کے لیے گرین کلائمٹ فنڈ کی دو کروڑ ڈالر گرانٹ اور دو کروڑ ڈالر کنسیشنل لون کے ذریعے کو-فنانسنگ بھی کی جائے گی۔

بقیہ 29

دیا گیا ہے، دوسری جانب بازاروں میں خریداروں کا رش بڑھ گیا ہے اور کرسمس ٹری کے لوازمات، ننھے سانتا کلاز، ستارے اور تحائف کے ڈبے فروخت کے لیے دکانوں پر سجا دیئے گئے ہیں، شہری خرید وفروخت میں مصروف ہیں، مہنگائی کے باعث سجاوٹی اشیاء کی قیمتوں میں ہوشربا اضافہ ہوا ہے، تاہم مسیحی برادری کا کہنا ہے کہ وہ کرسمس بھرپور انداز سے منانے کے لیے پرعزم ہیں اور تقریبات وخریداری کا سلسلہ جاری رکھیں گے۔

بقیہ 30

بتایا کہ وزیراعظم سے خیبر پختونخوا میں ترقیاتی منصوبوں اور منصوبوں کے لیے فنڈز جاری کرنے کے حوالے سے بات کی ہے وزیراعظم سے مطالبہ کیا گیا ہے کہ خیبر پختونخوا میں بھی دانش اسکول بنائے جائیں۔ گورنر کی جانب سے چترال، ڈی آئی خان، پشاور اور ملاکنڈ کا مطالبہ کیا گیا۔وزیراعظم چترال میں دانش اسکول بنانے کا اعلان کر چکے ہیں جبکہ نئے مالی سال کے بجٹ میں مزید ایک دانش اسکول کے لیے فنڈز مختص کرنے کی یقین دہانی کرائی گئی ہے۔

بقیہ 31

کریں گی جبکہ ٹرانسپورٹرز کے نمائندے بھی اس کمیٹی کا حصہ ہوں گے۔کمیٹی کا پہلا اجلاس ہفتہ کے روز منعقد ہوگا، جس میں ٹرانسپورٹ سیکٹر کے تمام متعلقہ امور پر تفصیلی غور کیا جائے گا۔پاکستان گڈز ٹرانسپورٹ الائنس کے مرکزی صدر حاجی شیر علی چوہدری سمیت دیگر عہدیداروں نے حکومت کے ساتھ طے پانے والی مصالحتی قرارداد پر دستخط کر دیے۔اس موقع پر ٹرانسپورٹرز کے دیگر نمائندے محمد ریاض خان تاجک، چوہدری مقبول حسین، رانا طارق مشتاق، ملک اعجاز، ملک معروف، سیف شاہ دین گجر، فیصل بشیر بھٹی، ملک جاوید اور حاجی پرویز اعوان بھی موجود تھے۔سینئر صوبائی وزیر مریم اورنگزیب نے ٹرانسپورٹرز کے فیصلے کا خیر مقدم کرتے ہوئے کہا کہ حکومت مسائل کو افہام وتفہیم کے ساتھ حل کرنے پر یقین رکھتی ہے۔انہوں نے کہا کہ حکومت کا بنیادی مقصد انسانی جان کا تحفظ اور صوبے کے تمام شہریوں کے لیے حالات کو بہتر بنانا ہے۔انہوں نے امید کا اظہار کیا کہ کمیٹی کے اجلاس میں تمام معاملات خوش اسلوبی سے آگے بڑھیں گے اور ٹرانسپورٹ سیکٹر کے لیے ایک دیرپا اور پائیدار حل سامنے آئے گا۔

بقیہ 32

سمیت جو بھی ذمہ دار ہوگا، اسے قانون کے مطابق جواب دہ ہونا پڑے گا۔مشیر وزیراعظم نے کہا کہ 9 مئی کے واقعات میں ملوث جماعت کے خلاف کارروائی کے امکانات بہت واضح ہیں وہ جماعت جس پر 9 مئی کا الزام ہے، اس کے بارے میں بھی قانون حرکت میں آ سکتا ہے۔انہوں نے نے چیف آف ڈیفنس فورسز کی جانب سے انصاف کے تقاضے پورے کرنے کے فیصلوں کو سراہتے ہوئے کہا کہ فیلڈ مارشل عاصم منیر نے انصاف کا تقاضا پورا کیا ہے اور وہ تحسین کے مستحق ہیں۔ رانا ثناء اللہ نے کہا کہ پریس ریلیز میں جس سیاسی انتشار کا حوالہ دیا گیا ہے، وہ براہ راست 9 مئی کے واقعات کی طرف اشارہ کرتا ہے۔انہوں نے واضح کیا کہ 9 مئی میں ملوث تمام افراد کا ٹرائل ہوسکتا ہے، جو لوگ بھی اس میں شامل ہیں، ان کا قانونی احتساب ہوگا، اگر شواہد ثابت ہو جائیں تو بانی پی ٹی آئی کو بھی سزا ہوسکتی ہے۔

بقیہ 33

کر لیا جبکہ ملک میں چاندی کی سمگلنگ کے واقعات میں نمایاں اضافہ دیکھا گیا ہے۔ایف بی آر نے بتایا کہ چاندی کی درآمدات سٹیٹ بینک آف پاکستان اور وزارت تجارت کے قواعد وضوابط کے تحت ہوتی ہیں اور مارکیٹ جائزوں کے مطابق چاندی کی قیمت میں گزشتہ 10 ماہ کے دوران دوگنا سے زیادہ اضافہ ہوا ہے۔بتایا گیا کہ قیمت میں تیزی سے اضافے کی وجہ سے ملک میں چاندی سمگلنگ کا رجحان بڑھا ہے تاہم ایف بی آر اسمگلنگ کی روک تھام اور اس کے منفی اثرات سے قومی معیشت کے تحفظ کیلئے اپنے پختہ عزم کا اعادہ کرتا ہے۔

بقیہ 34

گئے ہیں جن کے ذریعے سیف سٹی کے ریکارڈ میں موجود ہر کریمنل کے لاہور میں داخل ہوتے ہی پکڑے جانے کا امکان بڑھ گیا ہے۔حکام کے مطابق ناکوں سے 100 میٹر پیچھے فیس ریکگنیشن کیمرے لگائے گئے ہیں جو گاڑیوں میں بیٹھے افراد کی چہرہ شناسائی کے ذریعے آرٹیفیشل انٹیلی جنس سسٹم پر مبنی سافٹ ویئر سے الرٹ جنریٹ کریں گے، جیسے ہی الرٹ جاری ہوگا، 100 میٹر کے فاصلے پر موجود اہلکار مشکوک گاڑی یا ڈرائیور کو فوری طور پر روک کر کارروائی کر سکیں گے۔اس حوالے سے ڈی آئی جی آپریشنز نے بتایا کہ لاہور پولیس نے تمام ناکوں کو سٹریم لائن کرنے کا کام شروع کر دیا ہے اور جدید ٹیکنالوجی کے استعمال سے شہر میں سکیورٹی مزید مضبوط بنائی جا رہی ہے۔پولیس حکام کے مطابق یہ نظام شہر میں قانون شکن عناصر کی نقل وحرکت محدود کرنے اور بروقت گرفتاری کو یقینی بنانے میں اہم کردار ادا کرے گا۔

بقیہ 35

سے کھوکھرو پار زیرو پوائنٹ تک سیاحتی ٹرین سروس کا اعلان کیا گیا ہے، سیاحتی ٹرین کا سفر کراچی سے شروع ہو کر کھوکھرو پار زیرو پوائنٹ تک جائے گا۔سیاحتی ٹرین 20 دسمبر کو صبح 9 بجے کراچی کینٹ اسٹیشن سے روانہ ہوگی۔محکمہ ریلوے نے کہا کہ سیاحتی ٹرین کراچی سے چھور شام 5 بجے پہنچے گی، مسافروں کے لیے کیمپنگ، بون فائر، موسیقی اور رات کا کھانا فراہم کیا جائے گا۔ریلوے حکام کے مطابق اضافی فیس ادا کرنے والے مسافر گیسٹ ہاؤس میں قیام کریں گے۔محکمہ ریلوے کے مطابق 21 دسمبر کو ٹرین صبح 7 بجے چھور سے زیرو پوائنٹ روانہ ہوگی، مسافر زیرو پوائنٹ پر ناشتہ، تفریحی مقامات کی سیر کے بعد شام 6 بجے کراچی پہنچیں گے۔

بقیہ 36

اور ڈبلیو ایچ او کے نمائندے بھی موجود تھے۔انتظامیہ کے مطابق پولیو مہم کا ہدف 4 لاکھ 61 ہزار 125 بچوں کو حفاظتی قطرے پلانا ہے۔ مہم میں 7 ہزار 2 6 پولیو ورکرز اور 805 سپروائزرز شریک ہیں جو شہر کی 80 یونین کونسلز میں گھر گھر جا کر بچوں کو حفاظتی قطرے پلائیں گے۔علاوہ ازیں تمام اسکولز، عوامی مقامات اور ہسپتالوں میں بھی پولیو ٹیمیں تعینات کی گئی ہیں۔ڈی سی اسلام آباد نے شہریوں سے اپیل کی کہ وہ پولیو ٹیموں کے ساتھ بھرپور تعاون کریں۔ انہوں نے کہا کہ والدین کے تعاون کے بغیر پولیو کا مکمل خاتمہ ممکن نہیں۔ ڈپٹی کمشنر نے کہا کہ اگر کسی علاقے میں پولیو ٹیمیں نہ پہنچ سکیں تو شہری ضلعی انتظامیہ کو فوری طور پر آگاہ کریں۔

پٹیشنر وائس پریزیڈنٹ ملک ارشد صاحب چوہدری احسن علی ممبر کنٹونمنٹ بورڈ راولپنڈی ہائی کورٹ میں کیس کی سماعت ہوئی جس میں کیس ایک خاص موڑ پر آ چکا ہے

10 دسمبر کو الیکشن کمیشن نے اپنا جاری کردہ نوٹیفکیشن جس میں کینٹ بورڈ کی مدت 11 مارچ 2026 تھی اس سے ووڈرا کر لیا

ٹیکسلا (شائستہ ضیاء) پٹیشنر وائس پریزیڈنٹ ملک ارشد صاحب چوہدری احسن علی ممبر کنٹونمنٹ بورڈ راولپنڈی ہائی کورٹ میں کیس کی سماعت ہوئی جس میں کیس ایک خاص موڑ پر آ چکا ہے جس میں جسٹس رضا قریشی صاحب کی سربراہی میں منسٹری آف ڈیفنس اور الیکشن کمیشن اور ڈی جی ایم ایل سی آفس اور کینٹ بورڈ واہ اور پٹیشنر کے وکلا کی طرف سے اپنے اپنے دلائل پیش کیے اور 10 دسمبر کو الیکشن کمیشن نے اپنا جاری کردہ نوٹیفکیشن جس میں کینٹ بورڈ کی مدت 11 مارچ 2026 تھی اس سے ووڈرا کر لیا ہے اور جسٹس صاحب نے اپنے لاسٹ جو ہدایت جاری کی ہے سارے دلائل سننے کے بعد سوموار والے دن تک اگر کنٹونمنٹ بورڈز اور ڈی جی ایم ایل سی آفس والے کیئر ٹیکر سیٹ اپ کے نام وفاقی کابینہ سے منظور کرا کر اور گزٹنگ نوٹیفکیشن نہ کرایا گیا تم ممبران کنٹونمنٹ بورڈ اور وائس پریزیڈنٹ کو کام جاری رکھنے کی ہدایت جاری کی جائیں گی جب تک نوٹیفکیشن وفاقی کبینہ سے منظور کر جاری نہیں ہوتا تب تک وائس پریزیڈنٹ اور ممبران کام جاری رکھیں گے اگر کیئر ٹیکر سیٹ اپ کے نام وفاقی کابینہ سے منظور ہونے کی صورت میں کیئر ٹیکر سیٹ اپ بورڈ کو چلائے گا اور الیکشن کمیشن وفاقی کابینہ کی ڈائریکشن پر نئے الیکشن کی تاریخ دی جائے گی جیسا کہ ال پاکستان میں کنٹونمنٹ بورڈز اور کمیٹیاں ختم ہونے کی وجہ سے لوگوں کے کام تاخیر کا شکار ہو گئے ہیں اور دو ہفتے سے زائد وقت گزر چکا ہے جس میں وائس پریزیڈنٹ کا آفس اور کمیٹیاں اور بورڈز اپنا کام سرانجام نہیں دے رہے اور لوگوں کے لیے پریشانی کا باعث بنا ہوا ہے

پنجاب لوکل گورنمنٹ ایکٹ 2025 کے تحت نئی حلقہ بندیوں کا عمل بروقت مکمل کر کے نئے ایکٹ کے تحت بلدیاتی انتخابات کا باقاعدہ شیڈول بلا تاخیر جاری کیا جائے

پنجاب میں بلدیاتی حکومتوں کی میعاد کو ختم ہوئے چار سال سے زائد عرصہ گزر چکا ہے

راولپنڈی (رپورٹر پنڈی ٹوڈے) پنجاب لوکل گورنمنٹ ایکٹ 2025 کے تحت نئی حلقہ بندیوں کا عمل بروقت مکمل کر کے نئے ایکٹ کے تحت بلدیاتی انتخابات کا باقاعدہ شیڈول بلا تاخیر جاری کیا جائے پنجاب میں بلدیاتی حکومتوں کی میعاد کو ختم ہوئے چار سال سے زائد عرصہ گزر چکا ہے لیکن صوبے کے عوام منتخب بلدیاتی نمائندوں سے محروم ہیں ان خیالات کا اظہار پاکستان پیپلز پارٹی کے رہنما ثاقب ریاض آغا نے راولپنڈی میں میڈیا نمائندگان سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ بلدیاتی انتخابات میں تاخیر جمہوری عمل کے لیے ایک تشویشناک صورتحال ہے۔ثاقب ریاض آغا کا کہنا تھا کہ گراس روٹ لیول پر عوامی مسائل کے موثر اور پائیدار حل کے لیے مقامی حکومتوں کا قیام ناگزیر ہے، بلدیاتی نظام ہی وہ واحد پلیٹ فارم ہے جس کے ذریعے عوام کے روزمرہ مسائل کو براہ راست اور فوری طور پر حل کیا جا سکتا ہے انہوں نے اس بات پر زور دیا کہ پنجاب لوکل گورنمنٹ ایکٹ 2025 کے نفاذ کے بعد نئی حلقہ بندیوں اور قانونی تقاضوں کو بنیاد بنا کر بلدیاتی انتخابات میں مزید تاخیر ناقابل قبول ہے ثاقب ریاض آغا نے کہا کہ بار بار قانون سازی اور حلقہ بندیوں کے عمل کو جواز بنا کر انتخابات کو موخر کرنا جمہوری اقدار کے منافی ہے اور اس سے عوام کا نظام پر اعتماد مجروح ہو رہا ہے انہوں نے کہا کہ پاکستان پیپلز پارٹی ہمیشہ مقامی حکومتوں کے مضبوط نظام کی حامی رہی ہے اور پارٹی قیادت کا مؤقف واضح ہے کہ اختیارات کی نچلی سطح تک منتقلی کے بغیر حقیقی جمہوریت کا خواب پورا نہیں ہو سکتا انہوں نے آخر میں مطالبہ کیا کہ الیکشن کمیشن آف پاکستان پنجاب حکومت سے مشاورت کے بعد جلد از جلد بلدیاتی انتخابات کا واضح اور حتمی شیڈول جاری کرے تاکہ صوبے میں جمہوری عمل بحال ہو اور عوام کو ان کے بنیادی مسائل کے حل کے لیے منتخب قیادت میسر آ سکے

انٹرنیشنل ختم نبوت موومنٹ کے زیر اہتمام انٹرنیشنل ختم نبوت کانفرنس سنہری مسجد، چھوٹا بازار میں منعقد ہوئی

جس میں علما، مشائخ اور مختلف مکاتبِ فکر سے تعلق رکھنے والے افراد نے بڑی تعداد میں شرکت کی

ڈیرہ اسماعیل خان (حسنین قریشی): انٹرنیشنل ختم نبوت موومنٹ کے زیر اہتمام انٹرنیشنل ختم نبوت کانفرنس سنہری مسجد، چھوٹا بازار میں منعقد ہوئی، جس میں علما، مشائخ اور مختلف مکاتبِ فکر سے تعلق رکھنے والے افراد نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔ کانفرنس کے روحِ رواں حضرت مولانا سید محمود الحسن شاہ مسعودی کشمیری، ڈاکٹر احمد علی سراج انٹرنیشنل ختم نبوت موومنٹ ورلڈ، مقیم مدینہ منورہ، حضرت مولانا پیر محمد الیاس فدا حقانی امیر انٹرنیشنل ختم نبوت موومنٹ خیبر پختونخوا، قاری ادریس آصف لیہ اور ذیشان وزیر چکوال تھے۔ مقررین نے اپنے خطابات میں کہا کہ ختم نبوت اسلام کا بنیادی اور روحانی عقیدہ ہے اور صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین نے اس عقیدے کے تحفظ کے لیے عظیم قربانیاں دیں۔ انہوں نے زور دیا کہ بحیثیت مسلمان ہم سب پر ختم نبوت کے عقیدے کے دفاع اور اس کے پیغام کو عام کرنے کی ذمہ داری عائد ہوتی ہے۔ کانفرنس میں مزید حضرت مولانا رحمت اللہ حقانی امیر انٹرنیشنل ختم نبوت موومنٹ ڈیرہ، مفتی خرم نواز قریشی، حضرت مولانا یونس مکی، قاری محمد عدنان، حضرت مولانا زاہد محمود، حضرت مولانا مجیب الرحمن شامی، حضرت مولانا سعید احمد، قاری محمد طارق حسن، حاجی ندیم، حضرت مولانا عبدالرحمن شاہد، حافظ عثمان، حاجی ایوب، زکا اللہ عثمانی، مفتی اسلام الدین، معراج قریشی، محمد رانا یامین، محمد جہانگیر، محمد روحان، محمد دانیال اور پریس سیکرٹری محمد حسنین قریشی بھی موجود تھے، جبکہ آخر میں ختم نبوت کے تحفظ، امت کے اتحاد اور استقامت کے لیے خصوصی دعا کی گئی۔

ملک لال خان مرحوم کمڑیال کے فرزند ملک ثمر لال خان آف کمڑیال گزشتہ روز رشتہ ازدواج میں منسلک ہو گئے

ان کی شادی خالد رحمن کی صاحب زادی مریم خالد سے انجام پائی

پنڈی گھیب (ملک کاشف سے) سابقہ ممبر قومی اسمبلی و سابقہ پارلیمانی سیکرٹری ملک لال خان مرحوم کمڑیال کے فرزند ملک ثمر لال خان آف کمڑیال گزشتہ روز رشتہ ازدواج میں منسلک ہو گئے ان کی شادی خالد رحمن کی صاحب زادی مریم خالد سے انجام پائی ان کی دعوت ولیمہ کی تقریب گزشتہ روز ان کے آبائی گاؤں موقع کمڑیال میں منعقد ہوئی اس موقع پر ڈاکٹر ملک محمد طارق آف غریبوال۔ملک عمران خان آف غریبوال دولہے کے ماموں ملک ناصر خان ملک مظہر خان سابقہ چیرمین یونین کونسل کھنڈا ملک غلام حسین آف پچھی مار ملک نوشیروان حیدر ڈیرہ ملک ذیشان حیدر ڈیرہ سمیت ان کے عزیز واقارب نے ولیمہ میں شرکت کرنے والی معززین شخصیات کا پرجوش انداز میں استقبال کیا ولیمہ کی تقریب میں پنجاب کے پی کے اور سندھ سے تعلق رکھنے والے ممبران قومی و صوبائی اسمبلیوں کے ممبران سمیت معروف سیاسی مذہبی وسماجی کاروباری شخصیات سرکاری اداروں کے سربراہان سمیت دیگر معززین علاقہ کی کثیر تعداد نے شرکت کی

خیبر پختونخوا میں محکمہ ایکسائز کی چار بڑی کارروائیاں

بھاری مقدار میں چرس و آئس برآمد، خاتون سمیت متعدد سمگلر اور منشیات فروش گرفتار

پشاور (اشتیاق خان) خیبر پختونخوا میں محکمہ ایکسائز کی چار بڑی کارروائیاں؛ بھاری مقدار میں چرس و آئس برآمد، خاتون سمیت متعدد سمگلر اور منشیات فروش گرفتار صوبائی حکومت کی منشیات کے خلاف زیرو ٹالرنس پالیسی اور وزیر ایکسائز اینڈ ٹیکسیشن اور نارکوٹکس کنٹرول سید فخر جہان کی ہدایات کے تحت ڈیرہ اسماعیل خان، ملاکنڈ اور مردان میں محکمہ ایکسائز خیبر پختونخوا نے منشیات فروشوں، سمگلروں اور سہولت کاروں کے خلاف چار بڑی کارروائیاں کی گئیں۔مختلف مقامات پر کی گئی ان کارروائیوں میں بھاری مقدار میں چرس اور آئس برآمد کی گئی جبکہ خاتون سمیت متعدد ملزمان کو گرفتار کر کے مقدمات درج کیے گئے۔ اس ضمن میں محکمہ ایکسائز سے موصولہ اعداد و شمار کے مطابق ڈیرہ اسماعیل خان میں سرکل آفیسر نصراللہ خٹک کی زیر نگرانی ایس ایچ او حزب اللہ خان نے ڈیرہ درابن روڈ پر کارروائی کرتے ہوئے 439 گرام چرس برآمد کر کے تین ملزمان گرفتار کیے۔مقدمہ تھانہ ایکسائز ڈی آئی خان میں درج کر لیا گیا۔اسی طرح ڈی آئی خان ہی میں ای ٹی او فہیم نواز خان کی نگرانی میں انچارج انسپکٹر محمد الیاس نے جوائنٹ چیک پوسٹ امن میلہ پر کارروائی کے دوران گاڑی نمبر FDW 2233 سے 2000 گرام آئس برآمد کی۔کاروائی میں ایک خاتون سمیت تین افراد گرفتار کر کے مقدمہ تھانہ ایکسائز میں درج کیا گیا۔اسی طرح ملاکنڈ میں سرکل آفیسر عاکف نواز خان کی نگرانی میں ایس ایچ او اذلان اسلم نے ملاکنڈ لیویز کی مدد سے شاہ حسین ولد خان بہادر کو گرفتار کیا جو 14 نومبر 2025 کو ایک چھاپے کے دوران ایکسائز کانسٹیبل کو زخمی کر کے فرار ہو گیا تھا۔مقدمہ نمبر 10 / 25 کے مطابق ملوث ملزم سے 261 گرام آئس برآمد ہوئی تھی۔ملزم نے دوران تفتیش اپنے رشتہ دار سید نواب کا نام بھی بتایا۔اس کے خلاف منشیات کے پانچ مقدمات درج ہیں۔مردان میں ایس ایچ او عماد خان نے لیڈی کانسٹیبل کی مدد سے خفیہ اطلاع پر مردان چارسدہ روڈ پر کارروائی کرتے ہوئے خاتون سمگلر سے 500 گرام آئس برآمد کر لی۔ملزمہ کو موقع پر گرفتار کر کے مقدمہ درج کیا گیا۔واضح رہے کہ محکمہ ایکسائز صوبہ بھر میں منشیات فروشوں، سمگلروں اور ان کے سہولت کاروں کے خلاف سخت کارروائیاں جاری رکھے ہوئے ہے اور منشیات کے خلاف زیرو ٹالرنس پالیسی پر ہر صورت عمل درآمد یقینی بنایا جا رہا ہے۔

کھیلوں کے میدانوں کی کمی کے باعث بچے اور نوجوان قبرستانوں، کھلے پلاٹوں، گلیوں اور سڑکوں پر کرکٹ کھیلنے پر مجبور ہیں

ظہیر اعوان جو نہ صرف خطرناک ہے بلکہ معاشرتی اور سماجی مسائل کو بھی جنم دے رہا ہے

راولپنڈی (رپورٹر پنڈی ٹوڈے) کھیلوں کے میدانوں کی کمی کے باعث بچے اور نوجوان قبرستانوں، کھلے پلاٹوں، گلیوں اور سڑکوں پر کرکٹ کھیلنے پر مجبور ہیں، ظہیر اعوان جو نہ صرف خطرناک ہے بلکہ معاشرتی اور سماجی مسائل کو بھی جنم دے رہا ہے۔اس صورتحال پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے ظہیر احمد اعوان، چیئرمین سٹیزن ایکشن کمیٹی نے عوامی شکایات پر ڈھوک کھبہ قبرستان کا دورہ کیا اور میڈیا سے گفتگو کی۔انہوں نے کہا کہ اندرونِ شہر میں موجود بیشتر سرکاری کھیلوں کے میدان یا تو بند پڑے ہیں یا انہیں کمرشل بنیادوں پر کرائے پر دے دیا گیا ہے، جس کے باعث عام شہریوں، خصوصاً غریب اور متوسط طبقے کے بچوں اور نوجوانوں کے لیے کھیلنا تقریباً ناممکن ہو چکا ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ نوجوان نسل کرکٹ اور دیگر کھیلوں کے گراؤنڈز کی بھاری فیسیں ادا نہیں کر سکتی، جس کی وجہ سے وہ قبرستانوں، کھلے پلاٹوں اور مصروف سڑکوں پر کھیلنے پر مجبور ہیں، جہاں کسی بھی وقت کوئی بڑا حادثہ پیش آ سکتا ہے۔ظہیر احمد اعوان نے مزید کہا کہ کھیلوں کے میدانوں کا نہ ہونا نوجوان نسل کو مثبت سرگرمیوں سے دور کر رہا ہے، جس کے منفی اثرات معاشرے پر پڑ رہے ہیں۔ کھیل نہ صرف جسمانی صحت کے لیے ضروری ہیں بلکہ نوجوانوں کو منفی رجحانات سے بچانے میں بھی اہم کردار ادا کرتے ہیں۔حکومت کی یہ ذمہ داری ہے کہ وہ نوجوانوں کو صحت مند اور محفوظ ماحول فراہم کرے۔انہوں نے مطالبہ کیا کہ حکومت فوری طور پر اندرونِ شہر کے تمام سرکاری کھیلوں کے میدانوں کو عام شہریوں کے لیے مفت کھولے، ان پر عائد تمام کمرشل فیسیں ختم کرے اور ان میدانوں کی باقاعدہ دیکھ بھال کا نظام بنایا جائے۔اس کے ساتھ ساتھ شہر کے مختلف علاقوں میں نئے کھیلوں کے میدان تعمیر کیے جائیں تاکہ ہر بچے اور نوجوان کو کھیلنے کا محفوظ موقع میسر آ سکے۔ہم وزیر اعلیٰ پنجاب سے مطالبہ کرتے ہیں کہ فوری نوٹس لیں اور نوجوان نسل کے بہتر مستقبل کے لیے عملی اقدامات کریں، تاکہ بچے اور نوجوان مثبت سرگرمیوں میں بڑھ چڑھ کر حصہ لے سکیں اور شہر میں کھیلوں کے فروغ کو یقینی بنایا جا سکے۔

راولپنڈی شہر کے تاریخی لیاقت باغ کے داخلی دروازے پر 27 دسمبر 2007 کو ایشیا کی عظیم قائد اور سابق وزیر اعظم کو شہید کر دیا گیا جو ملکی تاریخ کا ایک عظیم المیہ ہے

ان کا قصور صرف یہ تھا کہ وہ عوام کی بات کرتی تھیں اور عام آدمی کے حالات زندگی کو بہتر بنانے کی جدوجہد کر رہی تھیں

اسلام آباد (رپورٹر پنڈی ٹوڈے) راولپنڈی شہر کے تاریخی لیاقت باغ کے داخلی دروازے پر 27 دسمبر 2007 کو ایشیا کی عظیم قائد اور سابق وزیر اعظم کو شہید کر دیا گیا جو ملکی تاریخ کا ایک عظیم المیہ ہے، ان کا قصور صرف یہ تھا کہ وہ عوام کی بات کرتی تھیں اور عام آدمی کے حالات زندگی کو بہتر بنانے کی جدوجہد کر رہی تھیں وہ پسے ہوئے مظلوم طبقات کے لئے آئرن لیڈی بن کر سامراج کے سامنے ڈٹ گئیں اور اس ملک کے لاکھوں عوام کے حقوق کا تحفظ کرتے ہوئے اپنی جان کا نذرانہ پیش کر گئیں ان خیالات کا اظہار پاکستان پیپلز پارٹی سینٹرل سیکرٹریٹ کے انچارج سید سبط الحید ربخاری المعروف سبطی شاہ، پیپلز پارٹی کے مرکزی اقلیتی رہنما راشد چوہان نے کیا، انہوں نے کہا کہ سابق وزیر اعظم محترمہ بینظیر بھٹو کارکنوں اور عوام کے دلوں میں ہمیشہ زندہ رہیں گی، ذوالفقار علی بھٹو کے بعد محترمہ صیح معنوں میں عوامی رہنما کے طور پر ابھریں اور انہوں نے عوامی حقوق اور جمہوریت کی بحالی کے لئے دن رات انتھک جدوجہد کی، انہوں نے آزاد منڈی کی مختلف معاشی پالیسیوں پر کام کیا جن میں ڈی ریگولیشن، افرادی قوت کی لچکدار منڈیاں، اور نجکاری قابل ذکر ہیں، ان رہنماؤں نے کہا کہ ان کے پورے کیریئر کو مسلم دنیا کی خواتین اور انتہاپسندی کے خلاف عالمی جنگ کے حوالے سے ایک شاندار فتح تصور کیا جاتا ہے۔ جمہوریت کی خاطر ان کی کوششیں اور تمام تر جدوجہد تا دیر باقی رہنے والا وہ ورثہ ہے جس پر ان کے حریف بھی انہیں احترام کی نگاہ سے دیکھتے ہیں پیپلز پارٹی کا انقلابی منشور عوام دشمن قوتوں کی موت ہے پیپلز پارٹی کے نوجوان قائد بلاول بھٹو زرداری بھی اپنی والدہ کی طرح انقلابی شخصیت رکھتے ہیں اور ملک کے غیر متوازن معاشرے کی اصلاح چاہتے ہیں بینظیر بھٹو کی طرح بلاول بھٹو زرداری کی بھی تمام تر توجہ ملک میں بسنے والے عام آدمی کے حالات زندگی بہتر بنانے پر مرکوز ہے انہوں نے کہا کہ پیپلز پارٹی اقتدار میں آ کر شہید ذوالفقار علی بھٹو اور شہید بینظیر بھٹو کے ادھورے مشن کو مکمل کرے گی

سیاسی سماجی شخصیت ملک افتخار کی چوہدری امجد جٹ کو صدر بننے پر مبارکباد

اڈیالہ (ملک نعیم اختر) سیاسی سماجی شخصیت ملک افتخار کی چوہدری امجد جٹ کو صدر بننے پر مبارکباد۔امجد جٹ اور سیز پاکستانیوں کے دل کی دھڑکن ہیں۔اور سیز پاکستانیوں کے مسائل کے حل کے لیے ان کی کاوشیں قابل ستائش ہیں۔ان خیالات کا اظہار تلسہ روڈ کی معروف سیاسی و سماجی شخصیت ملک افتخار احمد نے صحافیوں سے بات چیت کرتے ہوئے کیا انہوں نے کہا کہ چوہدری امجد جٹ کو پاکستان اوورسیز الائنس فورم سکاٹ لینڈ کا صدر منتخب ہونے پر مبارکباد پیش کرتے ہیں۔ امجد جٹ کا صدر بننا اس بات کی دلیل ہے کہ وہ اوورسیز پاکستانیوں کے مسائل کو اپنے مسائل سمجھ کر حل کرتے ہیں یہ ان کا جذبہ حب الوطنی کا ثبوت ہے اور میں امید کرتا ہوں اوورسیز پاکستانیوں نے امجد جٹ جیسے نوجوان اور تعلیم یافتہ شخص کو منتخب کر کے سیاسی بصیرت کا ثبوت دیا ہے۔ملک افتخار نے دیگر نومنتخب عہدیداران کو بھی مبارکباد پیش کی۔

اسلام آباد میں بلدیاتی انتخابات میں مسلسل تاخیر شہریوں کے بنیادی حقوق پر کھلا حملہ ہے

جب تک نچلی سطح پر عوامی نمائندے منتخب نہیں ہوں گے گلیوں، محلوں اور یونین کونسلز کے مسائل حل نہیں ہو سکتے

(رپورٹر پنڈی ٹوڈے) مرکزی مسلم لیگ اسلام آباد کے صدر انعام الرحمن کمبوہ نے کہا ہے کہ اسلام آباد میں بلدیاتی انتخابات میں مسلسل تاخیر شہریوں کے بنیادی حقوق پر کھلا حملہ ہے۔جب تک نچلی سطح پر عوامی نمائندے منتخب نہیں ہوں گے، گلیوں، محلوں اور یونین کونسلز کے مسائل حل نہیں ہو سکتے۔ اسلام آباد میں اس وقت تین ممبران قومی اسمبلی موجود ہیں، مگر گلی کوچوں کے مسائل پارلیمنٹ میں نہیں بلکہ بلدیاتی نظام کے ذریعے حل ہوتے ہیں۔ پانی، سیوریج، صفائی، سڑکوں اور اسٹریٹ لائٹس جیسے بنیادی مسائل کے حل کے لیے فوری بلدیاتی انتخابات ناگزیر ہیں۔ مرکزی مسلم لیگ الیکشن کمیشن آف پاکستان کی جانب سے بلدیاتی انتخابات کے اعلان کا خیر مقدم کرتی ہے اور حکومت سے دوٹوک مطالبہ کرتی ہے کہ بغیر کسی تاخیر کے فوری طور پر بلدیاتی انتخابات کروائے جائیں۔ اگر حکومت نے مختلف حیلے بہانوں سے بلدیاتی انتخابات کو مزید مؤخر کیا تو مرکزی مسلم لیگ اسلام آباد میں بھرپور عوامی تحریک چلانے پر مجبور ہو گی، کیونکہ بلدیاتی انتخابات اسلام آباد کے شہریوں کی بنیادی ضرورت ہیں اور حقیقی جمہوریت اسی وقت مضبوط ہوتی ہے جب اختیارات نچلی سطح تک منتقل ہوں۔انہوں نے کہا کہ مرکزی مسلم لیگ نے نومبر کے آغاز میں انٹرا پارٹی انتخابات کروانے کا اعلان کیا تھا جس کا پہلا مرحلہ کامیابی کے ساتھ مکمل ہو چکا ہے۔ اسلام آباد کی چودہ یونین کونسلز میں انٹرا پارٹی انتخابات مکمل کر لیے گئے ہیں، جو اس بات کا واضح ثبوت ہیں کہ مرکزی مسلم لیگ جمہوریت پر نہ صرف یقین رکھتی ہے بلکہ اس پر عملاً عمل بھی کر کے دکھا رہی ہے۔

تھانہ شہید گلفت حسین پولیس کا اندرون شہر مختلف جرائم میں ملوث ملزمان کے خلاف کامیاب کریک ڈاون

افسران بالا کی خصوصی ہدایات پر ضلع بھر میں جرائم پیشہ افراد کے خلاف ٹارگٹڈ کریک ڈاون مزید تیز کر دیا گیا

پشاور (اشتیاق) مختلف جرائم کی بیخ کنی اور امن وامان کی صورتحال برقرار رکھنے کیلئے افسران بالا کی خصوصی ہدایات پر ضلع بھر میں جرائم پیشہ افراد کے خلاف ٹارگٹڈ کریک ڈاون مزید تیز کر دیا گیا، ڈی ایس پی ہشتنگری سرکل آصف شریف کی نگرانی میں ایس ایچ او تھانہ شہید گلفت حسین سبحان اللہ خان نے دیگر نفری پولیس کے ہمراہ مختلف علاقوں میں آئس، منشیات فروشوں، غیر قانونی اسلحہ، اسلحہ نمائش سمیت دیگر جرائم میں ملوث ملزمان کے خلاف کارروائیوں کے دوران ملزمان قیصر، مومین شاہ، حاجی محمد، شکیل، حسنین اور اعجاز خان کو گرفتار کر لیا کارروائیاں اندرون شہر ہشتنگری سرکل کے مختلف علاقوں ہشتنگری پھاٹک، سکندر پورہ اور قریب وجوار میں عمل میں لائی گئی ہیں، ملزمان کے قبضے سے ہزاروں روپے مالیت کی آئس، چرس، ایک عدد رائفل، 9 عدد پستول اور متعدد کارتوس بھی برآمد کر لئے گئے ہیں، ملزمان کے خلاف مقدمات درج کر کے تفتیش شروع کر دی گئی ہے،

راولپنڈی۔رہنما پاکستان عوامی تحریک غلام علی خان، سرپرست منہاج القرآن انٹرنیشنل دبئی ملک فخر زمان عادل کو مزہبی، سماجی و فلاح انسانیت کی بہترین خدمات سر انجام دینے پر خصوصی شیلڈ پیش کر رہے ہیں اجمل قادری، شعیب اعوان، علامہ یاسر مجددی، علامہ اشتیاق اعوان اور دیگر بھی موجود ہیں۔

ٹریفک جام نے اڈیالہ روڈ کے حسن کو گرہن لگا دیا

چوک چوراہوں سے وارڈن کا غیر حاضر رہنا معمول بن گیا

اڈیالہ (ملک نعیم اختر) ٹریفک جام نے اڈیالہ روڈ کے حسن کو گرہن لگا دیا۔چوک چوراہوں سے وارڈن کا غیر حاضر رہنا معمول بن گیا۔عوام کو سفری سہولیات میں مشکلات کا سامنا۔سی۔ ٹی۔ او۔ اڈیالہ روڈ پر وارڈن کی تعیناتی کو یقینی بنائیں۔تفصیلات کے مطابق اڈیالہ روڈ جو ایک قومی شاہراہ بن چکی ہے جس پر ہر وقت وی ائی پی گاڑیوں کی امدورفت کے علاوہ سکول اور دفتروں کو جانے والے سینکڑوں افراد ٹریفک جام کی وجہ سے متاثر ہوتے ہیں سوائے دھاماں موڑ۔اور خواجہ کارپوریشن کے علاوہ ٹریفک وارڈن کہیں بھی نظر نہیں اتا کبھی کبھار گلشن اباد چوک میں ٹریفک وارڈن کچھ دیر کے لیے نظر اتے ہیں جبکہ منور کالونی سٹاپ۔بل ویو سٹاپ۔جراہی سٹاپ۔کلیال سٹاپ اور دیگر جگہوں پر ٹریفک وارڈن نہ ہونے کی وجہ سے اکثر ٹریفک جام رہتی ہے جس کی وجہ سے شہریوں کو امدورفت میں شدید مشکلات کا سامنا کرنا پڑتا ہے عوام کی اکثریت نے سٹی ٹریفک پولیس افیسر سے درخواست کی ہے کہ اڈیالہ روڈ کے ہر سٹاپ پر ٹریفک وارڈن کو تعینات کیا جائے تاکہ ٹریفک جام نہ ہو سکے اور عوام اسانی سے اپنی منزل مقصود تک پہنچ سکیں

راولپنڈی۔مرکزی سیرت و میلاد کمیٹی کے قائم مقام صدر فواد حسین بٹ کی رہائش گاہ پر منعقدہ اجلاس کے موقع پر سرپرست مشتاق احمد مغل، چیئرمین فرحان شیخ، جنرل سیکرٹری ابرار احمد شیخ، عاصم اللہ قریشی، شیخ کاشف رسول، صنوبر گل، حافظ عثمان ضیائی، حافظ محمد عمر قادری، حمزہ قریشی، چوہدری ساجد لطیف، بشیر احمد مغل، حافظ کامران الخیری، حافظ فیضان شاہجہانی، کاشف خان اور دیگر کا گروپ فوٹو

22 جمادی الثانی یوم وصال سیدنا ابوبکر صدیق پر عام تعطیل کر کے سرکاری سطح پر منایا جائے

حضرت سیدنا ابوبکر صدیق کی سیرت و کردار امت مسلمہ کے لئے مشعل راہ ہے

اسلام آباد (رپورٹر پنڈی ٹوڈے) سنی علماء کونسل اسلام آباد کے زیر اہتمام 22 جمادی الثانی یوم وصال سیدنا ابوبکر صدیق پر عام تعطیل کر کے سرکاری سطح پر منا※ جانے پر جامع مسجد رحمانی آبپارہ اسلام آباد سے مدح صحابہ مطالباتی جلوس نکالا گیا۔جلوس میں عوام الناس نے یوم وصال سیدنا ابوبکر صدیق پر عام تعطیل کے مطالباتی فلکیس اور کتبے اٹھا※ تھے اور شان سیدنا ابوبکر صدیق پر نعرے لگا رہے تھے۔سنی علماء کونسل راولپنڈی ڈویژن کے صدر مفتی تنویر عالم فاروقی، مولانا یعقوب طارق، حافظ نصیر احمد، مولانا عبدالرحمن معاویہ، مولانا عثمان عثمانی و دیگر نے مدح صحابہ مطالباتی جلوس سے خطاب کرتے ہو※ کہا کہ حضرت ابوبکر صدیق رض کے امت مسلمہ پر بہت سارے احسان ہیں اور ان کا کردار و سیرت امت مسلمہ کے لی※ رہنمائی کا ذریعہ ہے حکومت وقت 22 جمادی الثانی خلیفہ بلا فصل سسر پیغمبر حضرت سیدنا ابوبکر صدیق کے یوم وفات پر پورے ملک میں عام تعطیل کر کے اس دن کو سرکاری سطح پر منایا جائے۔حکومت کو خلفا※ راشدین کے ایام※ شہادت و وفات پر سرکاری سطح پر بھی عام تعطیل کر کے سرکاری سطح پر منانا چاہی※ تاکہ نوجوان نئی نسل کو خلیفہ بلا فصل سمیت خلفا※ راشدین کی سیرت و کردار معلوم ہو سکیں۔حکومت ناموس صحابہ و اہل بیت ترمیمی بل کو قانون کا حصہ بنا کر صحابہ کرام کی شان اقدس میں گستاخیاں کرنے والوں کے خلاف گھیرا تنگ کرے تاکہ کوئی گستاخ صحابہ کرام کی شان میں گستاخی کی جرات نہ کر سکے۔

اٹک پولیس کی اسلحہ ناجائز رکھنے والوں کے خلاف کاروائی

02 ملزمان گرفتار، الگ الگ مقدمات درج

حسن ابدال (رفیق قادری سے) اٹک پولیس کی اسلحہ ناجائز رکھنے والوں کے خلاف کاروائی، 02 ملزمان گرفتار، الگ الگ مقدمات درج۔تفصیلات کے مطابق ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر اٹک سردار موارہن خان کی ہدایات پر ضلع بھر میں ناجائز اسلحہ رکھنے والوں کے خلاف کریک ڈاون جاری ہے اسی سلسلہ کو جاری رکھتے ہوئے تھانہ صدر حسن ابدال پولیس کے سب انسپکٹر تنویر احمد نے دوران گشت و چیکنگ ملک عمر خطاب ولد نصرت محمود سکنہ شاہیا تحصیل حسن ابدال سے اسلحہ ناجائز پسٹل 30 بور معہ 04 ضرب رونڈ برآمد کر لیا جبکہ تھانہ رنگو پولیس کے اسسٹنٹ سب انسپکٹر ذاکر خان نے دوران چیکنگ کوثر علی ولد شیر نواس خان سکنہ شمس آباد تحصیل حضرو ضلع اٹک سے اسلحہ ناجائز پسٹل 30 بور معہ ایمونیشن برآمد کر لیا، ملزمان کو گرفتار کر کے اسلحہ آرڈیننس کے تحت الگ الگ مقدمات درج کر لیے گئے۔

تاجر رہنما شیخ کامران کی تاجر دوست گروپ کمرشل مارکیٹ کے سرپرست اعلی سید شاہد علی شاہ خصوصی ملاقات

ڈپٹی کمشنر کرم اشفاق خان کی خصوصی ہدایات و احکامات کے نتیجے میں اسسٹنٹ کمشنر لوئر کرم عصمت اللہ شنیواری نے فیلڈ سٹاف کو ضروری احکامات جاری کر دیے ہیں

جن کی بنا اسسٹنٹ کمشنر عصمت اللہ شنیواری نے بطورِ اسپیشل فارسٹ مجسٹریٹ فارسٹ رولز کے تحت دو الگ الگ مقدمات میں ملزمان کو سزائیں سنا دی ہیں اور جرمانے عائد کر دیے ہیں

کرم (محمد خالق اورکزئی سے) ضلع کرم میں جنگلات کی غیر قانونی کٹائی اور سمگلنگ کے روک تھام کے لیے ڈپٹی کمشنر کرم اشفاق خان کی خصوصی ہدایات و احکامات کے نتیجے میں اسسٹنٹ کمشنر لوئر کرم عصمت اللہ شنیواری نے فیلڈ سٹاف کو ضروری احکامات جاری کر دیے ہیں، جن کی بنا اسسٹنٹ کمشنر عصمت اللہ شنیواری نے بطورِ اسپیشل فارسٹ مجسٹریٹ فارسٹ رولز کے تحت دو الگ الگ مقدمات میں ملزمان کو سزائیں سنا دی ہیں اور جرمانے عائد کر دیے ہیں۔ اُنہوں نے اس سلسلے میں مذید نگرانی اور کاروائی سخت کرنے کے احکامات بھی جاری کر دیے ہیں۔ اِدھر صوبائی حکومت کی طرف سے غیر قانونی جنگلات کی کٹائی اور سمگلنگ سے متعلق ملوث ملزمان کے ساتھ معاونت کرنے یا پشت پناہی پر بھی قانونی کاروائی کرنے کا مراسلہ بھی جاری کیا جا چکا ہے تاکہ اس گھناؤنے کاروبار میں ملوث ملزمان کسی بھی قسم کے رورعایت کے مستحق نہیں ہیں۔ اس سلسلے میں اسسٹنٹ کمشنر لوئر کرم عصمت اللہ شنیواری نے نے آفسران بالا کو مراسلہ جاری کر دیا ہے، جس میں صوبائی حکومت کے احکامات کے تحت ان چیک پوسٹوں کے خلاف بھی کاروائی ہوگی جو جان بوجھ کر یا پیسوں پر ان سمگلروں کا ساتھ دینے میں ملوث ہوں۔

اطلاع برائے طلبہ و والدین سٹی چیلنجر ماڈل ہائی اسکول کا آغاز 15 دسمبر 2007ء کو ہوا تھا

اس موقع پر پرنسپل سٹی چیلنجر مڈل سکول دالزک روڈ پشاور نے اسی خوشی میں بروز پیر، 15 دسمبر کو اسکول انتظامیہ اور طلبہ کے اشتراک سے 18 ویں سالگرہ۔(Anniversary) اور ونٹر ڈے منایا جائے گا

ھنگو) محمد خالق اورکزئی سے) اطلاع برائے طلبہ و والدین سٹی چیلنجر ماڈل ہائی اسکول کا آغاز 15 دسمبر 2007ء کو ہوا تھا، الحمدللہ 15 دسمبر 2025ء کو ادارے کو کامیابی کے 18 سال مکمل ہو رہے ہیں۔اس موقع پر پرنسپل سٹی چیلنجر مڈل سکول دالزک روڈ پشاور نے اسی خوشی میں بروز پیر، 15 دسمبر کو اسکول انتظامیہ اور طلبہ کے اشتراک سے 18 ویں سالگرہ۔(Anniversary) اور ونٹر ڈے منایا جائے گا۔اس دن: طلبہ اسکول بیگ کے بغیر آئیں۔گرم کپڑے، کوٹ، ٹوپی، چادر اور دستانے پہن کر آئیں۔اپنے استعمال کے لیے ڈرائی فروٹ، سوپ، اُبلے ہوئے انڈے اور چائے لا سکتے ہیں۔یہ پروگرام بچوں کی تفریح اور اسکول کی بہترین تعلیمی و انتظامی کامیابیوں کی خوشی میں منعقد کیا جا رہا ہے۔شکریہ انتظامیہ سٹی چیلنجر ماڈل ہائی اسکول)

جمعیت علماء اسلام تحصیل ٹل کی مجلسِ عاملہ کا دستوری اجلاس زیرِ صدارت امیر جے یو آئی تحصیل ٹل محترم قاری مطیع اللہ صاحب بمقام دوآبہ دفتر منعقد ہوا

اجلاس کی کارروائی ناظمِ عمومی مولانا یوسف صاحب نے خوش اسلوبی سے چلائی

ٹل) محمد خالق اورکزئی سے) جمعیت علماء اسلام تحصیل ٹل کی مجلسِ عاملہ کا دستوری اجلاس زیرِ صدارت امیر جے یو آئی تحصیل ٹل محترم قاری مطیع اللہ صاحب بمقام دوآبہ دفتر منعقد ہوا۔ اجلاس کی کارروائی ناظمِ عمومی مولانا یوسف صاحب نے خوش اسلوبی سے چلائی۔ اجلاس میں اُن ساتھیوں کے بارے میں سنجیدہ مشاورت کی گئی جو مسلسل اجلاسوں سے غیر حاضر رہے۔ جس کے نتیجے میں تنظیمی بہتری کے لیے چند اہم اور نمایاں تبدیلیاں عمل میں لائی گئیں۔ دستور کے مطابق مولانا شیر اکبر صاحب کو امیر چہارم مقرر کیا گیا۔ اس طرح بسم اللہ جان صاحب کو ناظم چہارم مقرر کیا گیا۔ ویلیجز کے مالیاتی امور کے لیے ناظم اورنگزیب عیسیٰ خان صاحب باقاعدہ شیڈول مرتب کریں گے۔ مزید یہ کہ آئندہ اجلاس میں ویلیجز کے شعبہ جات کے لئے سالاروں کا اگلا اجلاس آئندہ 18 دسمبر بروز جمعرات بمقام دوآبہ دفتر منعقد ہوگا۔ جبکہ مجلسِ عمومی کا اجلاس 15 جنوری 2026 بروز جمعرات بمقام حاجی جاسم مسجد منعقد کیا جائے گا۔ اللہ تعالیٰ سے دعا ہے کہ وہ ان تنظیمی کاوشوں کو قبول فرمائے اور جماعت کو مزید استحکام عطا فرمائے۔ خصوصی شرکت جمعیت علمائے اسلام ضلع ہنگو جنرل سیکرٹری جناب مفتی جاوید الرحمٰن)

بھٹی برادری کے سپوت ظفر عباس بھٹی کی شادی میں صوبائی وزیر مواصلات ملک صہیب احمد بھرتھ کی شرکت

نیک تمناؤں کا اظہار کیا بارات علی پور سیداں سے ولانہ میرج ہال بھیرہ میں آئی

سرگودھا بھیرہ محمد زبیر بھٹی سے۔۔۔۔بھٹی برادری کے سپوت ظفر عباس بھٹی کی شادی میں صوبائی وزیر مواصلات ملک صہیب احمد بھرتھ کی شرکت۔۔۔۔بھیرہ صوبائی وزیر مواصلات و تعمیرات بیرسٹر ملک صہیب احمد بھرتھ صاحب نے علی پور سیداں میں رانا سہیل احمد کے دوست بھائی محمد ظفر عباس بھٹی کی بارات میں شرکت کی۔صوبائی وزیر مواصلات و تعمیرات ملک صہیب احمد بھرتھ صاحب نے رانا سہیل احمد کے دوست بھائی محمد بلال بھٹی صاحب اور محمد عثمان بھٹی صاحب کے بھائی ظفر عباس بھٹی صاحب کی بارات میں شرکت کی اور نیک تمناؤں کا اظہار کیا بارات علی پور سیداں سے ولانہ میرج ہال بھیرہ میں آئی

کوہاٹ جلسہ گاہ۔وزیر اعلی خیبر پختونخوا سہیل آفریدی سٹیج پر پہنچ گئے۔کوہاٹ کی عوام کا شاندار استقبال

شکریہ کوہاٹ عمران خان کا جیل سے پیغام ہے آزادی یا موت، اب ہم اسلام آباد جائیں گے تو یا آزادی لے کر آئیں گے یا کفن میں آئیں گے

ھنگو+کوھاٹ) محمد خالق اورکزئی سے) کوہاٹ جلسہ گاہ۔وزیر اعلی خیبر پختونخوا سہیل آفریدی سٹیج پر پہنچ گئے۔کوہاٹ کی عوام کا شاندار استقبال۔شکریہ کوہاٹ عمران خان کا جیل سے پیغام ہے آزادی یا موت، اب ہم اسلام آباد جائیں گے تو یا آزادی لے کر آئیں گے یا کفن میں آئیں گے۔وزیر اعلیٰ سہیل آفریدی۔اس دفعہ ڈی چوک جائیں گے تو کفن میں آئیں گے یا آزادی لے کہ آئیں گے،وزیر اعلیٰ سہیل آفریدی※ شکریہ کوہاٹ※ وفادار کوہاٹ نے عمران خان کے ساتھ ایک دفعہ پھر وفاداری ثابت کر دی۔کوہاٹ جلسہ گاہ۔وزیر اعلی خیبر پختونخوا سہیل آفریدی سٹیج پر پہنچ گئے۔کوہاٹ کی عوام کا شاندار استقبال۔شکریہ کوہاٹ اگر ہم اس دفعہ ڈی چوک جائیں تو کفن میں واپس ائیں گے یا آزادی لے کر ائیں گے۔وزیر اعلی سہیل آفریدی ہمارے محافظ ہمارے قاتل بنے ہوئے ہیں ہمیں جنہوں نے انصاف دینا ہے وہ انصاف نہیں دے رہے جنہوں نے مینڈیٹ کی حفاظت کرنی تھی وہ نہیں کر رہے بتائیں ہمارے پاس کیا حل رہ گیا ہے۔وزیر اعلیٰ سہیل آفریدی۔

کوہاٹ جلسہ گاہ۔ وزیر اعلی خیبر پختونخوا سہیل آفریدی سٹیج پر پہنچ گئے۔کوہاٹ کی عوام کا شاندار استقبال۔شکریہ کوہاٹ)

اسسٹنٹ کمشنر لوئر کرم عصمت اللہ شنواری نے آج سب جیل صدہ کا دورہ کر کے وہاں پر ایک روزہ Inmates Sports Gala کی تقریب میں شرکت کی

تقریب کا مقصد قیدیوں کی تفریح، صحت افزائی اور مثبت سرگرمیوں کے فروغ کے لیے مختلف کھیلوں کے مقابلے منعقد کیے گئے

کرم) بیورو رپوٹ) لوئر کرم: اسسٹنٹ کمشنر لوئر کرم عصمت اللہ شنواری نے آج سب جیل صدہ کا دورہ کر کے وہاں پر ایک روزہ Inmates Sports Gala کی تقریب میں شرکت کی۔ تقریب کا مقصد قیدیوں کی تفریح، صحت افزائی اور مثبت سرگرمیوں کے فروغ کے لیے مختلف کھیلوں کے مقابلے منعقد کیے گئے۔اس موقع پر معزز ایڈیشنل ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن جج (میاں عارف شاہ)، سول جج (شاہ فیصل)، جیل سپرانٹنڈنٹ (اعتزاز خٹک) بھی موجود تھے۔ گالا میں قیدیوں کے درمیان والی بال، رسہ کشی، دوڑ اور مختلف انفرادی مقابلے منعقد کیے گئے جن میں تمام قیدیوں نے بھرپور دلچسپی اور جوش و جذبے کے ساتھ حصہ لیا۔ بہترین کارکردگی دکھانے والے قیدیوں میں انعامات بھی تقسیم کیے گئے۔مہمانانِ خصوصی نے اس موقع پر قیدیوں کے نظم و ضبط، کھیلوں میں حصہ لینے کے جذبے اور جیل انتظامیہ کی کوششوں کو سراہا۔انہوں نے کہا کہ اس طرح کی سرگرمیاں قیدیوں کی ذہنی و جسمانی صحت کے لیے نہایت مفید ہیں اور انہیں معاشرے کا مثبت فرد بننے میں مدد دیتی ہیں۔تقریب کے اختتام پر سپرنٹنڈنٹ/جیل انتظامیہ نے تمام مہمانوں کا شکریہ ادا کیا اور اس عزم کا اظہار کیا کہ آئندہ بھی اسی طرح کی سرگرمیوں کا سلسلہ جاری رکھا جائے گا۔ٹروپر)

کوہاٹ جلسہ گاہ کے مناظر۔الحمدللہ کوہاٹ جلسہ گاہ پنڈال مکمل طور پر بھر چکا ہے

پارٹی کارکنان اور عوام کی بڑی تعداد جس میں بزرگ افراد، نوجوان، خواتین اور بچے شریک ہیں

ھنگو) بیورو رپوٹ) کوہاٹ جلسہ گاہ کے مناظر۔الحمدللہ کوہاٹ جلسہ گاہ پنڈال مکمل طور پر بھر چکا ہے۔ پارٹی کارکنان اور عوام کی بڑی تعداد جسمیں بزرگ افراد، نوجوان، خواتین اور بچے شریک ہیں۔ پنڈال میں پاکستان اور پاکستان تحریک انصاف کے جھنڈے لہرائے جا رہے ہیں۔ سب کا ایک ہی نعرہ ہے۔عمران کی خاطر۔زندہ ہے کوہاٹ شکریہ کوہاٹ۔سابق وفاقی وزیر داخلہ شہریار خان آفریدی کوہاٹ کی عوام کا وزیر اعلی خیبر پختونخوا سہیل آفریدی، ایم این اے شہریار آفریدی سمیت دیگر مرکزی و صوبائی قائدین کا شاندار استقبال۔کامیاب جلسے کے بعد ضلعی قائدین نے تمام آنے والے مہمانوں کا تہہ دل سے شکریہ ادا کیا)

میانی کے نواحی گاؤں منویس میں گیس سلنڈر دھماکہ، خاتون اور بچہ جھلس کر زخمی

زخمیوں کو ابتدائی طبی امداد فراہم کی، بعد ازاں انہیں مزید علاج کے لیے قریبی اسپتال منتقل کر دیا

سرگودھا محمد زبیر بھٹی سے۔۔۔۔میانی کے نواحی گاؤں منویس میں گیس سلنڈر دھماکہ، خاتون اور بچہ جھلس کر زخمی۔ تفصیل کے مطابق میانی کے نواحی موضع منویس میں گیس سلنڈر لیکج کے باعث اچانک آگ بھڑک اٹھنے سے دھماکہ ہو گیا، جس کے نتیجے میں ایک خاتون اور ایک بچہ جھلس کر زخمی ہو گئے۔واقعہ اس وقت پیش آیا جب گھر کی خاتون کچن میں کھانا بنا رہی تھیں کہ اچانک گیس سلنڈر لیکیج کے باعث آگ بھڑک اٹھی۔آگ نے پہلے کچن کے پردے کو اپنی لپیٹ میں لیا اور پھر پورے کمرے میں پھیل گئی۔آتشزدگی کے باعث 48 سالہ رخسانہ یوسف شدید جھلس گئیں، جبکہ 9 سالہ بچہ زاہد بھی آگ کی لپیٹ میں آ کر زخمی ہو گیا۔خاتون کا چہرہ، ہاتھ اور پاؤں جھلس گئے جبکہ بچے کے چہرے اور جسم کے مختلف حصے متاثر ہوئے۔واقعے کی اطلاع ملتے ہی ریسکیو 1122 بھیرہ کی ٹیم موقع پر پہنچ گئی اور زخمیوں کو ابتدائی طبی امداد فراہم کی، بعد ازاں انہیں مزید علاج کے لیے قریبی اسپتال منتقل کر دیا۔

سنسنی خیز انکشاف: خالی جیبوں سے محلوں تک، دولت کی یہ چھلانگ کیسے لگی؟

نام لیے بغیر سوال اپنی جگہ کھڑا ہے: جن کے پاس کبھی ایک کنال زمین نہ تھی، وہ آج سینکڑوں ایکڑ کے مالک کیسے بن گئے؟

پشاور (اشتیاق خان سے) نام لیے بغیر سوال اپنی جگہ کھڑا ہے: جن کے پاس کبھی ایک کنال زمین نہ تھی، وہ آج سینکڑوں ایکڑ کے مالک کیسے بن گئے؟ نوکریوں کے لیے دربدر کی ٹھوکریں کھانے والے ڈی ایچ، بحریہ ٹاؤن اور پلازوں کے مالک کیسے بنے، موٹرسائیکل پر چلنے والے اچانک قیمتی گاڑیوں کے قافلے کے مالک کیسے ہوئے؟ اور یہ کیسا معجزہ ہے کہ بعض افراد نے صرف ایڈیشنل چارج اور ورلڈ بینک سے مختلف سکیموں پروجیکٹ میں کرپشن اور کمیشن جیسی عوام کے پیسے لوٹ لیا اور خیبر پختونخوا کے تمام سرکاری ڈیپارٹمنٹ جو باقدگیاں ہوئی ہے یہ سب ایک دن میں نہیں ہوا، مگر ہوا ضرور بی خاموشی سے، نظام کی آنکھوں کے سامنے۔سوال یہ نہیں کہ وہ امیر ہیں، سوال یہ ہے کہ یہ پیسہ آیا کہاں سے؟ کیا آمدن کے ذرائع دستاویزی ہیں؟ کیا ٹیکس ریکارڈ، اثاثہ جات کے گوشوارے اور مالی آڈٹس اس دولت کی کہانی سناتے ہیں یا پھر ہر فائل پر صرف خاموشی کی مہر ہے؟ عوام پوچھتے ہیں، اگر سب کچھ صاف ہے تو تحقیقات سے خوف کیوں؟ اور اگر نہیں، تو احتساب کب؟ کیونکہ جب خالی جیبیں محل بن جائیں اور جواب نہ ملے، تو سنسنی نہیں، شکوک جنم لیتے ہیں۔